# THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222425
UNIVERSAL
LIBRARY

١٧٥٣٨

٨٩١٤٤٣١٦
و - س
واقف سید امتیاز حسین
سرمایہ واقف ۱۳۲۰ء
17538

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY
Call No. ۸۹۱۵۴۳۱۶ و - س Accession No. ۱۷۵۳۸
Author واقف - سید امتیاز حسین 17538
Title سرمایہ واقف سنہ ۱۳۴۰ھ
This book should be returned on or before the date last marked below.

إن من الشعر لحكمة وإن من البيان لسحرا

درین زمان مسرت اقتران دیوان بحر عرفان مرغوب عاشقان محبوب صاحبدلان سرور بخش دل و جان جلوهٔ عارف معارف الموسوم به

# دیوان واقف

۱۳۴۸ھ

سنہ مبارکہ

از تصنیف لطیف نکته سنج رموز معرفت عالم علوم حکمت عالیجناب حکیم امتیاز حسین صاحب شمسی البدایونی العلائی المتخلص به واقف از ارشد تلامذهٔ مشاهیر استاد سخنور بعدیل حضرت فصاحت جنگ بهادر جلیل [illegible]

در مطبع [illegible] حیدرآباد دکن مطبوع شد

## تقریظ تاریخی طبع زاد عالی جناب مولانا مولوی شمس العلماء خان بهادر نواب عزیز جنگ بهادر المتخلص ولا

آن واقف اسرار سخن ناظم اشعار — کو صاحب دیوانست و سرمایهٔ افکار

افشا کند این نامهٔ او راز سخن را — واقف ز رموز دل آگاه خبردار

این نامه که نامی ست بسرمایهٔ واقف — سرمایهٔ هر هست که گنجینهٔ اسرار

گنجینهٔ علم و هنرش جدید و پایان — این نقد ز سرمایهٔ او هست خروار

هر کس که ز سرمایهٔ واقف شده واقف — دیدیم به نقد دل و جانست خریدار

دیوان نخستینش چو شکر لب خلق است — وین قند مکرر بحلاوت تکرار

این نقش دگر صنعت فکر و قلم اوست — موزون تر از اول بخشیده است قلمکار

تا دیده کسی این سخن آرائی واقف — ضرب المثل است که هر مرد بهر کار

نازاست بطباعی او اهل زبان را — هر مصرع نغزش چو مثل زینت گفتار

یک قطرهٔ آب قلم او به ندامت — صد قطره بریزد ز رخ ابر گهربار

دارد ز سخن سنجی او رنگ و شمیمی — گل در چمن و مرغ چمن نغمه سنقار

صد زمزمهٔ قصهٔ عشق گل و بلبل — سوسن بزبان دارد ازین نامهٔ گلزار

جمعند بدیوان عمیم سخن او
طبعش بصف آرائی مضمون بلاغت
زور قلمش بین که بخونریزی عاشق
از حسن طراز نگه ناز حسینان
رنگینی طبعش که بوصف رخ جانان
واقف که مسیحا و حکیم سخن است او
از رشتهٔ تار نگه و سوزن مژگان
از خامهٔ شنجرف رقم بر سر کاغذ
سوزد سخنش خرمن جان و دل عاشق
کلکش چو رقم زد صفت گیسوی مشکین
در دایرهٔ خط به نشاند قلم او
اعجاز کلامش که بآزادی فطرت
آنگونه بسبک رقمش بست خیالش
زآب سخنش در صفت سینهٔ دلبر
بنمود بعالم قلمش عمر روانی

دلباخته و دلبر و دلداده و دلدار
تیغی بسخن می کشد از ابروی خمدار
تیغی ز نیامی کشد از چشم نگهدار
هر صفحهٔ دیوان بود آئینهٔ انوار
گل شد عرض عکس چمن هر رخسار
تیمار مریضی کند از دیدهٔ بیمار
کلکش بزند بخیه بچاک دل افگار
نقشی کشد از خون دل و دیدهٔ خونبار
از حسن بیان صفت چشم شرربار
پیچد بخود از تاب سر زلف سیه مار
یک نقطهٔ خالی بصفت مرکز پرکار
از سیب زنخدان و هدان سرو روان یار
خجلت بدد از گوهر دندان در شهوار
آئینه بحیرانی خود پشت بدیوار
از قامت یار یکه نهد پای برفتار

واقف بمقالی که کشود است زبانش | جز واقف فن کس نشود محرم اسرار

واقف ز رموزی که به بستست زبان را | در محفل اغیار ندارم لب اظهار

آنکس که ندارد خبر از راه طریقت | بی رهبر کامل نشود واصل دلدار

جو بنده و بر راه سوی منزل مقصود | چون کس میل وان در طلب لازم دیدار

وحدت ز وجود آمد و کثرت ز شهودش | دیوان ورق های غزلش جامع اشعار

ترسم که حسینان ستمگار ز تقلید | بر دار کشندم که فاتا نالیا

گویند نیم واقف اسرار تصوف | این به که زبان در کشم از جرات گفتار

صد شکر که سرمایه واقف بحضورش | گر دید قبول نگه حیدر کرار

(سرمایه واقف) بسخن وقف جهانی | بر نوک زبان همگانست سخن دار


تقریظ ولا کاشف اسرار کلامش | تنقید سخن محک جوهر اشعار

Checked 1973

مطبوع جهانیست ز فکرم سنه طبع

سرمایه فکر کهن واقف اسرار

۱۳۰۴ھ



## تقریظ عالیجناب میرزا محمد اکرام علی صاحب منصف وظیفہ یاب حسن خدمت

حامداً و مصلیاً۔ امیدوارِ فضلِ باری میرزا محمد اکرام علی صفوی وظیفہ یاب عرض کرتا ہے کہ تصوف یا معرفت زمانِ حال میں زبان زدِ عام اور اپنی اپنی ڈفلی اپنے اپنے راگ کی مصداق ہے۔ لیکن امرِ مشکل یہ ہے کہ بحرِ تصوف میں شناوری اور میدانِ معرفت کی بادیہ پیمائی معنے دارد۔

جناب حکیم سید امتیاز حسین خانصاحب واقفؔ ابوالعلائی کا دیوان موسوم سرمایۂ واقف وادیٔ تصوف کا رہنما ہے۔ پیروانِ تصوف اور عاشقانِ معرفت کیلئے اُستاد کا مرتبہ رکھتا ہے۔ آپکا کلام درحقیقت نعت و تصوف کا مجموعہ ہے۔ اور بہت صاف جیسا کہ کالمسکِ اِذا فاح، کالصبح اِذا لاح، کالصبیح اِذا لحظ، کالفصیح اِذا لفظ، کالنور اِذا تبسم، کالغیث اِذا انسجم، کالبدر اِذا ابزغ، یہ دیوان ایک موتی ہے دجلہ کا۔ ایک عروس ہے حجلہ کی۔ ایک گوہر ہے درج کا۔ ایک اختر ہے برج کا۔ اسمیں مے کی کیفیت ہے۔ اور نَے کی صوت

مُنْھَمَر

## تقریظ تاریخی جناب مولوی سید باقر صاحب موسوی منصبدار کاشف۔ نبیرہ میر محمد حسین خاں صاحب مرحوم

سکون قلب بود منحصر بقول حکیم / چه پندها که نکرد است جمع در تنظیم
چه نظم همچو در شاهوار فیض رسان / چه فیض همچو فیوضات بندگان کریم
سخنوران همه سائل بوند و او مسئول / چرا که گوهر مضمون همی کند تقسیم
فصاحتش فصحا را مدرس دانا / بلاغتش بلغا را معلم است فهیم
فصاحتیکه فصاحت ز دل فدای کلام / بلاغتیکه بلاغت ز جان نثار کلیم
خوشا کلام که باشد درو نصائح و پند / زهی سخن که برون آید از زبان حکیم
حقیقت آنکه بحق انکشاف حق گردید / همان زمان که مضامین تازه اش خوندیم
ز عاشقانه حکیمانه نو مضامینش / برند غنچه سر بسته عاشقان قدیم
چه غنچه چون گل تر خنده زن صباح و پگاه / بران نظاره پر اضطرار باد نسیم
کلام ناصح و مشفق چو طرفه معجون است / عمل که مرهم جان است بهر قلب دو نیم
بجای نکته نهاد است نسخه بقراط / بشرط درک شفا بخش هر مریض و سقیم
پر از نصائح و پند است بسکه دیوانش / بود کلید سعادت برای عقل سلیم

چه قفلها که کشودند مهر خاموشی | چه نسخها که نبردند از این کلام ضخیم
برین ضخامت و حجمش کسی سخن نزند | که حجت است چو قول حکیم فعل حکیم
سخن درست بگویم ز کم سخن گفتن | غرض ز بیهوده گفتن نبود نه قول حکیم
نصیحتش کنمت گوش کن بهانه مگیر | بقول حافظ شیراز واجب التکریم
ولا ز مشرب کاشف مگر نه واقف | بیا بیا که ز سرمایه توشه برداریم
متاع نیک ز مغز سخن شود حاصل | نموده مرشد کامل بما چنان تفهیم
هزار و سیصد و چهل از زمانه هجرت | گذشته بود که ما سال طبع او گفتیم

مکن بهانه دگر گوش کن ز ما تاریخ
دوای درد دل عاشق است پند حکیم
١٣٤٠ھ

## قطعه

شاعران حال و ماضی از کلامش منفعل | از مضامینش مضامین سخن گویان خجل

با وجود بی‌نمی باقی هاتفم سالش بگفت
کاشف ز سلسله واقف وقوف آرد بدل
١٣٤٠م

# نذر عثمانی

## قصیدہ مدحیہ خداوند نعمت قدر قدرت رسایہ رحمت رب العزت سپہر حشمت و عظمت درۃ التاج سلطنت بہار ریاض مملکت ظل سبحانی اعلیحضرت حضور پرنور بندگانعالی متعالی نواب میر عثمان علیخان بہادر فتح جنگ نظام الدولہ نظام الملک آصفجاہ خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

سر پہ ہے احسان سلطان دکن — دل مرا قربان سلطان دکن

ماہ ہے یا مہر یا تنویر حق — چہرۂ تابان سلطان دکن

عرش کی رفعت نظر میں پست ہے — ہے بلند ایوان سلطان دکن

بادشاہی ہفت کشور کی ملے — ہو فزوں تر شان سلطان دکن

چتر بنکر ہے جہاں کے فرق پر — سایۂ دامان سلطان دکن

دشمنوں کے دلمیں چھپکر رہگیا — دم میں ہر پیکان سلطان دکن

زیر فرمان قضا مخذول ہے — جو ہے نافرمان سلطان دکن

نعمتوں سے ہے یہ گسترده مدام — عام دستر خوان سلطان دکن

اس طرف ساری خدائی ہوگئی — ہے جدھر میلان سلطان دکن

ہوں فسرده سارے بدخواہوں کے دل — خوش رہیں یاران سلطان دکن

کیوں نہو واقف سخن میرا عزیز
ہوں میں مدحت خوان سلطان دکن

الحمد علیٰ احسانه والصلوٰة والسلام علیٰ محمد و آله

درین ایام پر مسرت و آوان با برکت این نسخهٔ لطیف و تحفهٔ منیف مرغوب عاشقان و محبوب صاحبدلان
ساغر وحدت و آئینه جلوه کثرت اسرار عرفان الکاشف راحت بخش جان عارف

تألیف

# سرمایهٔ واقف

معروف به

# لمعات معرفت

۱۳۳۶ھ

از تصانیف

ناهج مناهج تحقیق عارف معارف ... بیان ... ناجا ... حکمت ...
عالیجناب ... مولوی حکیم محمد ... ابو العالی ...

در تاج پریس سرکار عالی طبع گردید سنه ۱۳۴۰ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دل آئینہ ہے جلوۂ حُسنِ قدیم کا
پیشِ نگاہ عکس ہے عرشِ عظیم کا

لازم ہے دو جہاں سے سبکدوش ہو فقیر
آساں نہیں ہے بار اُٹھانا گلیم کا

ہے دو کے درمیان میں ایماں کی روشنی
مومن کا دل مقام ہے اُمید و بیم کا

اُس گلبدن کی بو سے معطر دماغ ہے
آتا ہے اسطرف کوئی جھونکا نسیم کا

آہوں سے میری آگ نکلتی ہے اسقدر
لرزاں ہے جسکو دیکھ کے شعلہ جحیم کا

ٹھہرا ابائے سجدۂ آدم سے لعنتی
شیطان کو خطاب مِلا ہے رجیم کا

آنکھوں کی مردمک میں ضیا ہے بصیر کی
گویا مری زباں پہ سخن ہے کلیم کا

قطعه

احمد کے ساتھ اور احد کو لئے ہوئے
کیا مرتبہ بلند ہے حرفوں میں میم کا

انسان کنہِ ذات کو ہرگز نہ پا سکے
حادث پہ راز کھل نہیں سکتا قدیم کا

مطلق وہ بے صفت ہے اضافات سے بری
واں کیف کا گذر نہ اثر کاف میم کا

محتاج غیر ہم نہیں واقف ہزار شکر
دیتا ہے بے طلب یہ کرم ہے کریم کا

مری زباں سے ادا وصف ہو کہاں تیرا
خدائے پاک ہے قرآں میں مدح خواں تیرا

نبی سے پا گئے اے بے نشاں نشاں تیرا
کلام آنکی زبانی ہے بے زباں تیرا

تو لامکاں کا مکیں ہے یقین ہے مجھکو
بلند عرش سے پاتا ہوں آستاں تیرا

دہاں چھپے رہے اعیاں تمام پردے میں
ظہور ہو گیا خارج میں سب یہاں تیرا

کلی کی طرح دہن بستہ رہ گیا خاموش
کہے گا راز کی باتیں نہ راز داں تیرا

ہر اک جگہ تری تنویرِ ذات ہے موجود
کنشت و کعبہ نہیں ہے فقط مکاں تیرا

سمجھتے ہیں جو اسے اپنا کعبۂ مقصود
فرشتے چومتے ہیں سنگِ آستاں تیرا

رگوں میں جسم میں دل میں جگر میں آنکھوں میں
گذر ہوا ہے مری جاں کہاں کہاں تیرا

میں نقدِ جاں سرِ بازار لیکے پھرتا ہوں
کسے خبر کہ ہے سودا بہت گراں تیرا

ہر اک جگہ ہے عجب تیرے حسن کی شہرت
ہر اک جگہ ہے عجب عشق دلستاں تیرا

یہاں سے اُٹھکے بس اے جان اپنا رستہ لے
بلند و پست میں پاتا ہوں میں نشان تیرا
کہ جسم زار ہے اک عارضی مکان تیرا
زمیں تری ہو خدا یا کہ آسمان تیرا

دکن سے عزم مدینہ کیا ہے او واقفؔ
محمدؐ عربی ہے نگاہبان تیرا

کیا کام کیا عشق نے کیا شور مچایا
اللہ رے اے بحرِ حقیقت یہ ترا جوش
مشہود ہوئے علمِ الٰہی کے کرشمے
آغاز ہوئیں کُن کی صدائیں وہ سُریلی
نقشے تھے اُدھر عالمِ تمثال میں لاکھوں
مسجودِ ملائک ہوئے آدم تو کھلا بھید
ملتا ہے یہی ہمکو پتا اہل فنا سے
پردے ہیں جو معشوق تھا باہر نکل آیا
موجیں اُٹھیں کثرت سے تلاطم نظر آیا
مُجمل تھا جو پہلے اُسے تفصیل میں لایا
جو ذات کا جلوہ تھا وہ رو رو ہو نہیں سمایا
کثرت سے شہادت نے اِدھر رنگ جمایا
اس خاک کے پُتلے میں تماشہ نظر آیا
معشوق کو پایا تو نشاں اپنا نپایا

واقفؔ کا کیا کام مئے بیخبری نے
آتا ہے نظر کوئی نہ اپنا نہ پرایا

دِن سے تھا روشن تریں جلوا شبِ معراج کا
اِسکی شیدا قدر کی شب اسکی قرباں صُبحِ عید
چاند بڑھ کر مہر سے نکلا شبِ معراج کا
نورِ یزدانی بنا مُکھڑا شبِ معراج کا

کیا شبِ معراج تھا اللہ رے جوشِ طرب — کیا فرشتوں میں ہوا چرچا شبِ معراج کا

اسکے نورِ صبح سے روشن حسینوں کا جمال — زلف ہاے مہوشاں سایا شبِ معراج کا

آگ بھی ٹھنڈی ہوی بابِ جہنم بند تھے — باعثِ رحمت ہوا آنا شبِ معراج کا

کسکے آمد کی خوشی نے دلکو مضطر کردیا — حور و غلماں میں ہا چرچا شبِ معراج کا

آسمانوں کی ہوئیں پر نور قندیلیں تمام — جابجا پیدا اوجالا تھا شبِ معراج کا

اُمّ ہانی کے مکانمیں جلوہ آرا تھے حضور — جاگنے سے کم نتھا سونا شبِ معراج کا

حکم یہ جبریل کو پہونچا کہ ای روح الامیں — آج دلکش چاہیے جلسا شبِ معراج کا

لیکے جا خلدِ بریں سے وہ براقِ تیز رو — جسکے دلمیں عشق ہے پیدا شبِ معراج کا

ہے مجھے محبوب سے ملنے کا بیحد اشتیاق — آج ہر شب سے بڑہے رتبا شبِ معراج کا

وہ چلے جبریل وہ رہوار نکلا خلد سے — راستے میں ٹھاٹ سارا تھا شبِ معراج کا

در پہ جا پہونچے ادب سے عرض کی چلیے حضور — آپ ہی کے دم سے ہے رتبا شبِ معراج کا

ساتھ تھے روح الامیں لیکر فرشتے بیشمار — آسماں پر وہ چلا پیارا شبِ معراج کا

آگے آگے انبیا تھے پیچھے پیچھے اولیا — آکے پہونچا عرش پر دولھا شبِ معراج کا

منتہی سے بڑہ سکے آگے نہ ہرگز جبرئیل — ہو گیا رفرف سے طے رستا شبِ معراج کا

میم تھا معراج کا احمد میں کیا بنکر حجاب — کیا احد سے اُٹھ گیا پردا شبِ معراج کا

اپنا جلوہ آپ دیکھا اپنا خواہاں آپ تھا
بیچ میں رکھا تھا آئینا شب معراج کا

امّت احمد کو ہے معراج ما بین نماز
پنج وقتہ لطف ہے گویا شب معراج کا

یا خدا واقف کو ہو جائے حیات دل نصیب
لطف بیداری ملے صدقا شب معراج کا

وا چار طرف دیدۂ حیراں نظر آیا
یہ کون مجھے صورت انسان نظر آیا

ہر اسم کے مظہر کا تماشا ہے نظر میں
کافر نظر آیا کہ مسلماں نظر آیا

ظاہر بھی وہی ایک ہے مظہر بھی وہی ایک
کیا نور قدم صورت اعیاں نظر آیا

خود نوح و براہیم ہے خود آدم و ادریس
خود یوسف و داؤد و سلیماں نظر آیا

خود شکل میں لیلی کے ہوا دلبر مجنوں
خود دشت میں مجنوں سا پریشاں نظر آیا

خود رہے نگراں آئینہ عالم کو بنا کر
خود اپنے ہی دیدار کا خواہاں نظر آیا

وا چشم بصیرت ہوئی زہد و عمل سے
زاہد کو کہاں جلوۂ جاناں نظر آیا

ہے دل میں نہاں الفت چاہ ذقن دوست
پہلو میں مجھے چشمۂ حیواں نظر آیا

افسانۂ غم تھا مرے قرطاس عمل میں
محشر میں گراں پلۂ میزاں نظر آیا

اب ہوش و خرد دے یہ کہو راہ لیں اپنی
وہ جام لئے ساقی مستاں نظر آیا

اے حضرت عشق آپکی کیا جلوہ گری ہے
دل میرا جلو خانۂ سلطاں نظر آیا

رحمت نے اُسے کھینچ لیا حشر میں نزدیک
جو اپنے گناہوں سے پشیماں نظر آیا

رُخ سوئے نجف وردِ زباں نامِ علیؑ ہے
واقفؔ بھی غلامِ شہِ مرداں نظر آیا

آزاد کو کب رنج ہے دنیائے دنی کا
پروا مجھے کس بات کی بندہ ہوں غنی کا
دل لوٹ گیا کر کے خیالِ نگہِ یار
گھائل رہے ہم کہتے ہیں برچھی کی انی کا
باطن میں مرے رنگ محبت کا بھرا ہے
ظاہر ہیں کہاں شوق ہے رنگیں کفنی کا
وارفتہ گیسوئے رسولِ عربی ہوں
سایہ مرے سر پہ ہے اویس قرنی کا
مکّے کبھی پہنچوں تو کبھی سوئے مدینہ
دیکھوں کہیں جلوہ شہِ مکّی مدنی کا
لعلِ لبِ جانبخش کو ہم دیکھ چکے ہیں
آتا بھی نہیں دھیان عقیقِ یمنی کا
لکھوں میں وہاں بیٹھ کے وصفِ قدِ موزوں
سایہ کہیں ہاتھ آئے جو سروِ چمنی کا
نالاں ہے جو نے اپنے نیستاں سے نکلکر
افسانہ سناتی ہے غریب الوطنی کا

واقفؔ کو بلا لیجئے یا خواجۂ عالم
بیچین بہت دل ہے غلامِ دکنی کا

ظہورِ شہِ کن فکاں ہو گیا
جو تھا بے نشاں بانشاں ہو گیا
اُس ابرو کو طاقِ حرم جانکر
جُھکا اسقدر میں کماں ہو گیا

گذر غیر کا اس میں دیکھا نہیں
مرا دل تمھارا مکاں ہوگیا

اُسے دیکھ دل کھیلئے جان پر
محبّت کا سوداگراں ہوگیا

جنوں میں ہوا چاک دامن ادھر
گریباں اُدھر دھجّیاں ہوگیا

مری حسرتوں کا کیا اُسنے خوں
ترا عشق چنگیز خاں ہوگیا

یقیں کے رکھا راستے پر قدم
گماں سے جو میں بدگماں ہوگیا

وہ بت مجھسے تنہا ملا جسگھڑی
میں سمجھا خدا مہرباں ہوگیا

حضور ایک تم مختلف صورتیں
جہاں آئینے کا مکاں ہوگیا

لگی موسمِ گل میں مَے کی سبیل
ترا فیض پیرِ مغاں ہوگیا

سرِ بزم آخر کھُلا رازِ دل
جو آنکھوں سے آنسو رواں ہوگیا

نہ حرفِ تمنا کہا مُنہ سے ہائے
میں آگے ترے بیزباں ہوگیا

عجب ہیں ترے عشق کے ولولے
کہ پیری میں واقف جواں ہوگیا

رہا جو نوکِ مژہ سے مقابلہ دل کا
بہے گا پھوٹ کے اک روز آبلہ دل کا

شکیب و صبر و تواں اب نظر نہیں آتے
کہ لٹ گیا ہے محبت میں قافلہ دل کا

یہ جامِ جم ہے کہ سارا جہاں ہے پیشِ نظر
کرے گا آئینہ کیونکر مقابلہ دل کا

بجائے اشک ٹپکتی ہے مے دمِ گریہ
بنا ہے دانۂ انگور آبلہ دل کا

نہ رات بھر کبھی آغوشِ آرزو میں رہے
یہی حضور رہا آپ سے گلہ دل کا

رواں سرشک ہیں پیہم جو ہجرِ جاناں میں
بہے گا پھوٹ کے آنکھوں سے آبلہ دل کا

خدا رکھے مجھے غالب عدوئے سرکش پر
مدام نفس سے ٹھہرا مجادلہ دل کا

مراقبہ میں کبھی عرش کو نہ دیکھ سکے
ہزاروں کوس ہے آنکھوں سے فاصلہ دل کا

اُٹھائے واقفِ مسکیں نے سیکڑوں صدمے
مقامِ عشق میں اللہ رے حوصلہ دل کا

کُن کہا جو کچھ تھا ایجاد اُس نے کردیا
نیستی کے ملک کو آباد اُس نے کردیا

زندہ ٹھوکر سے کیا انداز سے مارا مجھے
شاد اُس نے کردیا ناشاد اُس نے کردیا

چل گئی تیغِ کرشمہ ہائے کس انداز سے
اک جہاں کو کشتۂ بیداد اُس نے کردیا

اپنی آنکھوں کی صفت دیکھی جو اُس نے نظم میں
میرے ہر ہر شعر پر اک صاد اُس نے کردیا

عشقِ شیریں نے کیا فرہاد کا رتبہ بلند
دیکے تیشہ ہاتھ میں اُستاد اُس نے کردیا

لامکاں تک لے گئی گم گشتگی اک آن میں
ہر تعلق سے مجھے آزاد اُس نے کردیا

عشق نے باقی نہ رکھا طاقت و تاب و شکیب
دل کی بستی کو مری برباد اُس نے کردیا

میں کروں واقف زباں سے کیا بیانِ لطفِ دوست
جب مجھے ناشاد دیکھا شاد اُس نے کردیا

صبحدم سامنے جب مہرِ درخشاں آیا
یک بیک دلکو خیالِ رُخِ جاناں آیا

فصلِ گل آتے ہی کیا کام کیا وحشت نے
ہاتھ میرے نہ کوئی تارِ گریباں آیا

جانبِ دیر و حرم کافر و مومن پہونچے
میں تڑپ کر طرفِ کوچۂ جاناں آیا

اپنے نزدیک وہیں کھینچ لیا رحمت نے
میں گنہ سے جو سرِ حشر پشیماں آیا

کور دنیا میں جو تھا کور رہا محشر میں
دیکھنے والا ترے سامنے خنداں آیا

عکس اُس شوخ کا پیدا ہے ہر آئینے میں
ذرّے ذرّے میں نظر مہرِ درخشاں آیا

ایک دریا ہے کہ پیدا کئے صد موج و حباب
کبھی گرداب کبھی صورتِ طوفاں آیا

جا بجا اُسکو چمکتا ہوا دیکھا ہم نے
ابر میں برق صدف میں دُرِ غلطاں آیا

رنگ گلزار میں تو پھول میں بھی صورتِ بو
روپ بدلا کبھی پیدا کبھی پنہاں آیا

حرم و دیر جو ہے تیرا ہی دم بھرتا ہے
اے پری تجھپہ دلِ گبر و مسلماں آیا

دل جو گھبرایا تو رضواں سے پتہ پوچھ لیا
خلد میں یاد مجھے کوچۂ جاناں آیا

جوششِ وحشت میں دکن سے میں چلا سوئے عرب
پھر مرے سامنے طیبہ کا بیاباں آیا

غیریت کا جو اُٹھایا مری آنکھوں نے حجاب
ہر طرف مجھکو نظر تو ہی مری جاں آیا

خلق آدم کہتے ہیں سے علے صورتہ
کون دنیا میں بھلا صورتِ انساں آیا

دل کی جانب نگہِ شوق رہی آٹھ پہر
ترے در پر ترے دیدار کا خواہاں آیا

خلعتِ سبع صفات اُسنے دیا اسے واقف
ساتھ میرے نہ کوئی ساز نہ ساماں آیا

خیالِ زلف بصد پیچ و تاب لیکے چلا
اُدہر چلا میں جدہر اضطراب لیکے چلا

کبھی تو وجد کرے خانقاہ میں صوفی
میں اپنے حال میں چنگ و رباب لیکے چلا

سُنا جو میں نے کہ دیکھیں گے وہ رسالۂ عشق
بغل میں داب کے دل کی کتاب لیکے چلا

حباب کی کوئی تہمت ملی ہے دریا کو
کہاں کسیکا تعین حباب لیکے چلا

جھلک تری نظر آتی ہے ذرّہ ذرّہ میں
فلک پہ نور ترا آفتاب لیکے چلا

جُدا ہوں بزمِ حسیناں سے عہدِ پیری میں
نہ دو قدم مجھے رنجِ شباب لیکے چلا

میانِ حشر تو رحمت ہے بے حساب اُسکی
کدہر میں چھوٹی سی فردِ حساب لیکے چلا

ہوا جو دشت میں تشنہ کسی کا دیوانہ
ہوا کے دوش پہ پانی سحاب لیکے چلا

جدہر ہے گم شدگی رہنما کوچۂ دوست
اُدہر مجھے دلِ خانہ خراب لیکے چلا

فشارِ قبر کا کھٹکا نہیں ہے واقفؔ کو
خیالِ دبدبۂ بو تراب لے کے چلا

دل مرا مائلِ شراب ہوا
بس سرِ جادۂ صواب ہوا

حُسن بے پردہ آفتاب ہوا
دید کو باعثِ حجاب ہوا

دُردِ پیمانہ شراب ہوا
نشہ میں یارب بے حجاب ہوا

دِن کو گھر سے پیدا ہو گئے شہ دیں
فرق پر سایۂ سحاب ہوا

تابِ دیدارِ یار کیونکر ہو
جب سُنا نامِ اضطراب ہوا

بن گیا مظہرِ تجلّیٔ ذات
ذرّۂ خاک آفتاب ہوا

چوم لیتا ہوں مصحفِ رُخِ یار
یہ بھی اللہ کی کتاب ہوا

ہے یہ موئے سفید سے ظاہر
ختم اب موسمِ شباب ہوا

شرم سے ابر میں چھپا خورشید
وہ جو کوٹھے پہ بے نقاب ہوا

ہیں یہ دونوں مگر تعیّنِ بحر
یا ہوی موج یا حباب ہوا

بن گئے سنبلِ چمن گیسو
روئے رنگیں ترا گلاب ہوا

چن لیا تجھکو سو حسینوں میں
سب ستارے تو ماہتاب ہوا

خادمِ شمسِ دیں ہوے اوقف
بوالعلائی مرا خطاب ہوا

محبّت کا پیدا اثر ہو گیا
دلِ قیس لیلیٰ کا گھر ہو گیا

دلِ سنگ میں وہ شرر ہو گیا
صدف میں جب آیا گُہر ہو گیا

ہوا یوں ظہورِ جلال و جمال
وہ سورج بنا یہ قمر ہو گیا

بدلتا ہے ہر دانہ خرمن کا روپ
گل و برگ و شاخ و شجر ہو گیا

عزیزیکہ از درگہش سر بتافت
رد بے آبرو و در بدر ہو گیا

ملا کید ابلیس سے مجھکو امن
وظیفہ مرا یا عشر ہو گیا

جوانی شد و عہد پیری رسید
کدھر کا زمانہ کدھر ہو گیا

جلاتی رولاتی رقیبوں کو ہے
مزاج آہ کا گرم و تر ہو گیا

وہ صندل لگانے لگے ہاتھ سے
مبارک مجھے درد سر ہو گیا

چڑھایا سر دار منصور کو
ترا عشق خود پردہ در ہو گیا

عجب انکشاف راز کا حال ہے
خبر جب ملی بیخبر ہو گیا

کاشف راز نہاں پیدا ہوا
زینت کون و مکاں پیدا ہوا

بادشاہ کن فکاں پیدا ہوا
رونق ہر دو جہاں پیدا ہوا

ہے اسی اول کا آخر میں ظہور
بے نشاں تھا خود نشاں پیدا ہوا

فرش سے تا عرش ہے اسکی ضیا
رشک مہر آسماں پیدا ہوا

کھل گئے سب کنت کنزاً کے رموز
ذات حق کا راز داں پیدا ہوا

تاج فرق انبیا و اولیا
بادشاہ انس و جاں پیدا ہوا

اُن کو مژدہ ہو جو دل افگار ہیں
مرہمِ زخمِ نہاں پیدا ہوا

احمدِ عالی نسب والا حسب
مقصدِ کون و مکاں پیدا ہوا

ذرّے ذرّے میں ہے واقفؔ روشنی
آفتابِ دو جہاں پیدا ہوا

ہم بھی ہیں خاکِ پائے غلامانِ بوالعُلا
رہتے ہیں زیرِ سایۂ ایوانِ بوالعُلا

جن پر پڑی نگاہ وہ سب ولیا ہوئے
کیا ضو فگن ہے نیرِ احسانِ بوالعُلا

ہر دم کے ساتھ شاہدِ مقصد ہیں قریں سے
اربابِ وجد و حال ہیں یارانِ بوالعُلا

انساں ہوا جہاں میں تخلص حضور کا
دلکش ہے نظمِ طبعِ خدادانِ بوالعُلا

عُرسِ شریف ماہِ صفر کی نویں کو ہے
ہیں جمع بارگاہ میں مہمانِ بوالعُلا

ہے میری جان و دل میں جھلک انکی فیض کی
ہوتا ہوں جان و دل سے میں قربانِ بوالعُلا

یارب مری لحد میں ضیا ہر طرف رہے
دیکھوں میں جلوۂ رخِ تابانِ بوالعُلا

واقفؔ مدام مست بناتی ہے اسکی بو
ہے شمس دین مرا گلِ بستانِ بوالعُلا

ہر اہلِ دل کو ہے ارمان خوشامد کا
اونچا نظر آتا ہے ایوان خوشامد کا

ہے گرم زمانے میں دکان خوشامد کی
ہر وقت مہیا ہو سامان خوشامد کا

ہے اہلِ خوشامد کی آواز عجب دلکش
خوش آتا ہے کانوں کو الحان خوشامد کا

دل لینے کی باتیں ہیں ان باتوں میں گھاتیں ہیں
ہاتوں سے کھلاتے ہو کیوں پان خوشامد کا

اک بات کے سنتے ہی کرتا ہوں میں دو باتیں
کب سر پہ اٹھاتا ہوں احسان خوشامد کا

جب نظم سنی میری پہچان کے وہ بولے
برسائیگا کیا موتی نیسان خوشامد کا

مطلب ترا نکلے گا کر بات خوشامد کی
نافذ ہے زمانے میں فرمان خوشامد کا

تعریف خوشامد کی ہوتی ہے پسندیدہ
گویا کوئی پتلا ہے انسان خوشامد کا

مطلب جو خدا سے ہے غیروں سے غرض کیسی
کیوں لفظ زباں پر ہے ہر آن خوشامد کا

واقف سے صفت اپنی وہ سنکے یہ کہتے ہیں
شاعر کو بھی ہوتا ہے ہذیان خوشامد کا

دل دینے میں سودا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا
مجھکو بڑا دھوکا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

جو کچھ کیا اچھا کیا تمکو میں کہہ سکتا نہیں
یہ کیا ہوا وہ کیا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

تم ہم سے ملتے تھے صنم ملنے کی کیوں کھالی قسم
کیوں بیچ میں پردا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

بے چین ہوں صبح و مسا ملتی نہیں اسکی دوا
دردِ نہاں پیدا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

پوچھا نہ آکر خواب میں کیوں ٹھگ گئے ہے گرد میں
کیا حال دل تیرا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

تھا بزم میں ذکرِ صنم کی ہمنے اپنی چشم نم
جو راز تھا افشا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

جاتا رہا صبر و سکوں واقف بتا کیا کروں
وہ شوخ بے پروا ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

لب کو جاں بخشی ملی اور چشم کو افسوں ملا
طرفہ اسپہر ہے کہ تجھکو حسن روز افزوں ملا

ایک جا دیکھا نہ ہم نے عاشق و معشوق کو
شہر میں لیلیٰ ملی اور دشت میں مجنوں ملا

بارگاہِ عشق میں کچھ عقل کی چلتی نہیں
تیری حکمت کیا ہوئی کیا تجھکو افلاطوں ملا

مُکتی میں دل ترے رخ کے سیہ خالوں میں ہے
ساقیا اب بادۂ گلرنگ میں افیوں ملا

ہمکو پھر آوارگی حاصل ہوئی مجنوں کے ساتھ
پھر ہوا جوشِ جنوں پھر عرصۂ ہاموں ملا

یاد آیا روئے رنگیں سے گلستاں کا سبق
جب نظر اس رو پہ ڈالی مصرعِ موزوں ملا

کرلیا وصفِ دہن میں ہم نے عنقا کا شکار
گم ہوئے فکرِ کمر میں غیب کا مضموں ملا

ہائے کیا بخل طبیعت نے کیا غارت تجھے
بار سر سب خزانوں کا تجھے قاروں ملا

محرمِ اسرار ہونا چاہئے واقف ہی
کس طرح سے چوں میں تو جلوۂ بیچوں ملا

نہ ثابت دامنِ صبر و سکوں تھا
خیالِ زلف میں بند جنوں تھا

کیا مفتوں جہاں کو اک نظر نے
یہ کیسی موہنی تھی کیا فسوں تھا

میرا تک مست اپنے حال میں ہوں
عجب مطرب کا شورِ ارغنوں تھا

علاج اُس کے مقدر کا نہیں ہے
حباب اکدم جو نکلا واژگوں تھا

تلف کی جانِ شیریں کوہکن نے
عجب گردش میں چرخِ بے ستوں تھا

جلا ڈالا ہے مجھکو سر سے پا تک
الٰہی کیا بلا سوزِ دروں تھا

بنا سجدے کی آیتہ طاقِ ابرو
نظر سے جس نے دیکھا سرنگوں تھا

یہ بڑائی انا اللہ کی تھی کیسی
ہوا معلوم واقف کو جنوں تھا

## ردیف ب

مرحبا نورِ خدا ہو یا حبیب
خواجۂ ہر دو سرا ہو یا حبیب

تاجِ فرقِ انبیا ہو یا حبیب
نورِ قلبِ اولیا ہو یا حبیب

شافعِ روزِ جزا ہو یا حبیب
رحمتِ ربّ العُلا ہو یا حبیب

عاشقوں کے مدعا ہو یا حبیب
دردِ پنہاں کی دوا ہو یا حبیب

اوّل و آخر تمہاری ذات ہے
ابتدا و انتہا ہو یا حبیب

ہے مجلّا تم سے دل کا آئینہ
قبلۂ اہلِ صفا ہو یا حبیب

رونق بازار کثرت ہو تمھیں
شمع وحدت کی ضیا ہو یا حبیب

دید حق گویا تمھاری دید ہے
میں کہوں کیا تمکو کیا ہو یا حبیب

ملگئی تم سے ہدایت کی دلیل
تم ہمارے پیشوا ہو یا حبیب

آپکی توصیف ہے قرآن میں
وصف کیا ہم سے ادا ہو یا حبیب

بھیجتا ہے کبریا تم پر درود
تم خدا کے دلربا ہو یا حبیب

مظہر جود و سخا ہو یا حبیب
مصدر لطف و عطا ہو یا حبیب

جرم واقف بخشوانا حشر میں
تم محمد مصطفےٰ ہو یا حبیب

قطعہ

آتے نہیں ہیں انمیں مروت کہاں ہے اب
دل ناتواں ہے صبر کی طاقت کہاں ہے اب

دیکھا جو تمکو پھر نہ کسی پر نگاہ کی
آجائے حور پر وہ طبیعت کہاں ہے اب

شکل اپنی دیکھ لو مرا دل رکھکے سامنے
شفاف آئینہ ہے کدورت کہاں ہے اب

دل جل گئے آپ سے ہنسنے لگے ہیں غیب سے
ہمسے الگ تھلگ ہیں وہ صحبت کہاں ہے اب

شکوہ کروں میں تم سے کہ تقدیر سے گلہ
پہلے جو تھی وہ چشم عنایت کہاں ہے اب

پیری میں دل کو رہتی ہے کیوں حسرت شباب
ہو جائے دستیاب وہ دولت کہاں ہے اب

جھکرہے سر میں ہاتھ میں رعشہ بدن نحیف
اللہ رے ضعف چلنے کی طاقت کہاں ہے اب

واقف حکیم امرِ مرضِ عشق میں اسیر
پوچھے کوئی کہ آپکی حکمت کہاں ہے اب

نہیں کوئی میرے صنم کا جواب
گلی اُسکی باغِ ارم کا جواب

عجب کیفیت اسمیں ہے ساقیا
دلِ مست ہے جامِ جسم کا جواب

کوئی سنبلِ گلستاں گھانس ہے
نہیں زلفِ پرپیچ و خم کا جواب

مرے دل کا ہر داغ اے منعمو
نکلتا ہے دام و درم کا جواب

ادیمِ زمیں سفرۂ عامِ اوست
نہیں اُسکے خوانِ کرم کا جواب

جو دیکھے گا زاہد جھکائے گا سر
کہ ابرو ہے طاقِ حرم کا جواب

تمھارا دہن ہے چمن کی کلی
تمھاری کمر ہے عدم کا جواب

جو واقف ہیں کہتے ہیں عیسٰی تن یہ
مرا دل ہوا ہے حرم کا جواب

# ردیف پ

خدائی میں ہیں محبوبِ خدا آپ
نبی سب مقتدی ہیں مقتدا آپ

ہماری ابتدا آپ انتہا آپ
ادھر بھی دیکھ لیں یا مصطفیٰ آپ

دو عالم آپ ہی کے نور سے ہے
خدا کے نور سے ہیں مصطفیٰ آپ

تجلی ثم وجہ اللہ کی ہے
نظر آنے لگے ہیں جا بجا آپ

خود اپنا دیکھتے ہیں جلوۂ حسن
رہے پردے کے باہر خود نما آپ

کلامِ حضرتِ منصور حق ہے
سناتے ہیں انا بعدِ فنا آپ

وہاں بے پردہ ہیر سامنے تھے
یہاں ہیں صورتِ نا آشنا آپ

تعین میں تجلی ہے خدا کی
ہوا قطرہ مگر دریا بنا آپ

خود اپنا عکسِ رخ دیکھینگے زاہد
جو کر لیں آئینہ دل کا صفا آپ

ہوا جینگا نہ بیمارِ محبت
مسیحا کس مرض کی ہیں دوا آپ

کریں کچھ میکدہ کی سیر واقفؔ
ادھر مسجد سے جا نکلیں ذرا آپ

یہ فغاں کیسی دلِ بیمار چپ
کر نہ رازِ عشق کا اظہار چپ

یہ تڑپنا لوٹنا اچھا نہیں
کیوں یہ نالے ہیں پسِ دیوار چپ

چھیڑتا ہوں بات جب دم وصل کی
مجھسے کہتا ہے بتِ عیار چپ

جو کیا اس نے بہت اچھا کیا
ہیں عبث نالے دلِ ناچار چپ

میری باتوں کا نہیں دیتا جواب — یہ کہاں کی لگ گئی ہے یار چپ
وہ کبھی اچھا برا کہتے نہیں — رہتے ہیں سنکر مرے اشعار چپ
کیا کروں میں آپکی چپ کا علاج — میرے عرضِ حال پر سو بار چپ

شرحِ رازِ عشق کا موقع نہیں
چپ ہو تو اے واقفِ اسرار چپ

# ردیف ت

وہ چلے عرش پہ محبوبِ خدا آجکی رات — وہ ہوا غلغلۂ صلِّ علیٰ آجکی رات
تاج اللہ سے حضرت کو شفاعت کا ملا — رنگ بخشایشِ اُمت کا جما آجکی رات
آئے تھے عالمِ کثرت میں جو وحدت سے حضور — پھر اُسی گھر کی طرف قصد کیا آجکی رات
وہ براق اُسپہ دلاویز بہشتی زیور — دلربا یا نہ وہ انداز جدا آجکی رات
ساتھ جبریل کے حاضر درِ دولت پہ ہوا — کیا شرف اُسکو سواری کا ملا آجکی رات
رہ گئے سدرہ میں جبریلِ امیں بڑھ نہ سکے — کام رفرف سے سواری کا لیا آجکی رات
اور آگے جو بڑھے چھوٹ گیا رفرف بھی — پہنچے تنہا وہ سرِ بزمِ دنیٰ آجکی رات

غیریت دور ہوئی چھٹ گیا یکتائی کا زنگ — آپ ہی آپ تھے باذاتِ خدا آج کی رات
تھے یہاں اور وہاں آپ ہی اللہ اللہ — کھل گیا آپ پہ جو راز کہ تھا آج کی رات
ہفت افلاک کو طے کرکے سرِ عرش گئے — ہو گیا آپ کو دیدارِ خدا آج کی رات

بختِ خفتہ مرا جاگے تو مزا ہے واقف
خواب میں آئینگے محبوبِ خدا آج کی رات

ملی نہ حور کی صورت سے یار کی صورت — کہ ہے تجلی پروردگار کی صورت
خراب ہوگی نہ میکش کی خاک بعدِ فنا — بنے گی جامِ مئے خوشگوار کی صورت
سیاہ کاروں کو رحمت نے آکے گھیر لیا — سروں پہ چھا گئی ابرِ بہار کی صورت
گمان کیوں نہ ہو اژدر کا انکی چوٹی پر — سیاہ زلف ہے پیچیدہ مار کی صورت
نہ منہ دکھائیگی اگر مجھے کوئی شکل — نظر میں ہے شہِ دلدل سوار کی صورت
نہ اڑ کے دامنِ معشوق تک کبھی پہونچے — اگرچہ مٹ کے ہوئے ہم غبار کی صورت
رکھا محبتِ مژگاں نے بیقرار مجھے — کھٹک رہی ہے کلیجہ میں خار کی صورت
دلِ حزیں کو شگفتہ کرینگے گھر آکر — وہ آرہے ہیں نسیمِ بہار کی صورت
چلے ہیں جھوم کے میخانہ کی طرف میخوار — فلک پہ دیکھ کے ابرِ بہار کی صورت
سوارِ دوشِ ہوا پر سیاہ بادل ہے — بلند چرخ پہ ہے کوہسار کی صورت

فراق ہی میں ہوا آخرش وصال اپنا | نہ کوئی وصل کی سوجھی ہزار کی صورت

سنا گیا ہے بڑے بادہ کش ہیں واقف بھی
نظر تو آتے ہیں پرہیزگار کی صورت

تری دلربا ہیں ادائیں بہت | اداؤں میں پنہاں جفائیں بہت
بغل میں تجھے کھینچ کر لائینگے | نکلتی ہیں دل سے دعائیں بہت
الٰہی یہ دنیا یہ رنج و ملال | مرا ایک دل اور بلائیں بہت
خدایا ادھر چشمِ رحمت سے دیکھ | ڈراتی ہیں میری خطائیں بہت
دکھایا جو تم نے رخِ بے نقاب | نگاہوں نے لیلیں بلائیں بہت
جلا سوزِ غم سے جگر اور دل | لگی آگ یہ دہنے بائیں بہت

نہ پوچھا کبھی اُس نے واقف کا حال
درِ دلبر پہ دی ہیں صدائیں بہت

## ردیف ٹ

وہاں چاہتا ہے جو آرام جھٹ پٹ | تو کر نیکیوں کا یہاں کام جھٹ پٹ

خجل تم کرو چاند کو منہ دکھا کر
نکل آؤ شب کو لبِ بام جھٹ پٹ

اگر مجھکو اُنکا رسنے آکے گھیرا
پیا بادۂ ناب کا جام جھٹ پٹ

اُسے نامہ قاصد تو چپکے سے دینا
نہ لانا زباں پر مرا نام جھٹ پٹ

میں دو وقت جی بھر کے مے پی رہا ہوں
دمِ صبح جھٹ پٹ سرِ شام جھٹ پٹ

کرو گے اگر سیرِ میخانہ زاہد
نکالو گے خود جیب سے دام جھٹ پٹ

طواف اُسکے کوچہ کا کرنا ہے واقف
چلو باندھ لو اپنا احرام جھٹ پٹ

# ردیفِ ث

ہے غمِ زلفِ دوتا کیا باعث
نہ ٹلی سر سے بلا کیا باعث

غیر نے تم کو پڑھایا تو نہیں
مہرباں خط نہ لکھا کیا باعث

اُسنے محفل سے مجھے دور کیا
غیر نزدیک رہا کیا باعث

ہے فقط میرا ستانا منظور
اُنکی یہ طرزِ جفا کیا باعث

دردِ دل دیکھکے عیسیٰ چپ ہیں
کچھ نہ کی میری دوا کیا باعث

حرم و دیر کو ہم جا کے تھکے
اُن کو اغیار میں خوش پاتے ہیں

نہ ملا اُس کا پتا کیا باعث
ہم سے رہتے ہیں خفا کیا باعث

پوچھا واقف سے جو اسرار ترے
چپ رہا کچھ نہ کہا کیا باعث

# ردیف ج

آئینۂ وحدت تھا مجلا شب معراج
خود اُس نے کیا اپنا نظارا شب معراج

طالب وہی مطلوب ہی ذکرِ دوئی کیا
یاں اور وہاں خود وہی کو پایا شب معراج

وہ شخص تو یہ عکس تھا یہ شخص تو وہ عکس
آئینہ رہی بنکے تمنا شب معراج

اِک نور تھا پردے کے اِدھر تھا کہ اُدھر تھا
یکساں نظر آتا تھا اُجالا شب معراج

خود قطرہ تھا خود موج تھا خود ورطہ طوفاں
خود جوش میں تھا صورت دریا شب معراج

خود اول و آخر تھا کہ خود ظاہر و باطن
خود آپ تھا اپنے میں ہویدا شب معراج

حائل فقط اِک میم تھا احمد میں احد میں
وہ بھی نہ ہوا بیچ میں پردا شب معراج

پردا جو اُٹھا آپ نے دیکھا تو یہ دیکھا
پیشِ نظر اپنا ہی تھا جلوا شب معراج

اللہ نما تھا رخِ پرنورِ محمد
تھا بخشش امت کا تقاضا شبِ معراج

تھے اہلِ فلک محو تماشا شبِ معراج
حق نے دیا جو آپ نے مانگا شبِ معراج

واقف غمِ احمد میں جو سوتے نہیں تا صبح
ہے عمر کی ہر شب انہیں گویا شبِ معراج

مہرباں تم نے نہ پوچھا ایکدن میرا مزاج
مضطرب ہے کسلئے تیرا ہے اب کیسا مزاج

عشق کے بیمار کی تشخیص بھی تم نے نہ کی
کچھ تو میری نبض سے پہچان لینا تھا مزاج

خاک و باد و آب و آتش سب اکھٹا ہو گئے
ایک سے اک ضد میں تھا پہلے تو چارونکا مزاج

کیا غرورِ حسن ہے اک بات بھی کرتے نہیں
نوجوانی میں کہیں ملتا نہیں انکا مزاج

ناقہ محمل نظر آتا ہے صحرا کی طرف
پوچھنے نکلی ہے لیلی اپنے مجنونکا مزاج

گل رخوں کی انجمن سے ہے طبیعت کو گریز
عہدِ پیری میں نہ ہاتھ آیا جوانی کا مزاج

چار خلطوں میں کمی بیشی اگر پیدا ہوئی
پھر کہاں صحت رہی انسان کا بگڑا مزاج

کس طرح انکی رقیبوں پر طبیعت آگئی
دیکھ لینا اب سنبھلنے کا نہیں میرا مزاج

حالِ دل کہتے ہیں اے واقف بڑی حکمت سے ہم
دیکھ لیتے ہیں کہیں بدلے نہ اس بت کا مزاج

# ردیف ح

تھی جو محو جلوۂ انوار روح
آ گئی قالب میں بے تکرار روح

اب مری آنکھوں میں آتی ہے نظر
ہے کسی کی طالبِ دیدار روح

دلربا یا نہ تھی آوازِ الست
کیا بلی کا کر گئی اقرار روح

دل کے آئینہ میں اسکا عکس ہے
ملک تن کی ہو گئی مختار روح

جسم کو ہر جا لئے پھرتی ہے یہ
ہے ہمیشہ کے لئے بیگار روح

اسکی ہمت پر ملائک دنگ ہیں
سب میں نکلی کیا امانت دار روح

قلب سے کچھ اور ہی نقشہ کھنچا
حور کی صورت بنی اکبار روح

روحِ انسانی کے زیرِ حکم ہے
زیست کا باعث ہے بے تکرار روح

امرِ ربی کا ملا اسکو خطاب
ہو گئی کیا واقفِ اسرار روح

# ردیف خ

جلوۂ شام و سحر وہ زلف و رخ
رات دن پیشِ نظر وہ زلف و رخ

گہ حلب گہ شام کی کرتا ہوں سیر
لیکے جاتے ہیں کدھر وہ زلف و رخ

اک خزانہ ہے خزانہ پر ہے سانپ
ہے گل و سنبل کا نظارہ مدام
روشنی کیساتھ تاریکی بھی ہے
کافر و مومن اسیر عشق ہیں

کہتے ہیں سب دیکھکر وہ زلف و رخ
سامنے ہے سربسر وہ زلف و رخ
دیکھتے ہیں ہم اگر وہ زلف و رخ
ہیں ترے اسیمبر وہ زلف و رخ

صاف و پیچیدہ رہے مضموں مرا
دیکھ لوں واقف اگر وہ زلف و رخ

## ردیف د

کاش آئے نظر روضہ دلجوئے محمد
والفجر ہے ذکر رخ نیکوئے محمد
خورشید قدم ہے رخ نیکوئے محمد
اللہ و نبی کی نظر آتی ہے تجلی
جب مجھے واللیل کے معنی کا کھلے اثر
مشتاق کو اللہ کی صورت نظر آئی

سینے میں بھری ہے ہوس کوئے محمد
واللیل ہے افسانہ گیسوئے محمد
محراب حرم ہے خم ابروئے محمد
سینہ مرا کعبہ ہے تو دل کوئے محمد
آجائے نظر سایہ گیسوئے محمد
جب دیکھ لیا آئینہ روئے محمد

ہوتا ہے اسیر اس کا رہا دام بلا سے
کیا لام ہے اسلام کا گیسوئے محمدؐ

رنگ آپکا مشہور ہے ہر رنگ چمن میں
ہر پھول میں موجود ہے خوشبوئے محمدؐ

ہے پیش نظر معنیٔ والشمس دم فکر
لکھنا ہے جو مجھکو صفت روئے محمدؐ

بار آپ نے اُمت کی شفاعت کا اُٹھایا
اے صلِّ علیٰ قوت بازوئے محمدؐ

مفتوں ہیں گُل و شمع پہ پروانہ و بلبل
دل میرا فدا ہے رخ نیکوئے محمدؐ

واقف کہیں ہو جائے گذر جانب طیبہ
اک میں بھی ہوں سگ دازدہ کوئے محمدؐ

خُلق را اختیار باید کرد
دل عالم شکار باید کرد

وصف آن گلعذار باید کرد
خُلد را در کنار باید کرد

وصف زلف سیاہ باید گفت
ذکر شبہائے تار باید کرد

در امید وصال باید زیست
یار را ہم کنار باید کرد

جانب کوئے یار باید رفت
سیر باغ و بہار باید کرد

دل بزلفش اسیر باید داشت
جان بروئش نثار باید کرد

قلب را درس عشق باید داد
مست را ہوشیار باید کرد

بر درش عمر صرف باید ساخت
خویش را خاکسار باید کرد

ذکراندر حساب سبحہ مکن | یادِ حق بے شمار باید کرد

واقف اندر خیالِ حدِ زلف
طبع را مشکبار باید کرد

کیونکر کھلے کہ دل ہے ہوا و ہوس میں بند
دشمن کو گفتگو کی نہ مہلت ملی کبھی
سب حسرتیں جہاں کی ہیں اسمیں بھری ہوئیں
مجھسے اگر کھلے وہ ستم گر تو بزم میں
آجائے تو پلائینگے اسکو بھی بادہ نوش
غنچے کھلے چمن میں مگر یہ کھلا نہیں
بابِ کرم کشادہ ہے پاتے ہیں سب مراد
بخشا عروج گنبدِ خضرا کے عشق نے

مضطر ہے روح تن میں کہ طایر قفس میں بند
کرتا ہوں میں بھی نفس کا دم ہر نفس میں بند
یا کائنات ہے دلِ اہلِ ہوس میں بند
کردونگا میں بھی غیر کا دم آٹھ دس میں بند
کب میکدہ رہے گا خیالِ عسس میں بند
دل ہو گیا جو آکے محبت کے بس میں بند
کیا حسرتیں ہیں دستِ شہِ دادرس میں بند
روضہ ہے تیری آنکھوں میں دل ہے کلس میں بند

واقف کبھی تو مجھسے وہ دل کھول کر ملے
تا چند دل رہیگا مرا اس ہوس میں بند

# ردیف ذ

باغِ دنیا میں ہے ہر میوا لذیذ
دیتے ہیں گالی لبِ شیریں سے وہ
لب کے بوسے ہیں حلاوت اور ہے
فصل ہو گرما کی یا جاڑونکے دن

ناسپاتی سنترہ کونلا لذیذ
کھانے والا میں بھی ہوں گویا لذیذ
مجھکو ملتا ہے شکر پارا لذیذ
وقت پر پاتے ہیں ہر میوا لذیذ

ہمکو واقف سننکے ملتا تھا مزا
ہر سخن شیریں تمہارا تھا لذیذ

## ردیف ر

انوار مری ذات کے ہیں ارض و سما پر
شاکر جو عطا پر ہوں تو صابر ہوں جفا پر
دشوار بھی آسان ہے اربابِ صفا پر
میں خلد و جہنم کے طرف رخ نہیں کرتا
جو اہلِ گذر ہیں وہ گذرتے ہی رہیں گے
زاہد نے کیا رقص سرِ میکدہ ساقی

ہوں قدس کا طائر مرا سایہ ہے ہما پر
ثابت ہے قدم جادۂ تسلیم و رضا پر
چلتے ہیں جو پانی پہ تو اڑتے ہیں ہوا پر
چاہے وہ کہیں بھیجدے راضی ہوں رضا پر
آنے نہیں پاتا ہے غبار اہلِ صفا پر
اک کیفیتِ جامِ مے ہوش ربا پر

ہر ظاہر و باطن میں اسے دیکھ رہے ہیں
پردہ نہ رہا دیدۂ ارباب ولا پر

غم کھاتے ہیں اور خون جگر پیتے ہیں دن رات
عشاق کا جینا ہے اسی آب و غذا پر

مر مٹنے سے ہو جائیگا تو زندۂ جاوید
موقوف ہے تحصیل بقا شرط فنا پر

در مذہب ما بندگی غیر حرام است
فرض اپنی پرستش ہے مدام اہل صفا پر

کہتا ہوں یہی کعبہ مقصود ہے میرا
جھکتا ہوں ادب سے ترے نقش کف پا پر

واقف مری ہستی نہیں ہستی ہے اسکی
تہمت ہے فقط نام کی مجھ ہست نما پر

مژگاں کی خلش اور ہے خار کی کھٹک اور
دنداں کی جھلک اور ہے موتی کی چمک اور

تڑپاتی ہے عاشق کو تری خوبی رخسار
اک اس پہ بلا اور ہے گیسو کی لٹک اور

اک دن جو نزدیک سے پہنچیں گے ترے پاس
ہم دل میں نکالیں گے کوئی سیدھی سڑک اور

ہوں مست مئے وصل بت رشک چمن سے
کر دیتی ہے بیخود مجھے پھولوں کی مہک اور

وا چشم یقیں ہو تو سبھی کچھ نظر آئے
زاہد تجھے رکھیگا پریشاں ترا شک اور

ہوتی ہے خجل حور ترے خوبی رخ سے
ڈالیگی نظر تجھپہ تو جھپکیگی پلک اور

واقف بھی کہیں منزل مقصود کو پہنچے
اے خضر طریقت تری ہو جائے کمک اور

جو کھیل تھے سب بنے بنائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر
سمجھ میں کیونکر کسی کی آئے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

جہاں کے سارے چمن سنوارے لگائے پھل پھول پیارے پیارے
خزاں کی چلتی ہوا میں آئے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

کھنچے تھے کیا دلپسند نقشے بھرے تھے رنگ انہیں ہر طرح کے
دکھا دکھا کر وہ سب مٹائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

کہاں وہ سامانِ زندگانی کہاں وہ مجمع وہ میہمانی
خوشی کے جلسے نظر میں آئے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

جو غیرتِ حور صورتیں تھیں جو پیاری قدرت کی مورتیں تھیں
کدھر گئیں کوئی کیا بتائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

جدھر مقابر ہیں بیکسوں کے نہ شمع روشن نہ شامیانہ
پڑے ہیں خاموش منہ چھپائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

اٹھینگے کس طرح سونے والے یہ سب قیامت کی نیندیں ہیں
جگانے والا کہیں جگائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

تمھیں بگاڑو تمھیں بناؤ تمھیں ہنساؤ تمھیں رلاؤ

یہ کون شکوہ زباں یہ لائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر
عجب خدا کے ہیں کارخانے خدا کی واقف خدا ہی جانے
کہیں بگاڑے کہیں بنائے بگاڑ ڈالے بنا بنا کر

## ردیف ڑ

دل نہ مرا اے بتِ عیار توڑ
شیشہ یہ نازک ہے نہ زنہار توڑ
ضبطِ جنوں چاہیے قیسِ حزیں
پاؤں کی زنجیر نہ سر بار توڑ
عشق کے میدان میں رکھ دے قدم
پھینک دے تسبیح کو زنار توڑ
عشق کی تائید سے اے کوہکن
تیشہ کو لے ہاتھ میں کہسار توڑ
توڑیں گے سر رند ترا محتسب
جامِ مئے ناب نہ زنہار توڑ
سر کو نہ ٹکرا کے تو واقف کہیں
کوچۂ معشوق کی دیوار توڑ

## ردیف ز

دل کو ہوا کوچہ جاناں عزیز
بلبل نالاں کو گلستاں عزیز

مصحف رخ پر مرا ایمان ہے
مرد مسلماں کو ہے قرآں عزیز

عشق زلیخا کی کشش دیکھنا
مصر میں ہے یوسف کنعاں عزیز

خط نکل آیا ذقن یار پر
خضر کو ہے چشمہ حیواں عزیز

شام سے تا صبح ہے کیوں اشکبار
شمع کو ہے گور غریباں عزیز

ہمنے اسے دلمیں چھپا کر رکھا
یار سے ہے وصل کا ارماں عزیز

کیوں نہ رہے اٹھ پہر سامنے
یار کو واقف کا ہے دیواں عزیز

# ردیف س

بیجا نکرے صرف کوئی دولت انفاس
کہتے ہیں جواہر سے گراں قیمت انفاس

مشغول ہمیشہ ہیں ہوا خواہی دل میں
آرامش دل ہے سبب قربت انفاس

ہر دم کی تجلی ترے رگ رگ میں بھری ہے
سینے میں ہے موجود سدا نعمت انفاس

ہر دم ترا قیمت میں ہے گوہر سے زیادہ
افسوس نہیں دل میں ترے حرمت انفاس

انفاس نہیں روح کہوں ہیں تو بجا ہے
گویائی سے ہے لطف خموشی میں زیادہ
غافل تجھے انفاس کا کچھ پاس نہیں ہے
ہر گھنٹہ ہزار آمد و شد انکی ہے مشہور

ہے زیست کو ہر دم مدد قوتِ انفاس
تنہائی میں لازم ہے تجھے صحبتِ انفاس
دن رات گذرتی ہے بسر غفلتِ انفاس
کیونکر کہوں دن رات کی کیفیتِ انفاس

واقف انہیں بیہودہ نکر صرف خبردار
اللہ نے بخشی ہے تجھے دولتِ انفاس

ہے گران ہر چیز بس ابکے برس
کون ہے فریاد رس ابکے برس

پا سکے ہیں جو گرانی برنج
رنج ہی کھاتے ہیں بس ابکے برس

ہے کہاں گندم سے اب قرب و جو آ
رنگئی ساری ہوس ابکے برس

ہے کہاں شکر کو ارزانی نصیب
ہے کہاں اسپرگس ابکے برس

مر گئے پا کر گران سابہل شوق
ہیں کہاں افیون چرس ابکے برس

گھانس بھی جب پیٹ بھر ملتی نہیں
کھائے کیا اپنا فرس ابکے برس

اسقدر مہنگی کبھی دیکھی نہ تھی
مونگ کی دال و عدس ابکے برس

پارچہ سستا نہیں بہر لباس
دلمیں ہے دلگی ہوس ابکے برس

کم معاشوں کی نہ پوچھو کیفیت
ہے تردد ہر نفس ابکے برس

قحط سالی میں جو کی واقف نے فکر
شعر لکھے آٹھ دس اب کے برس

# ردیف ش

زاہد رہے خانقاہ سے خوش
میں ہوں تری بارگاہ سے خوش

سلطانِ دکن رہے سلامت
عالم مرے بادشاہ سے خوش

جلتا ہوں مدام سوزِ غم سے
دل میرا ہے گرم آہ سے خوش

ہے عکس و آئینوں میں تیرا
خورشید سے خوش ہو ماہ سے خوش

اللہ رے کم سنی کی شوخی
دل ہے بہت کجکلاہ سے خوش

ہے سیچ اُس کا مآل دیکھتا ہوں
دولت سے میں خوش نہ جاہ سے خوش

ہیں بال سفید نورِ باطن
ہوں جلوۂ صبحگاہ سے خوش

ہر ایک کا رُخ تری طرف ہے
ہر ایک ہے تیری راہ سے خوش

واقف وہ ہے بخشدینے والا
میں کیوں نہ رہوں گناہ سے خوش

# ردیف ص

ہے خداداد دولتِ اخلاص
چاہیئے وردِ سورتِ اخلاص

دلِ عاشق ہے زندہ جاوید
آبِ حیواں ہے شربتِ اخلاص

مخلص من مزید الفتکم
آپسے ہے شکایتِ اخلاص

ہر کسی کو کبھی نصیب نہیں
یہ وہ دولت ہے دولتِ اخلاص

تم ملو ہم سے ہم ملیں تم سے
گرم باہم ہو صحبتِ اخلاص

مجھکو اتنا نماز میں بس ہے
بعدِ الحمد سورتِ اخلاص

تم میں ہم میں جو ہے بڑا سنجوگ
بنگیا ہے حکایتِ اخلاص

روز افزوں خدا کرے وقت
دل کے گھر میں ہے برکتِ اخلاص

# ردیف ض

ہے مجھے کوچہ محبوبِ دل آرا سے غرض
نہ حرم سے کوئی مطلب نہ کلیسا سے غرض

چشمِ مست و لبِ رنگیں کا تصور ہے مدام
گل سے مطلب مجھے نہ نرگسِ شہلا سے غرض

رات دن کوچۂ جاناں میں پڑا رہتا ہوں
چمنستاں سے سروکار نہ صحرا سے غرض

دولتِ حسن نے مغرور بنا رکھا ہے
اُس پری زاد کو کیا عاشقِ شیدا سے غرض

تیرا بیمارِ محبت کبھی اچھا نہ ہوا
کام اُسکو نہ دوا سے نہ مسیحا سے غرض

یا اُمّی ہے ہر اک علم میں کامل بھی ہے
اُسکو اِملے سے سروکار نہ انشا سے غرض

اپنی کمل ہی میں ہے مست ترے در کا فقیر
کام قاقم سے نہ اطلس سے نہ دیبا سے غرض

کیوں نہ بے سایہ رہے قامتِ زیبائے رسول
کہ نہیں نورِ مجرد کو ہے ہمتا سے غرض

یا رب ان دو کے سوا کوئی غرض اور نہیں
چشمِ بینا سے غرض ہے دلِ گویا سے غرض

ہائے دنیا کے طلبگار کو عقبیٰ ہے حرام
اور کب مائلِ عقبیٰ کو ہے دنیا سے غرض

اپنے معشوق سے ہے لاگ ہر اک عاشق کو
تم سے مطلب ہے مجھے قیس کو لیلا سے غرض

شیفتہ ہے رخ و قامت کا ترے اے شہِ حسن
گل سے واقف کو علاقہ ہے نہ طوبیٰ سے غرض

## ردیف ط

وہ دیکھے یا نہ دیکھے نوجواں خط
بنا ہے دردِ دل کی داستاں خط

پتہ اُس کا کہیں ملتا نہیں ہے
لکھی تھی دردِ پنہاں کی کہانی
مرے یوسف نے پڑھکر بھی ندیکھا
جواب ابتک نہ آیا منتظر ہوں
وہی تھا زندگی نامہ ہمارا

تو لیکر جائیگا قاصد کہاں خط
کیا میں نے لفافہ میں نہاں خط
جو بھیجا میں نے سوئے کارواں خط
الٰہی ہے کدہر قاصد کہاں خط
نہ بھیجا آپنے اے مہرباں خط

سُنا دے حال واقف بھی ہے بانی
جو قاصد لیکے جائے تو وہاں خط

# ردیف ظ

لازم ہے تمکو عاشقِ ناچار کا لحاظ
ایسی چلے نہ چال کہ پامال ہو چمن
بے اختیار گھر سے زلیخا نکل پڑی
کہہ کر اُٹھا ہوا وہ زمانے میں سربلند
ٹکرا کے سر کو جان پہ ہم کھیلتے ضرور

رکھتے ہو دلمیں صحبتِ اغیار کا لحاظ
بادِ خزاں کو چاہیے گلزار کا لحاظ
دل میں نہاں تھا مصر کے بازار کا لحاظ
منصور کو ذرا بھی نہ تھا دار کا لحاظ
لیکن رکھا ترے در و دیوار کا لحاظ

واقف ہو جو پیر تو لازم ہے آپ کو
عمرِ رواں کی تیزیٔ رفتار کا لحاظ

## ردیف ع

انجمن میں ہے تپاں ہر بار شمع
ہے فدائے جلوۂ دلدار شمع

تم نے اپنے رخ سے جب اُلٹی نقاب
چھپ گئی فانوس میں اکبار شمع

کس کے سوزِ غم سے ہے آتش بجاں
شام سے ہے صبح تک بیدار شمع

اُس نے روشن انجمن کو کردیا
پا گئی ہے روئے پُر انوار شمع

ہو لحد میں روشنی ایمان کی
گھر کی تاریکی میں ہے درکار شمع

مشتری سب اُسکے پروانے ہوئے
بن گیا یوسف سرِ بازار شمع

حالِ سوزِ عشق واقف کیا کہوں
دل ہے پروانۂ رخِ دلدار شمع

## ردیف غ

جنبش میں ہے وہ ابروئے خمدار ب ید ریغ
کیا چل رہی ہے سامنے تلوار بیدریغ

پاس اُسکے ہم تو جا نہیں سکتے بغیر حکم
حاضر ہیں بزم یار میں اغیار بیدریغ

پھر موسم بہار دکھادے تو اپنا رنگ
پھر میکدے میں جمع ہوں میخوار بیدریغ

کہتے ہیں کربلا ترے کوچہ کا نام ہے
ہر روز قتل ہوتے ہیں دو چار بیدریغ

تم بے نقاب سامنے آؤ تو بات ہے
ہمکو دکھاؤ جلوۂ دیدار بیدریغ

دل میں رہی تو تیر کا پیکان وہ بنگئی
کیا کام کر گئی نگہ یار بیدریغ

اس راہ میں کوئی بھی سلامت نہیں رہا
منزل ہے تیرے عشق کی دشوار بیدریغ

شکر خدا کہ اب مرا واقف رکھا ہے نام
سمجھے ہیں وہ مجھی محرم اسرار بیدریغ

# ردیف ف

مشکلیں وہیں آپہی دل ہے تنہا اکطرف
رنج دنیا اکطرف ہے فکر عقبےٰ اکطرف

یار کے زلف و رخ زیبا کا شیدائی ہوں میں
سر میں سودا اکطرف ہا دلمیں تمنا اکطرف

رنگ میخانہ جدا ہے حال مسجد اور ہے
مست بادہ اکطرف ہیں اہل تقوے اکطرف

میری کشتی کو بچانا یا رسولِ ہاشمی
جوشِ طوفاں اکطرف ہے موجِ دریا اکطرف

کس بلا کا تفرقہ ہے عاشق و معشوق میں
قیس وحشی اکطرف ہے اور لیلیٰ اکطرف

ای بلالِ حسن جانا نہ یہ تونے کیا کیا
طور سوزاں اکطرف بیہوش موسیٰ اکطرف

دیکھنا ہوتی ہے کیسی رہنمائی عشق کی
گھر خدا کا اکطرف ہے اور کلیسا اکطرف

دلفریبی حسن کی ہے بیخودی ہے عشق کی
اُنکی شہرت اکطرف ہے میرا چرچا اکطرف

واقفِ محزوں کو آخر کھینچکر لیجائیگا
عشق کعبہ اکطرف طیبہ کا سودا اکطرف

کب ہے مقبولِ خدا صاحبِ زر کی تعریف
چاہیئے بادشہِ جن و بشر کی تعریف

رطبِ دشتِ مدینہ کا ملا ہے وہ مزا
رنگئ خلد کے ہر میوۂ تر کی تعریف

عکسِ رخِ سرورِ عالم کا ہے اِن دونوں میں
چاہیئے شمس کی توصیف قمر کی تعریف

ہے کوئی بحرِ رواں یا دمِ گریہ میں اشک
تم سے کیا عرض کروں دیدۂ تر کی تعریف

بیٹھکر سایۂ طوبیٰ میں کروں فکرِ بلند
باغِ طیبہ کے لکھوں شاخ و شجر کی تعریف

تجھکو ہر شکلِ حسینانِ جہاں میں دیکھا
ہے بجا گر میں کروں اپنی نظر کی تعریف

نور ہر لفظ میں معنی کی طرح پیدا ہے
ہے مری نظم میں اک رنگ قلم کی تعریف

فکرِ مضمونِ رخ و زلف میں رہتا ہوں مدام
بھیجدوں لکھ کے تجھے شام و سحر کی تعریف

بنگیا سجدہ گہ جن و بشر حور و ملک
کیا کروں احمد مختار کے در کی تعریف

نفس مردہ کبھی زندہ نہو اُسکو سنکر
سو طرح آپنے واقف کی اگر کی تعریف

# ردیف ق

نہ پہونچا کوئے جاناں میں کسی تدبیر سے عاشق
تڑپتا رہگیا مجبور تھا تقدیر سے عاشق

تڑپتے لوٹتے ہیں جاکے دیکھو اپنے کوچہ میں
پڑے ہیں سینکڑوں زخمی نگہ کے تیر سے عاشق

تمھاری زلف پیچاں میں ہزار پیچ نکلے ہیں
کہ باندھا جائیگا اک ایک زنجیر سے عاشق

ترا اُن سے نہ ملنا اور دیوانہ بناتا ہے
فسانہ اپنا کہتے ہیں تری تصویر سے عاشق

جو پیاسے ہیں شہادت کے گلو خشک انکا رہتا ہے
طلب کرتے ہیں پانی یار کی شمشیر سے عاشق

انھیں تو یار کی خاک قدم کافی ہے او واقف
غرض مطلب نہیں رکھتے کسی اکسیر سے عاشق

# ردیف ک

ہر دم ہے ہمارا دلِ شیدا ترے نزدیک
رہتا ہے ترا چاہنے والا ترے نزدیک

آ جائے مرے گھر میں اکیلا وہ پریزاد
ایسا کوئی تعویذ ہے مُلّا ترے نزدیک

کیوں ہاتھ میں لے لیکے پٹکتا ہے زمیں پر
شاید دلِ عاشق ہے کھلونا ترے نزدیک

مجھ مست میں اور تجھ میں بہت فرق ہے زاہد
مینا مرے نزدیک مصلا ترے نزدیک

بے پردہ تصور نے رکھا دل کے مکاں میں
ہر آن ہے مجنوں تری لیلا ترے نزدیک

میرے دلِ محزوں کی دوا ہو تو میں جانوں
بیمار کو لایا ہوں مسیحا ترے نزدیک

مولا کا تجھے قرب ہے اے طالبِ مولا
دنیا ترے نزدیک نہ عقبےٰ ترے نزدیک

اسرارِ محبت کے ہیں واقف ترے دل میں
کوزے میں نظر آتا ہے دریا ترے نزدیک

# ردیف گ

کان رکھتے نہیں سنیں کیا راگ
پڑ گئی زاہدوں میں بھاگا بھاگ

بربط و چنگ سے ہمیں ہے کام
ہوگا نا اہل کے لئے کھٹراگ

سو کے غفلت میں کھو نہ راتوں کو
لے جو لینا ہے جاگنا ہے جاگ

مطربِ خوش نوا ترے قرباں ۔ تو نے دل میں مرے لگا دی آگ

حال کیا راگ کا کہوں واقف
جانتا ہے وہی جسے ہے لاگ

رونقِ بزمِ اصفیا مقبولِ اولیا ہے راگ ۔ جلوۂ رحمتِ خدا کاشفِ مدعا ہے راگ
زیر کی ہے پکار کچھ بم میں ہے آشکار کچھ ۔ ڈھول کی ہے بہار کچھ اپنا تو دلکشا ہے راگ
سنکے الست کی صدا کہتے تھے جھوم کر بلیٰ ۔ دلکو بہت مزا ملا ہمنے نیا سنا ہے راگ
کوئی تو بے اثر رہا کوئی تو بہرہ ور رہا ۔ ایک کہے برا ہے راگ ایک کہے بھلا ہے راگ
جسمیں عیاں ہوں شر کے کام منع ہے خاص ہو کہ عام ۔ کہتے ہیں اسکو سب حرام در وہ ناروا ہے راگ
دلکش اہلِ چشت ہے راہبرِ بہشت ہے ۔ کعبہ ہے یا کنشت ہے دونوں میں حق نما ہے راگ
رحمتِ ذوالجلال ہے باعثِ وجد و حال ہے ۔ اپنے لئے حلال ہے اپنے لئے روا ہے راگ

واقفِ راز کے لئے اہلِ نیاز کیلئے
سوز و گداز کیلئے کہتے ہیں کام کا ہے راگ

## ردیف ل

بشر تھا غمِ عشق پانیکے قابل ۔ ملا اسکو دل بھی خزانیکے قابل

ہزاروں حسیں بے وفا ہمنے دیکھے
نہ تھا ایک بھی دل لگانیکے قابل

عجب پُر مزا ہے غمِ عشق تیرا
غذا ہاتھ آئی ہے کھانیکے قابل

ملے وہ بتِ سنگدل یا الٰہی
رہا دل نہ صدمے اٹھانیکے قابل

نہ پوچھو دلِ زار کا حال کیا ہے
یہ قصہ نہیں ہے سُنانیکے قابل

رکھا ہائے چکر میں دورِ فلک نے
نظر میں ہیں تیرے ستانیکے قابل

گئی مشتِ خاک آسماں پر زمیں سے
کہ تھا آدمی کام آنیکے قابل

کیا حُسن نے گھر سے یوسفؑ کو باہر
نہ تھی جنسِ خوبی چھپانیکے قابل

نہیں اس مکانمیں گذر ماسوا کا
تمھیں ہو مرے دلمیں آنیکے قابل

نہو رنگِ گلزارِ دنیا کا مفتوں
یہ نقشہ ہے دل سے مٹانیکے قابل

رموزِ محبت کو واقف نہ کہنا
یہ باتیں ہیں دلمیں چھپانیکے قابل

نکتہ سنجی گوئے میدانِ جلیل
خوش بیانی جنسِ دکانِ جلیل

اوستادِ شہر و سلطانِ سخن
ملکِ معنی زیرِ فرمانِ جلیل

ہم بلاغت شعبۂ از علم و فضل
ہم فصاحت گوہرِ کانِ جلیل

درجہان تاجِ سخن جانِ سخن
بوستانست و گلستانِ جلیل

طینت خوش جوہر ذاتش بود — نیت خوش نور ایمان جلیل

سید ذی مرتبہ آل رسول — در جہان اعلیٰ ترین شان جلیل

متحد باشد حلیم با حسن — جان پاکش محو قرآن جلیل

ہم خلافت داد و تعلیمش نمود — بود امیر استاد ذیشان جلیل

بیشتر دیوان ما رونق گرفت — چون غزل گفتیم در شان جلیل

در جہان واقف کہ روشن طبع شد
یافتہ انوار فیضان جلیل

نور ہی نور کی منزل ہے دل — یار لیلیٰ ہے تو محمل ہے دل

حرص سے دور کدورت سے پاک — لیجئے آپکے قابل ہے دل

آئینہ روکش آئینہ ہے — یار کے دل کے مقابل ہے دل

اڑ گئے ہوش ہوا دیوانہ — کس پریزادہ پہ مائل ہے دل

اے شہ حسن نہ رکھنا محروم — نگہ لطف کا سائل ہے دل

نہیں ملتا مری ہستی کا پتہ — یا خدا کسکے مقابل ہے دل

ہم یہی بات کہیں گے واقف
وہ نکما ہے جو غافل ہے دل

مرد ہے تو بانٹ دے کر جیب خالی زر نکال
زن نہیں ہے تو نہ زر اپنا پئے زیور نکال

مے پلا دے آنکلے مسجد سے چلا آتا ہوں میں
ساقیا ساغر میں خم سے بادۂ احمر نکال

کس لئے کرتا ہے غفلت میں تلف ایام عمر
خیر کا کچھ کام کر لے اپنے دل سے شر نکال

پھاند لے دیوار کثرت چھوڑ دے قید مکاں
لامکاں تک اڑ کے جاتا ہے تو کوئی پر نکال

خوبرویوں کی صفت سننے کے ہم مشتاق ہیں
ذکر واعظ حور و غلماں کا سر منبر نکال

منزل مقصد تجھے بے پیر کے ملتی نہیں
راہ چلنا ہے تو کوئی ڈھونڈ کر رہبر نکال

غیر کو رہنے نہ کوچہ میں تو اے رشک حور
یہ بھی اک ابلیس ہے فردوس سے باہر نکال

دید کے قابل ہے رنگ حرص اہل حرص کا
باغ میں پہنچیں تو ہر اک گل سے ہی زر نکال

وصل ہو جاتا ہے حاصل اسکا مٹنے کے بعد
آشنائے بحر ہو غوطے لگا گوہر نکال

گوشۂ دل میں خیال یار سوا اچھا نہیں
غیر کو رہنے نہ گھر سے ابھی باہر نکال

واقف پر معصیت کو ہے شفاعت کی امید
خوف محشر دل سے اسکے شافع محشر نکال

## ردیف م

رکھتے ہیں عشق خواجہ ہر دو جہاں سے ہم
پاتے ہیں بے نشاں کا نشاں اس نشاں سے ہم

آیا ہے وصف آپکا قرآنِ پاک میں
توصیفِ مصطفےٰ کی کریں کس زبانسے ہم

بیت النبی کا دل کو ہمیشہ خیال ہے
نظارہ کر رہے ہیں خیال اُکے مکانسے ہم

سر میں نہیں ہے گلشنِ فردوس کی ہوا
بیٹھے ہیں لو لگائے ترے آستانسے ہم

اُڑ کر ہو کے ساتھ مدینے کو جائینگے
یہ کام لیں گے اپنے تنِ ناتوانسے ہم

کیوں کر بنے گی محکمۂ دار و گیر میں
بارِ گناہ لے کے چلے ہیں یہانسے ہم

زیرِ لوائے حمد بلا لینگے مصطفےٰ
اُٹھینگے صبحِ حشر جو خوابِ گرانسے ہم

موت و حیات کا ہے تماشہ جہانمیں
یہ رنگ دیکھتے ہیں بہار و خزانسے ہم

دکھائے ہیں نفس کے ہر دم ہزار پیچ
کرتے ہیں سو مقابلے اِک پہلوانسے ہم

بستی ہے دو عدم میں ہماری بسی ہوئی
اب کسطرف کا کوچ ہے آئے کہانسے ہم

حاصل ہوا ہے لطفِ حقیقت مجاز سے
بامِ مراد پر گئے اس نردبانسے ہم

ممکن ظہورِ ذات نہیں بے صفات کے
اُس بے نشاں کو پا گئے اپنی نشانسے ہم

خلدِ بریں کو چھوڑ کے صحرا نشیں ہوئے
نکلے چمن سے چھوٹ گئے آشیانسے ہم

سب کچھ وہی ہے سب میں اُسیکا ظہور ہے
رکھتے نہیں ہیں کام کبھی این و آنسے ہم

تیرے سوا ہوس کہ جگہ دیں کہانسے ہم
بیٹھے ہیں ہاتھ اُٹھائے ہوئے دو جہانسے ہم

واقفؔ نبی کے در کو نہ چھوڑینگے عمر بھر
ملکِ عرب کو جائینگے ہندوستانسے ہم

ہوئیں اپنی خود کو دیکھکر ہر آن حیراں ہم
جب آئے اپنی بیرنگی سے کیا کیا رنگ میں آئے
ہمیں ہر اسم کے مظہر ہوئے ظاہر زمانے میں
ہمیں سیراب ٹھہرے اور ہمیں تشنہ دہن نکلے
ہمیں خنداں ہمیں گریاں نظر آتے ہیں عالم میں
ہمیں اول ہمیں آخر ہمیں مظہر ہمیں ظاہر

نظر ہم آئینہ ہم عکس ہم تصویر جاناں ہم
شجر ہم شاخ و برگ و تخم ہم گل ہم گلستاں ہم
مقیم کعبہ و بتخانہ ہم گبر و مسلماں ہم
خضر ہم عازم ظلمات ہیں ہم اور آبحیواں ہم
دوا ہم درد ہم بیمار ہیں ہم عیسیٰ دوراں ہم
فلک ہیں ہم عرش و کرسی ہیں ہم ملک ہیں حور و غلماں ہم

ردیف ن

ہماری کیا حقیقت ہے جو واقف ہو تو پہچانے
ہمیں تھے سرِ پنہاں میں آ گئے ہیں بنکے انساں ہم

اگر تیری چشم عنایت نہیں
ترا نام ہر دم ہے وردِ زباں
تصور نے طیبہ میں پہنچا دیا
پھروں ہائے جوشِ جنوں میں کہاں
یہہ صبحِ مدینہ ہے صبحِ وطن
مدینہ کی دھن ہے مدینہ کی دھن
گنہگار کو ہے بھروسا ترا

ہمیں کوئی جینے میں لذت نہیں
کوئی اس سے بڑھکر عبادت نہیں
ذرا سا بھی بارِ مسافت نہیں
کچھ ایسی دو عالم کی وسعت نہیں
مجھے کچھ غمِ شامِ غربت نہیں
دکن میں بہلتی طبیعت نہیں
ذرا دل کو خوفِ قیامت نہیں

عمل کی سیاہی کو کیا دھو سکیں
رواں گریۂ اشکِ ندامت نہیں

خجل ہوں گناہوں سے میں اسقدر
کوئی منہہ دکھانیکی صورت نہیں

مدینے کی نانِ جویں چاہئے
برابر کوئی اسکے نعمت نہیں

کہوں شوقِ طیبہ میں کیا دلکا حال
تڑپتا ہے دم بھر کی فرصت نہیں

بنے گی نکیرین سے کسطرح
کبھی ان سے صاحب سلامت نہیں

ملے پھر مدینے کا پانی ملے
پیا ہم نے جی بھر کے شربت نہیں

جو پنہاں ہے وحدت میں کثرت مدام
تو کثرت میں کیا رنگِ وحدت نہیں

نظر آئیگی شکلِ زیبائے دوست
اگر صاف ہے دل کدورت نہیں

وہ ہر شے میں کیونکر نظر آسکے
بصارت ہے ہمکو بصیرت نہیں

بلالو مدینے میں یا مصطفے
کہ اچھا مریضِ محبت نہیں

میں رخ انکا دیکھوں یہ قسمت نہیں
کہ دیدار سے بڑھکے دولت نہیں

مزا دل کے جلنے میں وقف ملا
مجھے سوزِ غم کی شکایت نہیں

نظر آیا جدائی کا بُرا دن
ترے ملنے کا دن ہے عید کا دن

رہی ہر لحظہ فکرِ دین و دنیا
نہ مجھکو کوئی فرصت کا ملا دن

وصالِ یار کی ہے رات چھوٹی | مگر ہے ہجر کا کتنا بڑا دن
ہٹا کر زلف کو رخ سے وہ بولے | گئی ہے رات اب نکلا ہے کیا دن
غضب کا انتظار آٹھوں پہر ہے | ترے ملنے کے میں گنتا رہا دن
سحر ہوتے ہی تم گھر کو سدھارے | کٹا کیسی مصیبت سے مرا دن
بن آئیگی تمھارے عاشقوں کی | قیامت کا ہے دن دیدار کا دن
خلاف اکثر ہے انداز طبیعت | کہا جب میں نے رات اس نے کہا دن

تجھے بادہ کشی کا شغل واقف
برابر چاہئے کیا رات کیا دن

دم بدم اپنی حقیقت پہ نظر کرتا ہوں | خود کو گم کر کے وطن ہی میں سفر کرتا ہوں
دیر میں روپ بدل کر میں کبھی جاتا ہوں | بن کے مومن کبھی کعبے میں گذر کرتا ہوں
میں وہ جوہر ہوں کہ میرا ہے عرض ہر دو جہاں | میں وہ حاوی ہوں کہ ہر شئے میں گذر کرتا ہوں
ڈھونڈھ لیتا ہوں اُسے عرش سے آگے بڑھ کر | اس گھروندے سے گذر اپنا اُدھر کرتا ہوں
یار ہی یار کا پرتو نظر آتا ہے مجھے | جب میں ہر شئے کی حقیقت پہ نظر کرتا ہوں
اپنی ہستی کے سوا غیر یہاں کوئی نہیں | سجدے اپنے ہی کو میں شام و سحر کرتا ہوں
نیند آتی نہیں وہ خواب میں آئے کیونکر | دھیان میں یار کے ہر شب کو سحر کرتا ہوں

ہوش میں آئے نہ یہ اتقف مے نوش کہیں
دیکھ لے بیخبری تجھکو خبر کرتا ہوں

میں لفظ تو معنی سراپا تو اور نہیں میں اور نہیں
تو بو ہے مری میں رنگ ترا تو اور نہیں میں اور نہیں

میں ہوں جو گہر تو آب گہر میں تیرا عرض تو ہے جوہر
میں موج ہوں تیری تو دریا تو اور نہیں میں اور نہیں

صورت بھی مری صورت ہے تری ہے مجھ میں تری سب یکتائی
تو شخص ہے میں ہوں عکس ترا تو اور نہیں میں اور نہیں

نغمہ ہے تو ہی میں ہوں بلبل خوشبو ہے تو ہی میں صورت گل
تو میری زباں میں ہے گویا تو اور نہیں میں اور نہیں

میں علم سے تیرے کب ہوں جدا خارج میں تو ہی ہے رنگ مرا
میں نیست مگر ہوں ہست نما تو اور نہیں میں اور نہیں

کہتے ہیں تجھے گو غیر سبھی تو عین حقیقت ہے میری
سارا ہے تعین کا جھگڑا تو اور نہیں میں اور نہیں

رگ رگ میں مرے ہے بنکے لہو میں کچھ بھی نہیں ہے تو ہی تو

یہ قول ہے سچا واقف کا تو اور نہیں ہیں اور نہیں

نہ آئے اتنا کہ اہلِ سفر آنکھوں میں پھرتے ہیں ۔ وہ ٹکڑے دل کے وہ لختِ جگر آنکھوں میں پھرتے ہیں

مٹینگے دل سے کیا نقش و نگارِ عالمِ ہستی ۔ جو دیکھے ہیں تماشے عمر بھر آنکھوں میں پھرتے ہیں

خیال اپنا انھیں باہر کہیں جانے نہیں دیتا ۔ وہ پتلی کی طرح آٹھوں پہر آنکھوں میں پھرتے ہیں

کبھی سینے میں پنہاں ہیں کبھی ہیں گوشۂ دل میں ۔ کبھی بن بن کے وہ نورِ نظر آنکھوں میں پھرتے ہیں

تصور میں ہے اُنکے دونوں رخساروں کا نظارہ ۔ یہی تو مانندِ شمس و قمر آنکھوں میں پھرتے ہیں

کبھی کی فکر عقبیٰ کی کبھی دنیا کی دُھن باندھی ۔ ٹھکانے کی نہ سوجھی دونوں گھر آنکھوں میں پھرتے ہیں

کہیں مسجد میں واعظ ہیں کلیسا میں کہیں راہب ۔ نئے روپ آکے شام و سحر آنکھوں میں پھرتے ہیں

تماشا سامنے رہتا ہے اُنکی بے حجابی کا ۔ چھپے ہیں سات پردوں میں مگر آنکھوں میں پھرتے ہیں

بہارِ صد چمن ہر دانۂ خرمن میں پاتا ہوں ۔ تر و تازہ گل و شاخ و شجر آنکھوں میں پھرتے ہیں

جوانی کا مزا لیتے ہیں ہم بھی عہدِ پیری میں ۔ بتانِ شوخ چشم و فتنہ گر آنکھوں میں پھرتے ہیں

جدھر عشاق جاتے ہیں نکلکر تیرے کوچہ سے ۔ وہی بام و مکان دیوار و در آنکھوں میں پھرتے ہیں

سخن گوئی کے فن میں آپ اُستادِ جہاں ٹھہرے ۔ کمالاتِ جلیل نامور آنکھوں میں پھرتے ہیں

پہنچ جائینگے ہم بھی منزلِ مقصد کو تے واقف

ہمیشہ شمس دیں راہبر آنکھوں میں پھرتے ہیں

17528

مجھے تو مار ہی ڈالا حیا کے پردے میں
وہ دور بیٹھے ہیں مونہہ کو چھپا کے پردے میں

مٹا مٹا کے کیا تم نے زندۂ جاوید
وفا مجھے نظر آئی جفا کے پردے میں

میانِ دیر و حرم ہر کوئی ہے گرمِ فغاں
تمھیں تو آئے ہو شورش مچا کے پردے میں

پتا ہی مجھے دیتی ہے میری گمشدگی
کہا کہ کچھ بھی نہیں ہے فنا کے پردے میں

تمھارے سامنے ایمان کی کہیں گے ہم
نہ پوچھو کون ہے بیم و رجا کے پردے میں

خیال ہے کہ نہ غیروں کے کان تک پہنچے
میں تمسے دل کی کہونگا بلا کے پردے میں

وہی تو کل نظر آئے تجھے بے حجابانہ
جو آج بیٹھے ہیں تشریف لا کے پردے میں

اِدھر اُدھر جو صدا تھی وہ خود تمھاری تھی
الست کہکے پھر آئے بلیٰ کے پردے میں

صنم کے وصل کی واقفؔ دعا کئے جاؤ
قبولیت کا اثر ہے دعا کے پردے میں

وہ جو اک حسن کی دوکان لئے بیٹھے ہیں
زاہدِ شہر کا ایمان سے لئے بیٹھے ہیں

نگہِ یار کے گھائل ہیں تڑپتے ہیں مدام
دل میں اک تیر کا پیکان لئے بیٹھے ہیں

یاد ہے آپکو اچھا مرے زخموں کا علاج
ہاتھ میں اپنے نمکدان لئے بیٹھے ہیں

دیکھ لیں ہم تجھے آغوشِ تمنا میں کبھی
دلمیں اپنے یہی ارمان لئے بیٹھے ہیں

گوشۂ دل سے تری یاد نکلنے کی نہیں
اِسکو ہم شوق سے اے جان لئے بیٹھے ہیں

اپنا ایمان سمجھتے ہیں ترا مصحفِ رُخ
دیکھنا لکھتے ہیں کیا وہ مرے نامہ کا جواب

ہم قسم کھانیکو قرآن لئے بیٹھے ہیں
سامنے اپنے قلمدان لئے بیٹھے ہیں

عاشقانہ انھیں اشعار ہیں منظورِ نظر
واقفِ زار کا دیوان لئے بیٹھے ہیں

شوخِ طرحدارِ من دیکھ ادھر یارِ من
دولتِ بیدارِ من خواب میں آنا ترا
خاطرِ ناچارِ من ضبطِ فغاں چاہیے
عکسِ رخِ یارِ من دل میں ہے پرتو فگن
حامئِ ہر کارِ من کون ہے تیرے سوا
شمعِ شبِ تارِ من ہے رخِ روشن ترا
حالِ دلِ زارِ من یار سے پنہاں نہیں

دیکھ ادھر یارِ من شوخِ طرحدارِ من
خواب میں آنا ترا دولتِ بیدارِ من
ضبطِ فغاں چاہیے خاطرِ ناچارِ من
دل میں ہے پرتو فگن عکسِ رخِ یارِ من
کون ہے تیرے سوا حامئِ ہر کارِ من
ہے رخِ روشن ترا شمعِ شبِ تارِ من
یار سے پنہاں نہیں حالِ دلِ زارِ من

واقفِ اسرارِ من ظاہر و باطن ہے تو
ظاہر و باطن ہے تو واقفِ اسرارِ من

سینہ کاشانہ معین الدینؒ
دل گویا سے پوچھتا ہوں میں

دل جلوہ خانہ معین الدینؒ
کیا ہے افسانہ معین الدینؒ

جلوہ گر ہے مری نگاہوں میں
حسنِ جانانہ معین الدینؒ

اس کو کہتی ہے خلق فرزانہ
جو ہے دیوانہ معین الدینؒ

حشر میں سب مجھے پکاریں گے
مستِ میخانہ معین الدینؒ

میرا سینہ ہے گلشنِ اجمیر
دل ہے کاشانہ معین الدینؒ

دلِ واقفؔ نثارِ خواجہ ہے
جان پروانہ معین الدینؒ

نہیں حسن و عشق کا رازداں رہے بات راز کی راز میں
کہ وہ سروِ ناز ہو ناز میں میں نیاز مند نیاز میں

یہ عجب رباب کی ہے صدا ہوا لوٹ سنتے ہی دل مرا
کوئی چھیڑتا ہے چھپا ہوا سرِ زم پردۂ ساز میں

جو ہے اسمِ ذات سے سامنا مجھے پھونک ڈالا جلال نے
میں نہیں ہوں اُس کا ظہور ہے میں فنا ہی ہوں اپنی نماز میں

نہ تھی پہلے کاہشِ کیف و کم رہے شاد آپ میں آپ ہم
رکھا عشق بازی میں جب قدم کٹی عمر سوز و گداز میں

اُسے دیکھ واقفؔ بے نوا وہی برملا ہے ہر ایک جا

وہ یمیں میں ہے وہ یسار میں وہ نشیب میں وہ فراز میں

جس نے اپنے نفس کو جانا ہے
اُسنے اپنے رب کو پہچانا نہیں

عشق سے رہتا ہے اکثر سامنا
مرد میداں ہے تو گھبرانا نہیں

وعظ کی محفل میں جاتا ہوں مگر
راگ والا ہوں یہاں گانا نہیں

نامہ بر خط کا مرے لانا جواب
کوچہ جاناں میں وہ جانا نہیں

عرش کو کہتے ہیں قرآن کا مقام
ایسی بستی کی ہوا کھانا نہیں

میکشی سے مجھکو ہوتا ہے ہنر
ہوش سے کہدو ابھی آنا نہیں

یہ بھی تیرے چاہنے والوں میں ہے
تو نے کیا واقف کو پہچانا نہیں

کیا حسن وعشق کا ہے چرچا تری گلی میں
مجنوں تری گلی میں لیلا تری گلی میں

خواجہ دیا ہے تونے جو کچھ کسی نے مانگا
دنیا تری گلی میں عقبیٰ تری گلی میں

روضہ کے گرد پھر کر چوکھٹ پہ سر جھکایا
یاد آگیا جو کعبہ پہنچا تری گلی میں

پیاسہ اُدھر جو پہنچا سیراب ہو کے نکلا
رحمت کا جوش ہے دریا تری گلی میں

سب بادہ خوار تیرے دایم سرور میں ہیں
اک بیخودی کا عالم دیکھا تری گلی میں

تو اک نظر جو ڈالے کر دوں میں دل حوالے جنس گراں کا ٹھہرے سودا تری گلی میں

واقف بھی آگیا ہے امیدوار رحمت
ملتا ہے ہر کسی کو داتا تری گلی میں

بے خبر سب سے ہوں ساقی کے پرستاروں میں ہوں
زاہدوں میں کب مری گنتی ہے مے خواروں میں ہوں

ہائے دنیا کی تمناؤں نے گھیرا ہے مجھے
کس لئے دامن کو الجھائے ہوئے خاروں میں ہوں

میرے دل کو رنج دینے کا سبب کھلتا نہیں
آپ کہتے ہیں ہمیشہ میں بھی دلداروں میں ہوں

تیری شہرت میری رسوائی ہوئی ہے ہر طرف
اشتہاروں میں جو تو ہے میں بھی اخباروں میں ہوں

عکس اس میں کس پری پیکر کا آتا ہے نظر
کب سے میں حیرت زدہ آئینہ رخساروں میں ہوں

اے مسیحا تیرے کوچہ کا شفاخانہ ہے نام
نبض میری دیکھ لے میں تیرے بیماروں میں ہوں

ہوں زلیخا کی طرح رُسوا جہاں میں جابجا
ڈھونڈتا پھرتا میں اک یوسف کو بازار میں ہوں

حشر میں تو اپنے دامن میں چھپا لینا مجھے
دیکھ اے رحمت خدا کے میں گنہ گار میں ہوں

کیا مری ہستی ہے جو کچھ ہے تمھارا ہے حضور
مفلسوں میں ہوں غریبوں میں ہوں نادار میں ہوں

شاہ جیلاں ہند کے سلطاں بچا لینگے مجھے
حشر کا دھڑکا نہیں ہے دو طرفدار میں ہوں

جسکی عرش و لامکاں تک جلوہ آرائی ہوئی
میں بھی اے واقف اُسیکے کفش بردار میں ہوں

# ردیف و

عشق ہے روئے پیمبر کا خدایا مجھکو
کعبۂ دل میں مدینہ نظر آیا مجھکو

سائلِ در کو نہیں ظل ہما کی خواہش
چاہئیے تیرے ہی دیوار کا سایا مجھکو

آرزو دل میں ضیا آنکھوں میں رگ رگ میں لہو
وہ نئی شان سے ہر جا نظر آیا مجھکو

بادۂ عشق سے ہستی ہے عجب بیخبری
نظر آتا ہے نہ اپنا نہ پرایا مجھکو

یہی باعث ہوا ہستی کیطرف آنیکا
شوقِ نظّارہ ترا کھینچ کے لایا مجھکو

نرہا میں تو ہوی اُنسے ملاقات نصیب
خود نظر آگئے ہستی سے مٹایا مجھکو

رات اے جوشِ جنوں تو نے بڑا کام کیا
خواب میں وادیٔ طیبہ نظر آیا مجھکو

اپنے اسرارِ محبت سے خبردار کیا
خلق سے یار نے بیگانہ بنایا مجھکو

خواب میں عرشِ بریں دیکھ لیا اے واقف
روضۂ شاہِ دوعالم نظر آیا مجھکو

کیونکر نہو عروج ہر اک خاکسار کو
دیکھا ہے سربلند ہوا پر غبار کو

اہلِ خطا کے سر پہ ہے سایہ نبی ہوی
صد آفریں ہے رحمتِ پروردگار کو

ہر ایک شے میں پرتوِ مہرِ وجود ہے
دیکھا ہے سب میں جلوۂ پروردگار کو

ساقی سرور میں سر و پا کی خبر نہیں
بیٹھے ہوئے ہیں پیکے بچے خمار کو

پیری میں ہمکو لطفِ جوانی کا یاد ہے
پیشِ نظر رکھا ہے خزاں میں بہار کو

زاہد کی ہائے چشمِ بصیرت کھلی نہیں
بے پردہ دیکھتا صنمِ پردہ دار کو

پروا بہشت کی نہ جہنم کا خوف ہے
پاتے ہیں اپنے سامنے روئے نگار کو

جو کور ہے یہانکا رہیگا وہاں بھی کور
پھر کونسی نگاہ سے دیکھیگا یار کو

کیوں اضطراب برق پہ حیران ہو گئے
دیکھا نہیں ہے تمنے کسی بیقرار کو

واقف اگر پڑے کوئی مشکل کا سامنا
کہدو پکار کر شۂ دلدل سوار کو

تیر خوردہ سیکڑوں دل از نگاہِ چشمِ تو
کوئی زخمی کوئی بسمل از نگاہِ چشمِ تو

دو ہی ساغر میں مجھے مستانہ کر دی ساقیا
بیخودی ہوتی ہے حاصل از نگاہِ چشمِ تو

تیری ترکِ چشم نے دلہا شکارِ خویش کرد
لوٹ ہے محفل کی محفل از نگاہِ چشمِ تو

مارڈالا مجھکو تونے چوں کشیدی تیغِ ناز
ہو گیا زخمی مرا دل از نگاہِ چشمِ تو

تیرے شوقِ دید میں بیمار نرگس در چمن
باغ میں شورِ عنادل از نگاہِ چشمِ تو

واقفِ بیچارہ بھی بر خاک غلطانست ویس
ہر طرف ہے رقصِ بسمل از نگاہِ چشمِ تو

سمجھ کے کعبۂ مقصد درِ پیمبر کو
وفورِ شوق سے ہمنے جھکا دیا سر کو

عطائے رب ہے ذرا دیکھنا مقدر کو
کہ دل ملا ہے مجھے آئینہ سکندر کو

نہیں ہے گل کو ترے رخ سے ہمسری زنہار
برابری ترے قد سے کہاں صنوبر کو

مدام سوزِ محبت سے خوش ہے دل میرا
مدام آگ سے رغبت ہے ہی سمندر کو

دکھاؤ شامِ غریباں سے نورِ صبحِ وطن
ہٹاؤ رخ سے ذرا گیسوئے معنبر کو

جہاد ہم نے کیا ہے مدام نفس کے ساتھ
ہزار ڈھنگ سے مارا ہے ایک کافر کو

کھلے گی چشمِ بصیرت سے ہیگا نظارہ
کرو گے بند اگر اپنے دیدۂ سر کو

بتانِ ہند عجب سنگدل نظر آئے
ہمارے نالے تو کرتے ہیں موم پتھر کو

مرے کریم کی بخشش کا کچھ شمار نہیں / صدف کو ملگیا موتی تو لعل پتھر کو
ضیائے جلوۂ باطن کو دیکھنا ہے اگر / تو بند کیجیے آنکھیں جھکا کے سر کو
گرہ کشا ہیں مرے حضرتِ علیؑ واقف / پکار لیتا ہوں مشکل میں اپنے رہبر کو

# ردیف ھ

سو جان سے ہو جاؤں میں قربانِ مدینہ / ہے ذاتِ رسولِ عربی جانِ مدینہ
رویا میں کروں سیرِ گلستانِ مدینہ / آجائے نظر سروِ خرامانِ مدینہ
سوکھی بھی جو ملجائے مجھے نانِ مدینہ / سمجھونگا اُسے نعمتِ ہر خوانِ مدینہ
پہنچا اُدھر آنیکو جو فرمانِ مدینہ / میں دل سے ہوا بندۂ احسانِ مدینہ
وحشت نے دکھایا ہے بیابانِ مدینہ / ہے ساتھ مرے لشکرِ طفلانِ مدینہ
ہے سر میں ہوائے چمنستانِ مدینہ / پہنچائے اُدھر کھینچ کے ارمانِ مدینہ
ہوں خاکِ کفِ پائے غلامانِ مدینہ / ملجائے مجھے سایۂ ایوانِ مدینہ
اچھا نہ رہا ہند میں خواہانِ مدینہ / گھٹتی نہیں دیکھی تپِ ہجرانِ مدینہ

دل شیفتۂ گیسوئے جانانِ مدینہ
جان گردِ رہِ کوچۂ سلطانِ مدینہ

غیرت دہِ فردوس ہے بستانِ مدینہ
طوبیٰ ہے ہر اک نخلِ بیابانِ مدینہ

سرکار کے رہنے سے بڑھی شانِ مدینہ
روضے کے تصدق ہوں تو قربانِ مدینہ

خالی نہ رہا فیض سے جویانِ مدینہ
کرتے ہیں نبیؐ خاطرِ مہمانِ مدینہ

واقف مجھے کہتے ہیں ثنا خوانِ مدینہ
مدحت کے سب اوراق ہیں دیوانِ مدینہ

چلی آئی مدینے کی ہوا آہستہ آہستہ
ہوا دل مست کوئے مصطفےٰ آہستہ آہستہ

گھٹا آخر غبارِ ماسوا آہستہ آہستہ
بقا کو پا گئے اہلِ فنا آہستہ آہستہ

سرورِ مے حجابِ چشمِ ساقی کا سرِ محفل
بڑھا آہستہ آہستہ گھٹا آہستہ آہستہ

قدم اُٹھتے نہیں ہیں دور منزل ہے محبت کی
چلے ہیں تھک کے خضرِ رہنما آہستہ آہستہ

تجلی یار کی مجھ میں ہے تب ہیں غیر دل سے خالی ہوں
ہمیشہ ہے یہی دل کی صدا آہستہ آہستہ

غریبی بیکسی بیچارگی آوارگی دیکھی
ملا ہے عشق بازی کا مزا آہستہ آہستہ

وہ اب خنجر بکف پھرتے ہیں یاں بھی سر بکف ہیں ہم
بڑھی اُن کی جفا میری وفا آہستہ آہستہ

ضعیف ایسا ہوں پیچھے قافلے کے راہِ طیبہ میں
کروں کیا طے منازل دیکھنا آہستہ آہستہ

ادب سے سر جھکا کر متصل روضہ کے بیٹھا ہوں
زبانِ دل پہ ہے صلِّ علیٰ آہستہ آہستہ

چدہر دیکھا اُدھر خود اپنی ہی صورت نظر آئی
وہی سب کچھ نظر آتا ہے آنکھیں کھول کر دیکھیے
سبق وہم کا کدورت کا پڑھ لیا آہستہ آہستہ

ہوا جب آئینۂ دل کا صفا آہستہ آہستہ
کہوں میں کان میں زاہد کے کیا آہستہ آہستہ
ہوا دل خو گر خدا ما صفا آہستہ آہستہ

نہ پوچھو کیفیت کچھ واقف سر محبت کی
کہ ہستی سے بگڑ کر بن گیا آہستہ آہستہ

عشق ہے دلکو تیرے خال کیساتھ
معصیت میر بار اعمال میں ہے
کہیں نقش قدم نہیں ملتا
خال روشن قریب ابرو ہے
عمر کھوتا ہے جمع زر کے لئے
مر مٹے تو ملی حیات ابد
چودھویں رات کا ہے چاند وہ رُخ
مہر سے ہم نظر ملا نہ سکے
رقص زاہد کا راگ میں دیکھا
لطف ہستی کا کیا ملا واقف

حشر ہوگا مرا بلال کے ساتھ
مغفرت ہوگی بال بال کیساتھ
دل میں وہ آگئے خیال کیساتھ
اک ستارہ ہے یہ ہلال کیساتھ
دیکھ قارون چلا ہے مال کیساتھ
وصل ہاتھ آگیا وصال کیساتھ
حسن بھی ہے ترا کمال کیساتھ
گھر سے نکلے ہیں وہ جلال کیساتھ
ملے دب بیٹھا یہ اہل حال کیساتھ
سب تماشے رہے خیال کیساتھ

ہے چال تری فتنۂ محشر سے زیادہ
قامت ترا سیدھا ہے صنوبر سے زیادہ

بے قابو رہتا ہے تردد میں شب و روز
ملتا نہیں انساں کو مقدّر سے زیادہ

جو فقر سے واقف ہے وہ کمّل کی کرے قدر
یہ مول میں بھاری ہے مشجّر سے زیادہ

سب دیکھ کے کہتے ہیں تجھے یوسفِ مصری
شیریں تری گفتار ہے شکر سے زیادہ

مارا ہے ہزاروں ہی کو جنبش نے اِسکی
خم یار کے ابرو میں ہے خنجر سے زیادہ

نالوں کا اثر اُسمیں اگر ہو تو میں جانوں
دل سخت مرے بت کا ہے پتھر سے زیادہ

مدحت گرِ رخسارِ بتِ رشکِ چمن ہوں
مضموں مرا رنگیں ہے گلِ تر سے زیادہ

نسبت لب و دنداں سے نہیں لعل و گہر کو
یہ لعل سے بڑھکر ہے یہ گوہر سے زیادہ

واقف کو نہ دیکھا کبھی میخانہ کے باہر
ہے میل اُسے بادہ و ساغر سے زیادہ

کیا جلوۂ حُسنِ بُتِ بے پیر ہے واللہ
تنویر ہے تنویر ہے تنویر ہے واللہ

میرے دلِ وحشی کے لئے زلفِ گرہ گیر
زنجیر ہے زنجیر ہے زنجیر ہے واللہ

خاکِ قدم اُنکی مجھے ہاتھ آئے تو بس ہے
اکسیر ہے اکسیر ہے اکسیر ہے واللہ

یہ مرغِ دل اُسکی نگہِ ناز کے آگے
نخچیر ہے نخچیر ہے نخچیر ہے واللہ

ملجائے اگر اُسکے زمانہ میں سفارش
تقدیر ہے تقدیر ہے تقدیر ہے واللہ

نالے مرے گھر تک اُسے کھینچی تو بیں جانو
تاثیر ہے تاثیر ہے تاثیر ہے واللہ

عاشق کیلئے عشق کے کوچہ میں ملامت
توقیر ہے توقیر ہے توقیر ہے واللہ

کیا بات ہے واقف کی خبر کیوں نہیں لیتے
دلگیر ہے دلگیر ہے دلگیر ہے واللہ

# ردیف ی

بے چین ہوں میں دل ہے طلبگارِ مصطفےٰ
یارب عطا ہو دولتِ دیدارِ مصطفےٰ

محرم خدا کا محرمِ اسرارِ مصطفےٰ
دانائے سرِ ذات خبردارِ مصطفےٰ

آبِ بقا ہے شربتِ دیدارِ مصطفےٰ
بڑھکر دمِ مسیح سے گفتارِ مصطفےٰ

سر خم کرینگے کعبۂ مقصد سمجھ کے ہم
جب دیکھ لیں گے ابروئے خمدارِ مصطفےٰ

اچھے برے سبھی ہیں عنایت سے فیضیاب
دربارِ خاص و عام ہے دربارِ مصطفےٰ

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر
کیونکر ادا ہو مدحتِ سرکارِ مصطفےٰ

طیبہ شفا کا گھر ہے دوا ہے وہاں کی خاک
ہیں مصطفےٰ طبیب ہیں بیمارِ مصطفےٰ

شمس و قمر میں شانِ جمال و جلال ہے
دونوں میں عکسِ جلوۂ رخسارِ مصطفےٰ

یا رب کبھی تو ایک نظر دیکھ لیں تجھے ہو جائے ہم کو خواب میں دیدارِ مصطفیٰ

ہوگا بلند مرتبہ اُس کا پس وصال فردوس میں ہے کا طلبگارِ مصطفیٰ

ہجرت کرینگے بند سے بستر اٹھائینگے ہم گھر بنائینگے پس دیوارِ مصطفیٰ

ہر سانس میں ہے بدام صدا درد کی سینہ مرا ہے مخزنِ اسرارِ مصطفیٰ

مجمع ہے عاصیوں کا شفاعت کیواسطے محشر میں خوب گرم ہے بازارِ مصطفیٰ

صدق وحیا و عدل و ولایت کا نور ہے عالم میں آفتاب ہے ہر یارِ مصطفیٰ

یا مصطفیٰ کا ورد ہے واقف مجھے مدام
میں ہوں ازل سے بندۂ سرکارِ مصطفیٰ

معلوم ہوا صحبتِ اربابِ صفات حضرت سے ملے وہ جسے ملنا ہو خدا سے

رکھتا ہوں تری سایۂ دیوار میں مسکن شاہی کا طلبگار نہیں ظلِ ہما سے

میدانِ قیامت میں عجب دھوم رہیگی ڈھونڈینگے تجھے شربتِ دیدار پیاسے

دونوں میں ہے تاثیرِ جمالی و جلالی تاباں مہ و خورشید ہیں کس کی ضیا سے

خم ہیں سرِ عشاق تری راہ گذر میں پاتے ہیں مزا سجدۂ نقشِ کفِ پا سے

خاکِ درِ محبوب مجھے خاکِ شفا ہے کچھ کام مسیحا سے نہ مطلب ہے دوا سے

صورت نظر آتی ہے کہ آئینہ ہے بیرنگ دل صاف ہوا آئینہ ہے ہر حرص و ہوا سے

ہے بیخبری جس کو خبردار وہی ہے — ہر کن کی صدا سنتا ہے گوش شنوا سے

اے جوش جنوں وادی طیبہ کہیں لے چل — لینا ہے مجھے کام گریبان و قبا سے

پہونچائیگی لاکر کبھی خوشبوی پیمبر — اتنی مجھے امید ہے طیبہ کی ہوا سے

شاداں جو عطا سے ہے تو راضی ہے جفا سے — شیدا کو ترے کام ہے تسلیم و رضا سے

واقف ہے دل محزونکو وہیں لیکے چلو تم
بیمار شفا پاتے ہیں طیبہ کی ہوا سے

سب کہتے ہیں یوسف کو حسینوں میں حسیں ہے — جو ہے رخ احمد میں ملاحت وہ نہیں ہے

فکر صفت حسن رخ سرور دیں ہے — کیا پیش نظر روشنی ماہ مبیں ہے

ہے فرق مبارک پہ ترے تاج شفاعت — ہر اہل خطا حشر میں رحمت کے قریں ہے

مقتول قد بے سایہ احمد پہ ہے طوبیٰ — دندان مصفا پہ فدا در ثمیں ہے

جلوہ نظر آجائے رسول مدنی کا — حسرت مجھے اتنی سی دم باز پسیں ہے

آتے ہیں ملایک ترے کوچہ میں ادب سے — درباں ترے دروازہ کا جبریل امیں ہے

کرتا ہوں دعا میں بھی نماز سحر و شام — یہ آپکی دہلیز ہے یہ میری جبیں ہے

اللہ رے رفعت ترے گنبد کے کلس کی — کہتے ہیں جسے عرش بریں پست تریں ہے

ممنون رہوں ہر دم سے المنۃ للہ — اکسیر مجھے صحبت ارباب یقیں ہے

جو آنکھ اُسے دیکھنے والی ہو وہ دیکھے
یہ کون ہے بے پردہ جو وہ پردہ نشیں ہے

ہیہات اِدھر میں ہوں اُدھر وہ شہ دیں ہے
سرکار کہیں بندۂ سرکار کہیں ہے

سوزِ جگر و دل نے جلایا مجھے واقف
بھڑکی ہوئی اک آگ بیسار و یمیں ہے

نکھرا ہوا ہے رنگ بہارِ شباب ہے
چہرہ اگر ہے گل تو پسینہ گلاب ہے

موجود اسمیں تیری جھلک ہے ترا ظہور
ذرہ مری نگاہ میں اک آفتاب ہے

جب سے حضور نے مجھے اپنا بنا لیا
میرا تو کارخانۂ ہستی خراب ہے

وہ دل نہیں رہا وہ اُمنگیں نہیں رہیں
پیری میں ہر خیال جوانی کا خواب ہے

زاہد کو کھینچکر کوئی لیجائے اُسطرف
وہ بزم بادہ گرم ہے چنگ و رباب ہے

روشن ہر امکاں ترے آئینے ہو گیا
سایہ ہے چاندنی ترا رخ ماہتاب ہے

ہے تحت و فوق ایک تجلی نگاہ میں
جب دیکھتا ہوں دھوپ نہیں آفتاب ہے

نظارہ باز تابِ تجلی نہ لا سکا
بے پردگی بھی یکی گویا حجاب ہے

واقف کہیں شمار نہیں اُسکے فضل کا
دیتا ہے جو کرم بغیرِ حساب ہے

دو گام بھی جانے کو خضر کیوں نہیں جاتے
پل سے وہ محبت کے گذر کیوں نہیں جاتے

کیا غیر کا گھر خانۂ عاشق سے بھلا ہے
آتے ہیں اُدھر وہ تو ادھر کیوں نہیں جاتے

کیا دیر بھی خالی نظر آتا ہے خدا سے
واعظ کبھی مسجد سے اُدھر کیوں نہیں جاتے

دروازے کے پٹ سے یہ سناتے ہیں مجھے وہ
کیوں در پہ اڑے بیٹھے ہو گھر کیوں نہیں جاتے

کہدو مرے مولا سے کہ بندے کی خبر لو
بگڑے ہو سب کام سدھر کیوں نہیں جاتے

بیچین ہے اک طالب دیدار کسیکا
پاس انکی مری لیکے خبر کیوں نہیں جاتے

کہتے ہیں فنا میں بھی حلاوت ہے بقا کی
جینے کا ہے ارمان تو مر کیوں نہیں جاتے

جو اہل دول سوئے عدم جاتے ہیں واقف
ساتھ اپنے لئے دولت و زر کیوں نہیں جاتے

اغیار تو مل جل کر رنگ اپنا جما بیٹھے
ایجاں تری محفل میں ہم سب سے جدا بیٹھے

بتخانہ و مسجد کو کیا جائینگے ہم اٹھکر
کوچے میں ترے ہوکر نقش کف پا بیٹھے

قصہ جو کہا اُنسے گم گشتگی دل کا
خالی وہ جگہ پاکر آغوش میں آ بیٹھے

شوخی نے انھیں کیا سکھلائی تھی سفاکی
مطلب کی سنی جسدم دو چار سنا بیٹھے

ہرگز ترے کشتونکو پروا نہ رہی زر کی
چٹکی میں جو لی مٹی اکسیر بنا بیٹھے

کل تم نے یہاں اپنی تصویر جو بھیجی تھی
آنکھوں پہ رکھا ہم نے سینے سے لگا بیٹھے

نسبت ترے کوچے سے مسجد کو نہیں ہرگز
یاں اہل دعا ٹھہرے واں اہل صفا بیٹھے

صبر و دل و دین سبھی کیوں چھین لیا تمنے | کیا مال غنیمت تھا جو مفت دبا بیٹھے

اسباب جہاں واقف درکار نہیں ہمکو
ہم راہ محبت میں بے برگ و نوا بیٹھے

حسن چمکا عشق کی اکبار شہرت ہوگئی | چار جانب گرمی بازار کثرت ہوگئی
یاد قامت میں مرے حق میں اک قیامت ہوگئی | جب خیال زلف آیا دلکو وحشت ہوگئی
سجدے کرتا ہوں خیال ابروے دلدار میں | سامنے آٹھوں پہر سجدے کی آیت ہوگئی
ہم بلا کہنے لگے ہونے لگا شور الست | عہد کرنیکو کیا صاحب سلامت ہوگئی
مے نہ پینے سے مجھے پیدا ہوا ہے درد سر | زاہدا یہ ترک عادت بھی عداوت ہوگئی
اب تو اپنے حسن پہ بھی انکو غش آنے لگا | آئینے میں عکس کیا دیکھا کہ حیرت ہوگئی
کھل گیا زاہد کا حال کثرت صوم و صلوۃ | شیفتہ حوران جنت پہ طبیعت ہوگئی
روے رنگین اس گل رعنا کا آتا ہے نظر | پھیکی پھیکی باغ میں پھولوں کی رنگت ہوگئی
دلبر یکتا کو پایا ہم نے مر مٹنے کے بعد | جب ہوئی بے صورتی ملنے کی صورت ہوگئی
یا خدا میں دیکھ لیتا ہوں تماشہ عرش کا | دل دیا یا دوربیں مجھکو عنایت ہوگئی
خانۂ دلبر زمانیکی بھری ہیں حسرتیں | کیا خدا کے گھر میں مہمانوں کی کثرت ہوگئی
انکو بلواتا ہوں یہ کہکر عیادت کیلئے | قطعہ | آئے ناساز پھر میری طبیعت ہوگئی

اُڑتا پھرتا ہوں ہوا پر ہر نفس سے جا بجا
ضعف اتنا بڑھ گیا اتنی نقاہت ہو گئی

پیر کا کہلا کے واقف سب سے مستغنی ہوئیں
خاکساری انکے در کی بادشاہت ہو گئی

جلوہ آرا دل میں جب تیری محبت ہو گئی
خود سے میں بیخود ہوا کچھ اور حالت ہو گئی

ہم تمھارے واسطے یونہی تڑپتے رہ گئے
غیر کو محفل میں آنے کی اجازت ہو گئی

کل کے دن وحدت میں اک کثرت نظر آئی مجھے
آج کے دن پھر اُسی کثرت میں وحدت ہو گئی

صاف دل کا آئینہ میں نے کیا اچھا کیا
سامنے میرے آگئی میری صورت ہو گئی

چٹکیاں لیکے راتوں کو اُٹھاتی ہے مجھے
یادِ جاناں یہ کدھر کی تجھکو عادت ہو گئی

کیا ترے ابرو نے ظالم کام خنجر کا کیا
یہ بہت اچھا ہوا دل کی شہادت ہو گئی

تم کو دل دیکر کسی سے لاگ میں کھٹا نہیں
لوگ سمجھیں امانت میں خیانت ہو گئی

دل بھی اے واقف خدا کا گھر نظر آیا مجھے
بند کیں آنکھیں تو کعبے کی زیارت ہو گئی

نہیں نہیں کا جو ہے وظیفہ تو ذکر ہاں ہاں کا دل نشیں ہے

وجودِ امکان ہر دو عالم ظہورِ اثباتِ نازنیں ہے

وہ میری آنکھوں کے روبرو ہے وہ دل میں مانندِ آرزو ہے

مرے رگ و پے میں وہ لہو ہے مرکا کا وہی مکیں ہے
بنا ہے بے کیف و کم تماشا ہوا ہے بیرنگ رنگ والا
کھنچا ہے چون و چرا کا نقشا زبانپہ کیا کیا چناں چنیں ہے
نگاہ میں سب ہے اُس کا جلوہ مٹا دیا رنگ ما و تو کا
نہ تھے کہیں ہم جو ہمنے دیکھا جو خوب ڈھونڈھا تو تو نہیں ہے
وہ چاند سورج وہ آسماں ہے وہ عرش و کرسی ولامکاں ہے
یہیں سے دیکھا جو کچھ وہاں ہے بغل میں دل میرا دوربیں ہے
جو بنگئے ہم عدم کے راہی ہوی ہے باہم عجب تباہی
جدا ہے روح و بدن الٰہی کہیں مکاں ہے کہیں مکیں ہے
خیال گیسو میں ہوں پریشاں مجھے ہے جوش جنوں فراواں
تمام ہے تار تار داماں نہ جیب باقی نہ آستیں ہے
بنا ہے دل شوق کا خزینہ تمام حسرت بھرا ہے سینہ
مجھے بلالے سوئے مدینہ کہ پھر ترا در مری جبیں ہے
دیا تھا ساقی نے پڑھ کے افسوں مجھے بھی جام شراب گلگوں
مدام واقف سر درمیں ہوں مجھے کچھ اپنی خبر نہیں ہے

کچھ لطفِ جنوں ہو گا کچھ جامہ دری ہو گی
ہر نغمۂ بلبل سے یہ راز ہوا ظاہر

جب جلوہ گری تیری و رشکِ پری ہو گی
شاخ و شجر و گل میں اک جلوہ گری ہو گی

اے سوزِ نہاں تو نے پھونکا جگر و دل کو
پروانے میں کب ایسی تفتہ جگری ہو گی

ساقی تری آنکھوں کا ہر ایک ہے متوالا
دل گر گئی بے قابو جادو نظری ہو گی

ہر دل کو محبت کی گرمی نے جلا ڈالا
پتھر کے جگر میں بھی اک آگ بھری ہو گی

جب ہم نہ رہینگے تو ملجائینگے وہ اگر
پائینگے خبر واقف جب بے خبری ہو گی

میانِ بزم جو وہ بے نقاب ہو جائے
ظہورِ روشنیٔ آفتاب ہو جائے

جو دیکھ لیں رخِ پر نورِ سرورِ عالم
مطالعہ میں خدا کی کتاب ہو جائے

کوئی نہ دیکھ سکے تم رہو جو بے پردہ
تجلیٔ رخِ تاباں حجاب ہو جائے

ادھر بھی آئیے گیسو دنِ مدینہ کی
سکونِ خاطر پر اضطراب ہو جائے

نبی کی یاد ہے گویا مفرح جاں بخش
عجب نہیں مری پیری شباب ہو جائے

اگر صفت عرقِ روئے مصطفےٰ کی لکھوں
تو روشنائی میں بو گلاب ہو جائے

تری گلی کی ہوا میں عجب اثر دیکھا
جو آئے شیشے میں گر کر شراب ہو جائے

ظہورِ سبع صفات خدا اثر میں ہے
لکھوں تو سات ورق کی کتاب ہو جائے

گناہ گار بھی پہنچیں کہیں مدینے میں
سلام شافعِ یومُ الحساب ہو جائے

سمجھ کے کعبہ مقصد جھکاؤں سر اپنا
جو سامنے درِ عالیجناب ہو جائے

یہ آرزو ہے کہ چلکر مروں مدینے میں
نہ ہند میں مری مٹی خراب ہو جائے

رقم جو حسنِ رسالت مآب ہو جائے
ہر اِک ورق ورقِ آفتاب ہو جائے

صفاتِ روئے پیمبر کی فکر ہے واقف
کہ نظم معنیٔ اُمّ الکتاب ہو جائے

نظارہ کیا دیدہ دوربیں سے
ہوا سامنا لامکاں کے مکیں سے

نہ پائے گا زاہد پتا غیریت کا
اگر دیکھ لے چشمِ تحقیق بیں سے

ہوئے دل سے پیدا رموزِ محبت
نکلتے ہیں کیا کیا خزانے زمیں سے

جہاں کے خود آئینہ خانہ میں تم ہو
تمھارا نظارا ہے سارا تمھیں سے

جسے عشق کہتے ہیں مذہب ہے اپنا
غرض عاشقوں کو نہیں کفر و دیں سے

نتیجہ ترے در کے سجدوں کا پایا
مری قبر روشن ہے داغِ جبیں سے

مکاں لامکاں تمھیں سے روشن ہیں دونوں
تمھارا تماشا ہے ہر جا تمھیں سے

ضرر ہے ریا کی عبادت میں زاہد
اثر سم کا پیدا نہو انگبیں سے

جنابِ علی کا ہے دربار عالی
ملی اولیا کو ولایت یہیں سے

یہاں اور وہاں ہر جگہ ایک جلوہ | لیا کام ظاہر کا روح الامین سے

جما نفی سے رنگ اثبات واقف
ادا ہو گیا ہاں کا مطلب نہیں سے

مثالِ عرش جو دل ہے وہ اک قمر ہے یہی | ترا مقام یہی تیری رہگذر ہے یہی
اُدھر جلال سے روشن اِدھر جمال کیساتھ | یہی تو مہرِ جہانتاب ہے قمر ہے یہی
ہر اِک جگہ مرے ہرجائی کا تماشا ہے | میان دیر ہے کعبہ مین جلوہ گر ہے یہی
چھپا ہے یار مرا خود لباسِ انساں میں | مین حسن کا شیفتہ ہوں صورتِ بشر ہے یہی
کبھی گھٹا نہ بڑھا وہ ہے ہر جگہ یکساں | مرا خیال یہی ہے مری نظر ہے یہی
پڑا ہے تو بھی عبث ما و تو کے جھگڑے میں | دوئی کے شرک میں ہے غیریت اگر ہے یہی
ہوا ہے عشق کی گرمی کا کچھ اثر پیدا | جلیگا دل بھی اگر سوزشِ جگر ہے یہی
بھری ہے آنکھوں میں گویا شرابِ جامِ الست | مجھے بھی مست بنایا تری نظر ہے یہی
پڑے ہیں جان کے لالے دیا جو دل اپنا | تمھارے نخلِ محبت کا کیا ثمر ہے یہی
عجب ہے قیس کی حالت خیالِ لیلیٰ میں | جنون عشق کو کہتے ہین جامہ در ہے یہی
وہ ہوشیار ہے پیکے جو رہا مدہوش | جو بیخبر ہے جہاں سے تو باخبر ہے یہی
نشانِ یار کا دل ہی سے ملگیا واقف | ہماری منزلِ مقصد کا راہبر ہے یہی

کارگر ہو گئی نظر ہی تو ہے
تیر سے چھد گیا جگر ہی تو ہے

دل ہے اور حسرتیں تمنّائیں
جمع مہماں ہیں اپنا گھر ہی تو ہے

سر بکف میں ہوں وہ ہے تیغ بکف
فیصلہ اسکا یار پر ہی تو ہے

ذات میں ہیں صفات پوشیدہ
تخم میں پھول پھل شجر ہی تو ہے

چلتے پھرتے میں دیکھتا ہوں تجھے
دل مرا تیری رہگذر ہی تو ہے

ایک معشوق سیکڑوں عاشق
جسکو سب چاہتے ہیں زر ہی تو ہے

دل تڑپتا ہے نظمِ واقف سے
دیکھئے بات میں اثر ہی تو ہے

بیحجابانہ جو وہ جلوہ کناں رہتا ہے
پُرضیا دیدۂ صاحب نظراں رہتا ہے

نہ زمیں ہے نہ فلک ہے نہ وہاں تحت نہ فوق
ہُو کا عالم ہے نہ پوچھو وہ کہاں رہتا ہے

نقدِ جاں دیکے کبھی لے نہ سکا زاہدِ شہر
سچ ہے سودائے محبّت بھی گراں رہتا ہے

عُرس ہوتا ہے جو ساقی ترے مستانے کا
قبر پر مجمع رنداں جہاں رہتا ہے

دیکھ لیتے ہیں اُسے اہلِ نظر پیشِ نظر
کور چشموں کی نگاہوں سے نہاں رہتا ہے

صفتِ سیبِ ذقن نسخۂ صحت تو نہیں
چُپ جو ہوتا ہوں تو مجھکو خفقاں رہتا ہے

دل ہے پہلو میں تپاں روح بدن میں ہے نزار
یار کا عشق بلائے دل و جاں رہتا ہے

ذات کی جلوہ گری دیکھئے مابینِ صفات
نرہا جسم سلامت جو کیا روح نے کوچ
حرم و دیر کو چھوڑا تو چلے دل کیطرف

آب پوشیدہ سیاہی میں رواں رہتا ہے
جس میں موجود مکیں ہو تو مکاں رہتا ہے
نہ یہاں رہتا ہے وہ گل نہ وہاں رہتا ہے

بادہ کش منتظرِ موسمِ گل ہیں واقف
کس لئے بندِ درِ پیرِ مغاں رہتا ہے

طلب ہو کر درِ شاہِ شہاں سے
ہوا جب شورِ نیلا دو پیمبر
ادب سے جب لیا نامِ محمدؐ
مرا خالق ہے مجھکو دینے والا
سرِ محشر ملے ہم سے پیمبر
بقا کا لطف بھی بعدِ فنا تھا
ہم اُس کا بر ملا دیکھیں تماشا
لیا نامِ محمدؐ وقتِ آخر
چمن بھی ہے نہاں شاید تہِ خاک
خدا عاشق تھا پاس اپنے بلایا

قطعہ

وہاں ہیں کے سر بل پہنچو یہاں سے
زمیں پر نور برسا آسماں سے
ہوا جاری درود اپنی زباں سے
طلب کرتا نہیں میں یہاں سے
جو ہم اُٹھکر چلے خوابِ گراں سے
بہار آخر ہوی پیدا خزاں سے
اگر اُٹھ جائے پردہ درمیاں سے
جو دل میں تھا وہی نکلا زباں سے
نکلتے ہیں یہ گل بوٹے کہاں سے
چلا معشوق بے سایہ یہاں سے

رہے تا عرش صف بستہ ملائک
حلاوت میں نبات آبِ مدینہ

تجلّی لامکاں تک تھی مکاں سے
مزا اس کا کوئی پوچھے زباں سے

لگائی مُہرِ خاموشی لبوں پر
جو میں واقف ہوا سِرِ نہاں سے

عشقِ جاناں ازل سے اچھا ہے
کام پہلے پہل سے اچھا ہے

باعمل ہے جو ناظرِ قرآں
حافظِ بے عمل سے اچھا ہے

بیٹھنا گوشۂ قناعت میں
کام طولِ امل سے اچھا ہے

دیکھکر تم جو آئے عاشق کو
آج کے دن وہ کل سے اچھا ہے

پیچ سنبل کا باغ میں دیکھا
کب وہ زلفوں کے بل سے اچھا ہے

لبِ جاناں کا ہر سخن شیریں
قند سے اور عسل سے اچھا ہے

عشق ہے زخم و داغ سے سرسبز
یہ شجر پھول پھل سے اچھا ہے

نعتِ احمد اگر لکھو واقف
ہر قصیدہ غزل سے اچھا ہے

تیری یکتائی کے غلبہ سے دوئی گھبرا گئی
کام اچھا اُس گھڑی نکتے ترانے نے کیا

بیخودی کا رنگ جب دیکھا خودی گھبرا گئی
قالبِ خاکی سے پہلے روح بھی گھبرا گئی

| | |
|---|---|
| اپنا سایا دیکھکر خود بھاگتا پھرتا ہوں میں | میری وحشت سے مری دیوانگی گھبرا گئی |
| رہ گئے سب اور ہم نے سر پہ رکھا بارِ عشق | کیا کہیں پہلے طبیعت تو بڑی گھبرا گئی |
| گھر سے وہ نکلے نہیں یہ دل سے نکلے کس طرح | ایک گوشہ میں جو تھی حسرت مری گھبرا گئی |
| یا خدا اس نفسِ موذی کی حکومت سے بچا | اسکے باتوں سے طبیعت اب مری گھبرا گئی |

عشق کے میدان میں واقف نے جب رکھا قدم
دل بھی کچھ گھبرا گیا کچھ جان بھی گھبرا گئی

جنوں کا جوش تھا لیلیٰ کے محمل کی تمنّا بھی
دلِ مجنوں میں پیدا تھی سلاسل کی تمنّا بھی

وہ مل سکتی نہیں آغوش میں جب تک نہ تم آؤ
عروسِ نو کی صورت ہے مرے دل کی تمنّا بھی

وہ آمادہ ہے بہر قتل میں بھی سر بکف حاضر
کوئی دم میں نکل آتی ہے قاتل کی تمنّا بھی

زکواۃِ حسن دو۔ باتیں کرو پہلو میں آبیٹھو
نکالو مہرباں کچھ اپنے سائل کی تمنّا بھی

رہا ناقہ کے آگے چاک داماں قیسِ دیوانہ

یہی تھی دلربائے قیس کے دل کی تمنّا بھی
وہ بے پردہ نہیں آتے سبب اسکا نہیں کھلتا
رہی ہے دل کے اندر کیوں مرے مردل کی تمنّا بھی
تڑپنے کا تماشا وہ بھی آخر دیکھلے میرا
یہی تھی سامنے قاتل کے بسمل کی تمنّا بھی
وہ بولے آئینہ میں عکس سے تم گھورتے کیوں ہو
ہمیں ٹھہرے ہیں کیا شخص مقابل کی تمنّا بھی
میں کس کو مدّعا سمجھوں تمنّا کسکو ٹھہراؤں
وہ میرے مدّعا بھی ہیں مرے دل کی تمنّا بھی
خدا کے گھر کو دیکھوں خانۂ محبوب تک پہنچوں
ہوس کعبہ کی ہے طیبہ کے منزل کی تمنّا بھی
میں چپکا ہو گیا جب قصّۂ منصور یاد آیا
نہ تھی حق نے باقی اہل باطل کی تمنّا بھی
کہیں آئینہ دار حسن روئے یار نکھائیں
یہ حسرت مہر کی ہے ماہ کامل کی تمنّا بھی

بمیدان فصاحت گوئے سبقت بُردہ واقف

یہی تھی حضرت اوستادِ کامل کی تمنا بھی

کیا دلکشا بہار چمن گُل کیسا تھ ہے
جو رنگ عشق کا ہے وہ بلبل کیسا تھ ہے

آئی بہار جمع ہیں سب رند ساقیا
کیون جام مُل کا دور تامّل کیسا تھ ہے

یُمن قدم سے تیرے جما انجمن کا رنگ
خوشبو چمن میں چار طرف گُل کیسا تھ ہے

دیکھا نہیں فقیر کو سائل کسی جگہ
جو اُس کا کام ہے وہ توکّل کیسا تھ ہے

بیکس کا کون خلق میں حاجت برار ہو
دنیا کا کاروبار توسّل کیسا تھ ہے

اطفال کا ہجوم تماشائیو نکی بھیڑ
دیوانہ اُس پری کا تحمّل کیسا تھ ہے

واقف عجب ہیں یار کے گیسوئے خم بہ خم
سُنبل کا پیچ و تاب تو سنبل کیسا تھ ہے

عاشق زار ہو نہیں مجھ میں وفاداری ہے
تم ہو معشوق تمھیں مشق ستمگاری ہے

لوحِ محفوظ کے رہتا ہے مقابل دل صاف
جو وہاں حکم لکھا ہے وہ یہان جاری ہے

رات ہوتا ہے تو سوتے ہوئے اُٹھ بیٹھتے ہیں
تجھکو جنبش نہیں کیسی یہ بیداری ہے

غلبۂ عشق سے باقی نرہے ہوش و حواس
مین جو دیوانہ بنا ہوں مری ہشیاری ہے

دلکشا کہتے ہیں جنّت کو بجا کہتے ہیں
سرزمیں کوچۂ جاناں کی بہت پیاری ہے

تم ستمگار ہو بے مہر ہو سفاک بھی ہو ۔ دل دیا تمکو یہی میری جگرداری ہے

ساقیا دے وہ مئے ناب کہ مدہوش رہوں ۔ بیخبر ہونیکو کہتے ہیں خبرداری ہے

یا خدا حشر میں تونے مجھے رسوا نہ کیا ۔ سب گناہوں کو چھپایا تری ستاری ہے

دیدیا حضرتِ واقف کی بھی حکمت نے جواب

بنگئی جان پہ کیا عشق کی بیماری ہے

رخِ گل تر نہیں تو پھر کیا ہے ۔ قدِ صنوبر نہیں تو پھر کیا ہے

خالِ اختر نہیں تو پھر کیا ہے ۔ دانت گوہر نہیں تو پھر کیا ہے

دل جلاتا ہے بادۂ گلگوں ۔ آتشِ تر نہیں تو پھر کیا ہے

اپنے شیدا کو دیکھ لینا تم ۔ حال ابتر نہیں تو پھر کیا ہے

دل لیا اب ہے جان کا خواہاں ۔ وہ ستمگر نہیں تو پھر کیا ہے

کردیا مجھکو عشق نے بدنام ۔ ذکر گھر گھر نہیں تو پھر کیا ہے

جلوہ فرما ادھر بھی ہو جانا ۔ دل ترا گھر نہیں تو پھر کیا ہے

قطعہ

ملگئی راہِ منزلِ مقصد ۔ پیر رہبر نہیں تو پھر کیا ہے

پانی اسکے وضو کا میرے لئے ۔ آبِ کوثر نہیں تو پھر کیا ہے

ایضاً

میر عثمان علی شاہِ دکن ۔ بندہ پرور نہیں تو پھر کیا ہے

اُسکی مشہور ہے جہانداری
عدل گستر نہیں تو پھر کیا ہے

اُسکے گھر کا طواف اے واقف
حج اکبر نہیں تو پھر کیا ہے

دیوانہ کیا خلق کو اُس رشک پری نے
کیا ایک کرشمہ تھا کہ دل سیکڑوں چھینے
لاکھوں درم داغ جنوں ہمیں بھرے ہیں
سینے ہیں ترے چاہنے والوں کے خزینے
باہر کسی تختے کو نکلتے نہیں دیکھا
ڈوبے ہیں بہت بحر محبت میں سفینے
تو جن میں نظر آئے وہی قلب ہیں روشن
جن پر ہے ترا نام وہ اچھے ہیں نگینے
جو عرش ہے وہ بارگہ خاص ہے تیری
افلاک سے اونچے ہیں ترے بام کے زینے
عشاق کے ہوتے ہوئے اغیار سے کیا کام
کیوں جمع ہیں ہر دم تری محفل میں کمینے

ہر وقت گذر کوچۂ جاناں میں ہے اُس کا
واقف ترا کیا حال ہے پوچھا نہ کسی نے

احد احمد میں سمجھو فرق کیا ہے
یہی اِک میم پردا بنگیا ہے
ہمیں ہے کوچۂ جاناں سے مطلب
سر زاہد میں جنت کی ہوا ہے
ہوا یہ قلقل مینا سے معلوم
پیو بادہ در توبہ کھلا ہے
اِسی انساں میں ہے ساری خدائی
بظاہر ایک پتلا خاک کا ہے

وہ بے پردہ نظر آتے ہیں ہر جا — مگر امروز و فردا کا مزا ہے
کہا میں نے تپِ غم سے ہوں بے چین — وہ بولے دل لگانیکی سزا ہے
سمجھ میں جو نہیں آتا کسیکی — میں کہتا ہوں وہی میرا خدا ہے
تری حسرت بھری ہے یا ترا غم — مرے دلمیں مرے سینے میں کیا ہے
ہوئے آدم میں باہم جمع اضداد — یہ خاک و آتش و آب و ہوا ہے

خیالِ واقفِ ناچیز رکھنا
تمھارا ہے بھلا ہے یا بُرا ہے

انکی چوکھٹ دھو کے لانا چاہیے — شربتِ صندل بنانا چاہیے
پاؤں کے چھالونسے لے بو خارِ دشت — تاک کر انگور کھانا چاہیے
ہے گلِ سرخ اُس حسین آرا کا رخ — زلفِ سنبل سے ملانا چاہیے
زردیٔ رخ عاشقونکو ہے ضرور — زعفرانی رنگ لانا چاہیے
حبِّ افیوں ہے ترا خالِ سیہ — اُسکے غم میں زہر کھانا چاہیے
دانۂ فلفل ہے تل ریحاں ہے خط — اُنکو یہ مضموں سنانا چاہیے
ہاتھ آ جائے اگر سیبِ ذقن — وحشتِ دل کو گھٹانا چاہیے
ہوں علیل اُن کے لب و رخسار کا — چند دن گلقند کھانا چاہیے

کوئی ملجائے اگر واقف طبیب
عشق کا نسخہ لکھا نا چاہیئے

دل ایک ملا وہ بھی نہیں عشق سے خالی — ہے آنکھ بھی ایسی کہ تری دیکھنے والی
تاثیر جمالی ہے ترے لطف میں پیدا — کہتے ہیں غضب کو ترے سب اسم جلالی
ہونا تھا جو کچھ پہلے رکھا علم میں پنہاں — دارین کی پھر کُن سے بنا آپنے ڈالی
دل تاب و تواں صبر و سکوں کچھ نہیں رکھتا — اچھی نہ رہی غم سے مری حالت مالی

بزم طرب آراستہ فرمائے واقف
ہم چاہتے ہیں اپنی طبیعت کی بحالی

کسکی مجال کوچۂ جاناں میں جا سکے — اُسکی خبر کو بیخبری تو ہی لا سکے
پاس اُنکے اپنے دلکو سنبھالے ہوئے تھے ہم — کچھ کہہ سکے زبان نہ آنسو بہا سکے
ہر اک لباس میں نظر آئے حضور آپ — لیکن نہ بے نقاب کبھی منہہ دکھا سکے
گذری طواف دل ہی میں اپنی تمام عمر — کعبے کو جا سکے نہ صنم خانہ آ سکے
نازک بہت ہے سب سے مرے یار کا مزاج — اُسکو بلا سکے نہ کوئی پاس جا سکے

منہہ سے ہزار تم نہ کہو جانتا ہے وہ
واقف سے بات دلکی کوئی کیا چھپا سکے

دلکو خیال زلف بت سرو ناز ہے — کیونکر بیاں کروں مرا قصہ دراز ہے
عرش بریں پہ آپ ہیں فرش زمیں پر آپ — دیکھا کہیں نہ قید نشیب و فراز ہے
یارب کہیں کدھر سے ادھر مجھکو لیکے چل — ہر شیکو خواب میں بھی خیال حجاز ہے
تشریف لائیں دلکے مکانمیں جناب عشق — آداب بندگی ہے سلام و نیاز ہے
باطن میں تاک جھانک لگائی ہے سو دل — ظاہر میں بند دیدۂ نظارہ باز ہے
زاہد سلام تیرے قیام و قعود کو — وہ سامنے رہے تو ہماری نماز ہے

شیریں و تلخ کا نہ فنا سے رہا تمیز
واقف اگرچہ نام مرا امتیاز ہے

ساقی میں ترے صدقے دے ساغر بدہوشی
ہو جائے دو عالم سے اک لخت فراموشی
گردش میں ہے پیمانہ کیا رنگ ہے مستانہ
ساقی کی عنایت سے ہے محفل مے نوشی
کیونکر تجھے ہم دیکھیں ہو جاتی ہیں بند آنکھیں
ہے جلوۂ حسن رخ اک پردۂ روپوشی
لا کھینچ کے پہلو میں اس دلبر رعنا کو

اے جذبۂ بے تابی اے شوقِ ہم آغوشی

کھا کر مرا لختِ دل تو خونِ جگر پی لے

اے عشق یہ حاضر ہے سامانِ خورد و نوشی

کیا کام کیا تونے اے جلوۂ جانانہ

موسےٰ کو نظر آیا اک عالمِ بیہوشی

واقف جو ہوا تم سے کی بند زبان اپنی

ہے مانعِ گویائی مُہرِ لبِ خاموشی

ہر صفت میں اسکی پنہاں ذات ہے

معنیٔ لا تقنطوا پر ہے نظر

ثَمَّ وجہُ اللہ سے مطلب کُھلا

خلقِ انساں سے ہوا ظاہر مجھے

شکلِ آدم ساختی بر شکلِ خویش

کُنتُ کنزاً مخفیاً کی بات ہے

اُس کی رحمت قاضی الحاجات ہے

اسکا جلوہ دیکھنے کی بات ہے

احسن التقویم میری ذات ہے

میں تیرے صدقے تری کیا بات ہے

میں نہیں واقف تو پھر گویا ہے کون

بات میری کیا اُسکی بات ہے

# متفرقات

خوب نقشہ کھنچا خدائی کا / رنگ ہے اسمیں مصطفائی کا

شمع کے ہے سوزِ غم ہے حالِ پروانہ خراب / عشق میں جس نے قدم رکھا ہوا خانہ خراب

گر نہ چلے اور ریاضت میں نہ بیٹھیں / تو مباش اصلا کمال اینست و بس

سر دے رکھے خیالی نے رکھا دین و دنیا کا / شرابِ بوالعلائی پینے والے ایسے ہوتے ہیں

چلتے ہوئے انفاس نظر آتے ہیں تار سیت / تھکتے نہیں پاؤں ہیں کیا عمرِ رواں کے

رکھا نہ ہوش کسی کا شرابِ دولت نے / بنا کے رکھتی ہے مستانہ یہ پری کیسی

جبیں پر داغِ سجدہ خوب چمکا / شرف پایا نبی کے آستاں سے

ذرہ بھی ہوں تو مہرِ درخشاں کے ساتھ ہوں / جاتا کہاں ہے خضر بھی اُسی گل کے ساتھ ہے

یا خدا ہو قیسِ دیوانہ پہ رحمت کا ورود / تھی سگِ لیلی سے بھی وارفتگی اسکی نمود
لی بلائیں رخ کی سر کو خم کیا بہرِ سجود / پائے سگ بوسید مجنوں خلق پرسید اینچہ بود
گفت گاہے گاہے اندر کوئے لیلی رفتہ بود

قیس کے ہے ہر رگ و پے میں محبت کا شہود / یادِ لیلی میں نہ رکھی اُسنے باقی اپنی بود
راہ میں دیکھا تو بے چینی ہوی اُسکو نمود / پائے سگ بوسید مجنوں خلق پرسید اینچہ بود
گفت گاہے گاہے اندر کوئے لیلی رفتہ بود

راگ میں ہے شیخ فرخندہ قدم
سب یہ کہتے ہیں یہ ملکر زیر و بم

بزم میں پھرتا ہے حق دانی کا دم
خواجہ پندارد کہ مرد حاصلم

حاصل خواجہ بجز پندار نیست

سرہلا میں راگ سنکر دمبدم
میں کہونگا کھاکے ہو حق کی قسم

شیخ بھی مارین کہ کچھ سمجھے ہیں ہم
خواجہ پندارد کہ مرد حاصلم

حاصل خواجہ بجز پندار نیست

غیر او در جہاں نباید دید
چشم بر روے یار باید کرد

ساقی تری شراب میں مستی بلا کی ہے
جو مست تھے وہ ہوش میں اب تک نہ آسکے

ما سوا حق کے نظر آتا ہے سب باطل مجھے
یا رب یہ پردہ کو زاہد نے دیکھا آنکھ سے

عالم بے بود۔ مانند سراب آیا نظر
دیدۂ خفاش کو کب آفتاب آیا نظر

راز کھل جائیگا میرا دل نہ چھیڑ
یار تو مجھکو سر محفل نہ چھیڑ

آنکھ کی پتلی میں ہے تنویر رخ
ہے عجب روشن تری تصویر رخ

طاق سینہ نور سے معمور ہے
آئینہ ہے دل کا اور تصویر رخ

چلے نسیم عطا جوش پر ہو ابر کرم
یہ شاخ مقصد دل کی ہری بھری ہو جائے

زور ہم اپنی طبیعت کا جو دکھلاتے ہیں
ہاتھ باندھے ہوئے مضمون چلے آتے ہیں

# شفاعت نامہ

خوش سحر چشم من نشینی یا رسول
جلوۂ مہر منیر بینی یا رسول
مہبط روح الامینی یا رسول
عاشقاں را زینت زینی یا رسول

ایکہ امت را معینی یا رسول
رونق بستان دینی یا رسول
سر ربک الیقینی یا رسول
مہ جبینی نازنینی یا رسول

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

ابتدا میں انتہا میں آپ ہیں
ضو فگن ارض و سما میں آپ ہیں
شمع بزم انبیا میں آپ ہیں
عاصیوں کے مدعا میں آپ ہیں

محو ذات کبریا میں آپ ہیں
ہر خلا میں ہر ملا میں آپ ہیں
پھول باغ اولیا میں آپ ہیں
مہرباں روز جزا میں آپ ہیں

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

رونقِ گلزارِ وحدت آپ ہیں
نیرِّ اوجِ رسالت آپ ہیں
نورِ مصباحِ ہدایت آپ ہیں
جوششِ دریائے رحمت آپ ہیں

گرمئی بازارِ کثرت آپ ہیں
دُرّۃ التّاجِ نبوّت آپ ہیں
کانِ عزّت شانِ عظمت آپ ہیں
شافعِ روزِ قیامت آپ ہیں

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

یا شفیع الاوّلین و الآخرین
آپکے دونوں جہاں زیرِ نگیں
آپ ہیں محبوبِ ربّ العالمیں
میں وہ بیکس ہوں مرا کوئی نہیں

آپکے زیرِ قدم عرشِ بریں
آپکے اہلِ فلک اہلِ زمیں
راحت افزائے دلِ اندوہگیں
اک نظر رحمت کی ہو جائے کہیں

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

آپ ہی ہیں بادشاہِ کُن فکاں
آپ ہیں محبوبِ خلّاقِ جہاں
آپ ہیں آفت زدوں پہ مہرباں
آپ ہیں پشت و پناہِ خستگاں

آپ ہی ہیں مالکِ کون و مکاں
آپ ہیں مقصودِ دل مقصودِ جاں
آپ ہیں مرہم ہر زخمِ نہاں
آپ ہیں رحمت کے دریا بیکراں

رحمۃ للعالمینی یا رسولؐ
ہم شفیع المذنبینی یا رسولؐ

کیا مبارک تھا سفر معراج کا
دیکھکر آدم پکارے مرحبا
ملگئے احمد احد سے بر ملا
جب ہوئے فردوس میں رونق فزا

فرش سے تا عرش پہونچے مصطفےٰ
تھی فرشتوں میں صدا صلِّ علیٰ
بیچ میں پھر میم کا پردہ تھا
لیکے حوروں نے بلائیں یہ کہا

رحمۃ للعالمینی یا رسولؐ
ہم شفیع المذنبینی یا رسولؐ

دیکھ لوں ملکِ عرب اب کے برس
کوئی ہے حامی نہ میرا پیش و پس
یثرب و بطحا کی ہے دلمیں ہوس
دیکھ لوں طیبہ میں روضے کا کلس

یا نبی میرا گیا ہے جی ترس
ہو تمھیں حضرت مرے فریاد رس
کیا کروں میں ہوں مثالِ خار و خس
رات دن میرا وظیفہ ہو یہ بس

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

شوق طیبہ نے کیا ہے دلمیں گھر
آستانِ پاک آجائے نظر
کوئے والا میں پھروں آٹھوں پہر
ہو اگر روضے کی جالی تک گذر

یا نبی مجھکو بلا لیجے ادھر
جا نکر کعبہ جھکاؤں اپنا سر
ہو جنونِ عشق کا پیدا اثر
یہ کہوں ہاتھوں کو اپنے جوڑ کر

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

ہے مجھے اک عمر سے جوشِ جنوں
گر وہاں تک میں نہ پہنچوں کیا کروں
یاد فرمائیں تو سر کے بل چلوں
پھاڑ دوں دامن کو دیوانہ بنوں

چلکے صحرائے مدینہ دیکھ لوں
دل کا سارا حال لکھکر بھیجدوں
کثرتِ شادی سے میں بیخود رہوں
سر جھکاؤں در پہ یہ رو کر کہوں

رحمۃ للعالمین یا رسول
ہم شفیع المذنبین یا رسول

ہے نہایت سخت روزِ دار و گیر
اُسجگہ لے آئے گا ربّ قدیر
معصیت و الے ندامت میں اسیر
امّتِ عاصی ہے ناچار و حقیر

ہونگے لرزاں کیا صغیر اور کیا کبیر
جنت و میزان و پل نار سعیر
کون ہوگا ہائے اُن کا دستگیر
سب پکارینگے یہی برنا و پیر

رحمۃ للعالمین یا رسول
ہم شفیع المذنبین یا رسول

غرق ہوں میں بحرِ عصیاں میں مدام
کب ہوا مجھ سے کوئی نیکی کا کام
نفس نے اپنا بنا رکھا ہے رام
ہے پریشانی کا عالم صبح و شام

ہے خیالِ پرسشِ روزِ قیام
عمر گذری ہے گنا ہوں میں تمام
حرص کی ہے راہ میں ہر ایک گام
تم سنبھالو تو سنبھلتا ہے غلام

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

اے بہارِ گلشنِ پیغمبری
اے شہِ مسند نشینِ سروری
مجھ میں پیدا ہے جہاں کی ابتری
آپکی عادت ہے رحمت گستری

ہے تبہ کاری ہے آنکھوں میں تری
ہو ادھر بھی چشمِ بندہ پروری
کون میری جنس کا ہے مشتری
بخشوا نا کر کے جرموں سے بری

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

ہم رہے جرم و خطا کے سامنے
رہ گئے حرص و ہوا کے سامنے
آئیں کیونکر کبریا کے سامنے
حشر میں سر کو جھکا کے سامنے

جائیں کس منہ سے خدا کے سامنے
ہیں مصیبت کے بلا کے سامنے
کب ہے ترا اسکی رضا کے سامنے
یہ کہیں گے مصطفےٰ کے سامنے

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

گو گنہگار و نمیں ہوں میں یا غفور
ہو خیال جاہ دنیا دل سے دور
سر سے پا تک مجھ میں ہیں جرم و قصور
ہے ترا محبوب سلطان غیور

چاہیئے تیری عنایت کا ظہور
نفس کا چلنے نہ پائے مکر و زور
ہے امید مغفرت روز نشور
حشر میں رو کر کہونگا میں حضور

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

یا محمدؐ جلوۂ فیضِ اتم
یا رسول اللہ فخرِ خندہ شیم
یا نبی اللہ سرورِ ابرارِ اُمم
یا حبیب اللہ نبی محترم

اس طرف بھی کیجیے چشمِ کرم
آپکی رحمت کے ہیں محتاج ہم
رات دن ہم آپکا بھرتے ہیں دم
واقفِ عاصی کو محشر کا ہے غم

رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

## فغانِ واقف

دونوں جہاں کے سرورِ ذیجاہ المدد
ہو میرے حالِ زار سے آگاہ المدد

میں ہوں تمہارے در سے مدد خواہ المدد
تا چند سوزِ غم سے کروں آہ المدد

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

مرہم نصیبِ زخمِ دروں ہو تو بات ہے
یوں جامہ درنہ جوشِ جنوں ہو تو بات ہے
دلکو ذرا بھی صبر و سکوں ہو تو بات ہے
امداد میری حد سے فزوں ہو تو بات ہے

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

دلکی شکستگی سے ہوں ناشاد الغیاث
بیحد ہے پیرِ چرخ کی بیداد الغیاث
ہے شغل آہ و نالہ و فریاد الغیاث
دم بھر میں کر دیا مجھے برباد الغیاث

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

پیشِ نظر ہے یاس کی تصویر کیا کروں
اچھا ہوا نہ یہ دلِ دلگیر کیا کروں
بے سود ہو گئی مری تدبیر کیا کروں
کرتی نہیں کچھ آہ بھی تاثیر کیا کروں

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

تھا گلستانِ دہر میں اک گل جو میرے پاس
بادِ خزاں نے ہائے مجھے کر دیا اداس
رنگ اُسکا دیکھتا تھا کبھی سونگھتا تھا باس
سب حسرتیں سدھار چکیں سامنے ہے یاس

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد

آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

کیونکر کہوں کہ دل ہے مرا کس لئے ملول
دل کی کلی کھلی نہ ہوا مدعا حصول
وہ کون تھا جو مجھکو یکایک گیا ہے بھول
تم پر چھپا نہیں ہے مرا حال یا رسول

وقت مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

سینے میں درد آنکھوں میں آنسو لبوں پہ آہ
سوزش جگر میں دل میں تپش شام اور پگاہ
صدمے سے عیش تلخ ہے درپیش غم کی راہ
روشن جو دن ہے وہ مری نظروں میں ہے سیاہ

وقت مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

افسانہ اپنے درد کا کیونکر سناؤں میں
پنہاں جو زخم دلمیں ہے کسکو دکھاؤں میں
کبتک جگر کو آتش غم سے جلاؤں میں
کبتک جفائے چرخ کے صدمے اٹھاؤں میں

وقت مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

کہتا ہے مجھسے دل لب فریاد وا نہو
جو درد ہے نہاں وہ کہیں برملا نہو
جوش جنوں میں پیرہن تن قبا نہو
رسوا ترا غریب کہیں جا بجا نہو

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

افسردگی عیاں ہے دلِ پُرملال سے
میں پائمال ہوں فلکِ دوں کی چال سے
کیا خواب تھا نکل نہیں سکتا خیال سے
واقف تمھیں ہو سرورِ دیں میرے حال سے

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

منہ سے کہوں تو بین ہو لکھوں تو مرثیا
چپکا رہوں کہ عرض کروں وا مصیبتا
تقریر میں تو رنج ہو تحریر میں بُکا
ملتی نہیں ہے دردِ دروں کی کہیں دوا

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

اے میرے مصطفےٰ مرے سرور مدد کرو
دامِ بلا میں ہے دلِ مضطر مدد کرو
اے میرے پیشوا مرے رہبر مدد کرو
پہنچو مدد کو میرے پیمبر مدد کرو

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

پیری میں مجھ سے دور رہے ماسوا کا رنج
بے انتہا کا رنج ہے ماوشما کا رنج

ہوں ناتواں اٹھا نہ سکوں گا بلا کا رنج
کیا کیا مجھے دکھائیگا اک دلربا کا رنج

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

دل میرا ماسوا کی محبت میں پھنس نہ جائے
وہ کون ہے جو دل کی لگی کو مرے بجھائے
جو ہیچ ہیچ ہے وہ ذرا دھیان میں نہ آئے
سینے میں آگ بھڑکی ہے جلتا ہوا ہائے ہائے

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

وقتِ مدد ہے ہوں تپ اندوہ سے نزار
وقتِ مدد ہے غلبۂ غم سے ہوں اشکبار
وقتِ مدد ہے کوئی نہیں میرا غمگسار
وقتِ مدد ہے سوزِ نہاں سے ہوں بیقرار

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

طفلی گئی شباب بھی گذرا ہوا ہوں پیر
مشکل میں ہوں کہ کوئی نہیں میرا دستگیر
پیری نے کیسی کیسی بلا میں کیا اسیر
ہو جائیں آپ ہی مرے حامی دمِ اخیر

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندۂ درگاہ المدد

ہو وقتِ نزع پیشِ نظر جلوۂ حضور — آنکھوں کے مردمک میں سمائے خدا کا نور
ہو دور ایسے وقت میں شیطاں کا مکر و زور — اظہار اپنا حال کروں آپ سے ضرور

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندہ درگاہ المدد

کنجِ لحد میں ہو نہ مرے دل کو اضطراب — کر دوں ادا سوالِ نکیرین کا جواب
تا صبحِ حشر میں ہوں راحت سے مستِ خواب — یوم الحساب بھی ہو مرا سہل تر حساب

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندہ درگاہ المدد

عاصی ہوں حشر کا ہے مجھے ڈر میں کیا کروں — میزاں کے ہوں خیال سے مضطر میں کیا کروں
ہوگا گذر صراط سے کیوں کر میں کیا کروں — حامی تمہیں ہو شافعِ محشر میں کیا کروں

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد
آفت میں ہے یہ بندہ درگاہ المدد

میں واقفِ حزیں ہوں شکستہ ہوں زار ہوں — بے صبر و بے شکیب ہوں آشفتہ کار ہوں
حیراں بکارِ خویش ہوں سینہ فگار ہوں — تائید کا حضور کے امیدوار ہوں

وقتِ مدد ہے المدد اے شاہ المدد — آفت میں ہے یہ بندہ درگاہ المدد

# ساقی نامہ

مجھے ساقیا دے شرابِ انا
انا وہ بھی بعدِ فناء الفنا

چڑھا نشۂ بو العلائی رہے
خبر کچھ نہ اپنی پرائی رہے

بدلتا ہے دم میں زمانیکا رنگ
نہ کر مے پلانے میں ساقی درنگ

رہے بیخودی کا اثر پائیدار
نہو دلمیں پیدا غمِ روزگار

پلا ساقیا آبِ آتش لباس
زمانیکے جھگڑوں سے دل ہے اداس

رہوں بیخبر ایک ہی جام میں
نگذرے مری رنج و آلام میں

پلا ساقیا بادۂ لالہ گوں
ترے مے پرستوں میں شامل رہوں

خدا خانہ و دیر سے کام کیا
مجھے مے پلا صبح کیا شام کیا

پلا جلد مے ساقیِ گلبدن
کہ ہے تاک میں دورِ چرخِ کہن

گذر جائے میری خرابات میں
نہ آؤں زمانیکے آفات میں

فزوں نشۂ بادہ ہر آن ہو
جو ہو کام مشکل وہ آسان ہو

وہ دے ساقیا بادۂ تند و تیز
کرے دل نشہ میں ما و من سے گریز

اُٹھے چشم سے ماسوا کا حجاب
پلا بادۂ ارغواں ساقیا
نظر میں ہے رنگِ حیات و حباب
نیا روز رنگِ زمانہ ہوا
کہاں ہے وہ شاہ و امیر و فقیر
سکندر کدہر اور دارا کہاں
نہ اُن کا نشاں ہے نہ اُن کا پتا
جو تھی گردشِ آسماں تاک میں
نہ دل ہوا اسیرِ بلا ساقیا
ہمیشہ رہوں خود سے نا آشنا
نظر میں ہے تیغِ اجل بے نیام
لئے دام موجود صیاد ہے
کہاں ہیں جوانانِ نازک بدن
گئے سارے رمان والے کدہر
یہ کہتی ہے بیچارگی بے بسی

نظر آئے ہر جا وہی بے نقاب
نہیں اعتبارِ جہاں ساقیا
کہ ہیں دم کے دم میں دونوں حباب
کہ حال آج کا کل فسانہ ہوا
کہاں ہیں وہ اموال و تاج و سریر
کدہر شاہِ جمشید و نوشیرواں
خبر ہی نہیں دفعتہً کیا ہوا
گئے ناگہاں سب کے سب خاک میں
مجھے مے پلا دے پلا ساقیا
کہیں نشہ میں مجھکو بیخود بنا
خبر یہ نہیں کب کرے اپنا کام
سُنے کون یہ کسکی فریاد ہے
کہاں ہیں حسینانِ گُل پیرہن
گئے حسن کی شان والے کدہر
کہ گورِ غریباں کی بستی بسی

پلا مے وہ اے پیر بادہ فروش
نہ آئے کبھی عمر بھر مجھکو ہوش

رہے اسقدر بے خیالی مجھے
کہیں وجد والے بھی حالی مجھے

من و تو کے جھگڑے سے مجھکو نکال
نہو دلنشیں ماسوا کا خیال

پلا ساقیا ساغرِ لالہ فام
کہ میں اک زمانے سے ہوں تشنہ کام

ترے میکدہ کی پرانی ملے
میں بوڑھا ہوں مجھکو جوانی ملے

ترے در پہ حاضر ہوں پیرانہ سر
کبھی ساقیا اسطرف بھی نظر

کوئی بھر کے مجھکو گلابی پلا
بہت تشنہ لب ہوں شتابی پلا

غمِ دورِ گردوں سے پاؤں نجات
نہو کوئی صدمہ نہ ہو کوئی بات

میں ہوں ایک رندِ حزیں ساقیا
ترا نام ہے شمس دیں ساقیا

مرے جام میں جلد بھر دے شراب
نظر آئے مہتاب میں آفتاب

ذرا بھی نہو ظلمتِ ماسوا
رہے دل میں توحیدِ حق کی ضیا

نظر میں سما جائے روئے نگار
میں دیکھوں جدھر ہو وہی آشکار

کدھر ہے تو اے ساقیِ باصفا
بڑھا دے ادھر اپنا دستِ سخا

شرابِ انا کا پلا بھر کے جام
نصارا کی مے سے نہیں مجھکو کام

طبیعت میں پیدا ہو جوش و خروش
رہے کچھ نہ اپنے پرائے کا ہوش

مری بڑ بھی مستانہ ہو برملا — نہ سمجھے کوئی رازِ باطن مرا
اگر مجھکو دیوانہ سمجھے کوئی — نہو میرے اسرار سے آگہی
گذر جائیں یوں ہی مرے لیل و نہار — کہ دیوانہ در کارِ خود ہوشیار
پلا ساقیا ہاتھ سے بھر کے جام — کہ واقف بھی ہے تیرا ادنےٰ غلام
نورا مجھپہ ہو خواجگی کی نظر — کدھر جاؤں میں در ترا چھوڑ کر
رہوں شاہدِ مدّعا کے قریں — نہ بیکار دم ہو دمِ واپسیں
اُٹھے یک بیک غیریت کا حجاب — نظر آئے آغوش میں آفتاب
لحد میں ہو ایمان کی روشنی — فرشتے پکاریں اچھی بنی
سرِ حشر ہو بادہ خوارو نمیں حشر — محبت کے آشفتہ کارو نمیں حشر

قیامت کو سمجھوں میں دن عید کا
مزا لوٹ لوں جلوۂ دید کا

# کارنامہ

بوالعلائی رات کو سوتے نہیں — وقت اپنا ہاتھ سے کھوتے نہیں

اپنے ملک وقت کے ہیں شہریار — کھیلتے ہیں بیٹھکر گھر میں شکار

لطف تنہائی سے ہے بیداری بھی ہے — کیفیت ہے یار سے یاری بھی ہے

مرد لیتا ہی نہیں سونے کا نام — شرع میں مردونکو سونا ہے حرام

رات بھر کانونمیں ہے پشتونکا راگ — تا سحر ہم جاگتے ہیں تو بھی جاگ

نصف شب سے ہے عسس والونکا شور — دیکھنا گھر میں نہ آنے پائے چور

مال کی اپنے حفاظت چاہیئے — سونے والونکو نہ غفلت چاہیئے

رات بھر آنکھیں کھلی ہیں چرخ پر — جگمگاتے ہیں ستارے تا سحر

جاگ اے غافل اگر ہے جاگنا — خواب سے تو خوبتر ہے جاگنا

فکر کیا آرام تن کے واسطے — کوششیں کر گمشدن کیواسطے

ذہن لگا رکھی ہے کیا اوراد کی — عمر ساری مفت میں برباد کی

ہے جو شغل سبحہ گردانی تجھے — ہائے کیسی ہے پریشانی تجھے

کسلئے فکر ریاضت ہے تجھے — کسلئے حیلہ کی عادت ہے تجھے

کام جو کرنا ہے تو کرتا نہیں — جیتے جی مرنا ہے تو مرتا نہیں

کثرت موہوم دلمیں ہے نہاں — زندہ جاوید تو ہوگا کہاں

دلکو تو سمجھا ہے ارمانونکا گھر — آئینے میں زنگ آتا ہے نظر

تجھیں جرأت ہی نہ طاقت ہے نہ زور
دیدۂ سبز کر سر کو جھکا
عالمِ باطن کا جلوہ اور ہے
خاکسارِ بارگاہِ پیر ہو
پیر کامل کا کرم درکار ہے

کاہلی کے آشنا ہمت کے چور
دیکھ چشمِ دل سے باطن کی ضیا
اس گلستانکا تماشا اور ہے
دلمیں پیدا ہر طرف تنویر ہو
گر کرم ہو جائے بیڑا پار ہے

تیرے سب دم بھر میں بنجائینگے کام
واقفِ اسرار ہو گا والسلام

## واقعہ

ہوا ہے گرم بازارِ مریدی
جناب پیر نکلے فردِ کامل
پلادی گھولکر توحید ساری
بھری دلمیں اہل کر نہ نکلی

سنا شورِ ثنا خوانی زیادہ
بڑھا یا فیضِ ربانی زیادہ
رہی طالب کو آسانی زیادہ
ہوئی ایسی خدا دانی زیادہ

یہ دولت ہاتھ سے جانے نپائے
خلافت کی ہے ارزانی زیادہ

# خمسہ بر غزل حضرت جلیل مدظلہ

محبت یار کی اپنے نہ آب و گل سے نکلیگی
کھٹک اسکی نہ ہرگز سینۂ بسمل سے نکلیگی
بلا بھی وہ بلا ہے کب کسی عامل سے نکلیگی
جسے کہتے ہیں غم کی پھانس وہ مشکل سے نکلیگی
جب اپنی جان نکلیگی تو وہ بھی دل سے نکلیگی

نظر ہمسے ملائی آپنے ہم آپ کے صدقے
ذرا فرمائیے تدبیر کیا سوچینگے بعد اسکے
مگر دلمیں کھٹکتی چیز کیا ہے اسکو کیا سمجھے
یہ مانا کھینچ لینگے آپ اپنے تیر کو دل سے
چبھی ہے پھانس جو دلمیں وہ کیونکر دل سے نکلیگی

کچھ ایسا حال ہے میرا نہ جیتا ہوں نہ مرتا ہوں
ہزاروں آرزوئیں رکھکے آہ سرد بھرتا ہوں
نہ جینے کی تمنا ہے نہ مرجانیسے ڈرتا ہوں
میں انکے سامنے جس آرزو کو عرض کرتا ہوں
یہی ارشاد ہوتا ہے بڑی مشکل سے نکلیگی

شہادت کی ہوس والے ہیں کب مرنیسے گھبراتے
نہیں سنتے کسیکی لاکھ ہیں احباب سمجھاتے
خود اپنا سر کٹانیکو ہیں مقتل کیطرف جاتے
جو سر دینے کو آتے ہیں پلٹ کر وہ نہیں جاتے
ہماری لاش بھی اب کوچۂ قاتل سے نکلیگی

محبت نے کسیکی مار ڈالا جان پر کھیلے
تڑپتے ہیں دل اپنا تھام کر آنسو نہیں تھمتے

گذرتی رات دن کیسی ہے واقف کوئی پوچھے
جلیل اُس دلربا کی یاد دم کیسا تھا اپنے

دل اُس کا ہو رہا وہ ولی کی ایک یاد سے دل نکلیگی

## رباعیات

آزاد ہوں نے کیطرح خالی ہوں میں
گم گشتہ راہ بے خیالی ہوں میں
رہتی ہے مری زبانِ گویائی بند
کہتے ہیں سب اہلِ قال حالی ہوں میں

وله

جو دل کہ ہوا دلبرِ رعنا کیطرف
وہ کعبے کو آئے نہ کلیسا کیطرف
واقف رہِ مولا میں جو رکھتے ہیں قدم
دنیا کیطرف رُخ ہے نہ عقبیٰ کیطرف

وله

سب کچھ ترے ملجانے سے پاتے ہیں ہم
ہرگز نہ بھٹک کر کہیں جاتے ہیں ہم
لاتی ہے ادھر کھینچ کے چاہت تیری
ہر پھر کے تری گلی میں آتے ہیں ہم

وله

وا چشمِ بصیرت ہو تو دیکھے انوار
اللہ رے فیض بخشش لبوں کے مزار

سجدہ کہے واعظ میں قدمبوس کہوں
یاں سر کے جھکانے کا ہے نیت پہ مدار

ولہ

دنیا کے لئے رنج اٹھایا تا عمر
خالی رہے کچھ ہاتھ نہ آیا تا عمر
اے نفس تری بھوک بلا کی دیکھی
ہم نے تجھے ناخواہی پایا تا عمر

## تاریخ

قطعۂ تاریخ دیوان خان بہادر عبدالکریم خاں صاحب ناظم کروڑگیری

چھپا خاں بہادر کا بہتر سخن
تخلص ہے شمشیر جوہر سخن
ندیکھا نہ ہم نے سنا اسطرح
دل آرا دل افروز دلبر سخن
ہیں مضمون رنگیں اچھوتا خیال
عروس طبیعت کا زیور سخن
چراغ سخن سے ہے سن عیسوی
کہ شمشیر کا ہے منور سخن
۱۹۱۴ء

مجھے سال ہجری کی واقف تھی فکر
یہ آئی ندا — روح پرور سخن
۱۳۳۲ھ

## تاریخ وصال پرملال حضرت شاہ سید عزت اللہ صاحب ابو العلائی عرف صوفی میاں خلیفہ و فرزند حضرت سید اسد اللہ صاحب ابوالعلائی قدس سرہم

ستم ایجاد چرخ دوں ہوا ہے
خدا والے کا کیسا خوں ہوا ہے

یہی صوفی میاں شہ عزت اللہ
خود اپنے وقت کا ممنوں ہوا ہے

رہا تا زندگی سرمست عرفاں
نثار قادر بے چوں ہوا ہے

جوانی میں اچانک موت آئی
فلک کا ظلم گونا گوں ہوا ہے

کہی تاریخ رحلت میں نے واقف
شہید خنجر طاعوں ہوا ہے
۱۳۳۵ھ

## تاریخ کلیات عالیجناب شمس العلماء خاں بہادر نواب عزیز جنگ تخلص ولا

اسکے سوا جہاں میں کیا ہے عزیز دل
ہمکو تو کلیات ولا ہے عزیز دل

آغاز میں تو نثر حیاۃ العزیز ہے
نیرنگ بھی سخن کا چھپا ہے عزیز دل

معشوق جاں نواز ہے محبوب دلفریب
اسکو عزیز جاں کہوں یا ہے عزیز دل

واقف یہ سال طبع بھی ہے جائے یادگار
نظم عزیز جنگ و لا ہے عزیز دل
۱۳۳۷ھ

## قطعہ تاریخ انتقال فضل النسا بیگم صاحبہ

رہنے بسنے کی جگہہ دنیا نہیں واحسرتا
سچ ہے سب کہتے ہیں اسکو خانۂ رنج و تعب

کہدیا واقف نے مرحومہ کا یہ سال وفات
آہ کیا فضل النسا بیگم گئے دنیا سے اب
۱۳۳۹ھ

## قطعہ تاریخ رسالۂ تنباک من تالیف مسیح دکن اخوی افتخار الحکما نواب حاذق جنگ بہادر افسر الاطبا مدظلہ العالی

اس رسالہ میں ہے تنباک کا ذکر
کیونکہ یہ نفع رساں ہے ہمہ جا

دلکش خلق ہے مرغوب انام
فائدہ سارے زمانہ کو ہوا

اسکو کھاتے بھی ہیں پیتے بھی ہیں
سونگتے بھی ہیں اُسے صبح و مسا

| | |
|---|---|
| گردھواں سکا ہوا میں ملجائے | سمیت ہو گی ہوا کی بھی ہوا |

لیکے تمنا کی کہوں سن واقف
خوب کامل ہے یہ نزلے کی دوا
۱۳۴۳ھ

قطعۂ تاریخ تصویر نور یعنے سراپائے مبارک سرور دو عالم مصنفہ عالیجناب شمس العلما خاں بہادر نواب عزیز جنگ تخلص ولا

| | |
|---|---|
| لکھا ہے سراپائے رسول اکرم | کیا خوب کیا کام ولا نے کیا خوب |
| واقف سن فصلی میں کہو سال طبع | ہے نور کی تصویر سراپا محبوب |
| | ۱۳۲۹ف |

قطعۂ تاریخ دیوان عالیجناب مولوی حاجی سید عبد الرزاق صاحب وکیل درجۂ اول تخلص عاصی

| | |
|---|---|
| مست جانم فغان عاصی کرد | گلستان ہست نعت پاک نبی |

چوں بہ سینم درود می خوانم
خوش بیاں ہست نعتِ پاکِ نبیؐ

مُردہ را تازہ زندگی بخشد
ہمہ جاں ہست نعتِ پاکِ نبیؐ

شد دلِ اہلِ انجمن مسرور
بر زباں ہست نعتِ پاکِ نبیؐ

گفت تاریخ طبع او واقف
حرزِ جاں ہست نعتِ پاکِ نبیؐ

۱۳۳۹ھ

قطعۂ تاریخ تصویرِ بلاغت مِن تصنیف عالیجناب شمس العلما خان بہادر نواب اعزیز جنگ تخلص ولا

ولائے من نوشت آں نامۂ نور
کہ دانم ہر ورق رامراتِ حق

زہے تاریخ طبعش گفت واقف
سراپائے بہیبت قدرتِ حق

۱۳۴۰ھ

قطعۂ تاریخ طبع دیوان اُستادی عالیجناب نواب فصاحت جنگ بہادر مدظلہ

ہو چکا ہے طبع دیوانِ جلیل
بے بہا ہے جنسِ دکانِ جلیل

تازہ تر رنگیں مضامیں پہ بہار
جسکو ہاتھ آیا ملا اُس کو مزا
کیوں نہو وردِ زبان جانِ سخن
ہے جلیل اُستاد اپنے وقت کا

ہر غزل ہے اک گلستانِ جلیل
ارمغاں ہے نعمتِ خوانِ جلیل
دلربا سب کا ہے جانانِ جلیل
ہر سخنور ہے ثنا خوانِ جلیل

کہدیا یہ میں نے واقف سالِ طبع
عشق کا دفتر ہے دیوانِ جلیل
۱۳۳۴ھ

## قطعۂ تاریخِ تولد فرزند جناب مولوی حسن الدین حسین صاحب

ہر جا خوشی کا شور ہے پرورد گار آج
نرگس کو بے شمار ہے نظارگی کا شوق
صاحب نصیب بختِ ہمایوں خجستہ فال
واقف کرونگا سالِ ولادت کا انتظام

ہر گلستانِ دلمیں ہے جوشِ بہار آج
سوسن کو بار بار ہے نکہتِ گری کا شوق
فرخندہ پے عزیزِ جہاں ہے یہ نونہال
خوش ہونگے دیکھ دیکھ کے اس نظم کو تمام

نقطوں کے سب حروف میں سن کا تمیز ہے
خورشید فش پسر یہ لونکا عزیز ہے
۱۳۰۶ھ

## قطعۂ تاریخ کتاب جناب مولوی عبدالعزیز صاحب

لکھی ہے مولوی عبدالعزیز نیک طینت نے
عبارت سب فصیح اور کیفیت عمدہ ہر کسطرح

ہوی جس وقت تاریخ دکن اتمام اے واقف
کتاب خوب و نادر ہوے کہا دل مرے اسطرح

۱۳۰۳ھ

## ایضاً

بعہد میر محبوب علیخاں آں شہ عادل
نوشتہ نسخہ عبدالعزیز خوش بیاں فی الحال

پئے تاریخ طبع آں چو کردم فکر اے واقف
شدہ مطبوع تاریخ سلاطین دکن امسال

۱۸۸۶ء

## قطعۂ تاریخ شادی جناب مولوی محمد اسمعیل صاحب وکیل درجۂ اول

ہے عجب رنگ سے گلشن میں بہار
جشن کے جسمیں عیاں ہیں آثار

خسرو گل کا ہے گلشن میں جلوس
ہر روش رہتا ہے رقصاں طاؤس

دلستاں گل کی ہے رعنائی ہے
نغمہ زن بلبل شیدائی ہے

باغمین صبح نسیمِ سحری — لائی ہے کوئی نئی خوشخبری
شادیٔ صاحبِ اقبالِ بلند — تہنیت بخش ہوئی ہے دہ چند
سرو اک پاؤں پہ استادہ ہے — جشنِ میر آنیکو آمادہ ہے
جشن ایسا نہیں دیکھا ابتک — زہرہ گاتی ہے یہ بالائے فلک
وصلِ دلدار مبارک باشد — عیش ہر بار مبارک باشد
دیکھ کر عقد کا جلسہ ایسا — سنکے نوشاہ سے واقف نے کہا

سالِ تزویج "نہایت ہے سعید"
ہے یہ نزدیکیٔ ماہ و خورشید
۱۳۰۳ھ

## تاریخ شادی جناب میر حمید علی صاحب

شدہ عقدِ نیکِ حمیدِ علی — فرح بخشِ یاران نزدیک و دور

بہ منقوطہ تاریخ واقف بگو
نخوردم نخوردم طعامِ سرور
۱۳۰۰ھ

قطعہ تاریخ کتاب فروغ اطبا مؤلفہ اخوی حاجی حکیم عاشق حسین صاحب ابو العلائی ہاتف

| | |
|---|---|
| اس رسالہ میں ہے کیا کیا کہیے | ایک کوزے میں ہے دریا کہیے |
| علم طب نظم ہے جانبخش جہاں | کہیے ہاتف کو مسیحا کہیے |
| رات دن رکھتے ہیں سب پیش نظر | اسکو منظور اطبا کہیے |

طبع کا سال ضرور اے واقف
مخزن الحکمت اعلے کہیے
۱۳۰۷ھ

قطعہ تاریخ کتاب تریاق السموم مؤلفہ اخوی صاحب ممدوح

| | |
|---|---|
| دید چوں نسخہ تریاق سموم | غنچہ خاطر احباب شگفت |

کرد فکر سن طبعش واقف
نسخہ صحت اجسام بگفت
۱۳۱۸ھ

## قطعۂ تاریخ طبع خزانۂ ابو العلائی مصنفہ اخوی صاحب ممدوح

مرے بھائی صاحب کی ہے یادگار
عجب شرح ابیات ہے دلکشا
ہمیشہ ہے محبوب اہل نظر
ہمیشہ ہے مطلوب اہل صفا
تو نگر بنا نقد عرفاں سے وہ
جسے بو العلائی خزانہ ملا

کہا ہم نے واقف یہی سال طبع
رسالہ طرحدار بہتر چھپا
۱۳۳۶ھ

## قطعۂ تاریخ طبع رسالۂ طاعون و فتنہ مفید خلائق مؤلفہ عالیجناب اخوی افتخار الحکما نواب حاذق جنگ بہادر

یہی جہاں میں ہوئی یادگار حاذق جنگ
مفید عام ہے از بس کتاب طاعون کی
ہر ایک صفحہ میں تشخیص بو علی سینا
ہر اک ورق میں ہے حکمت بھری فلاطوں کی
ہر ایک نسخہ میں جادو ہے صحت مرضا
ہر اک علاج میں تاثیر پائی افسوں کی
تمام خلق نے آبحیات پایا ہے
ہوی مزید عنایت خدا سے بیچوں کی
کہا ہے ہم نے یہی سال طبع او واقف
کتاب خوب چھپی ہے علاج طاعونکی
۱۳۳۶ھ

## قطعہ تاریخ تولد صاحبزادۂ بلند اقبال عالیجناب معلی القاب سرنواب معین الدین خان بہادر دام اقبالہ و دولتہ

مبارک ہو نواب کو یہ پسر
ستودہ صفات و حمیدہ خصال

ہوا چاند پیدا کہ روشن ہے گھر
ہمایوں نہاد و خجستہ گہر

یہ ہے یوسف مصر حسن و جمال
فزوں عمر ہو اسکی مانند خضر

یہ ہے چرخ خوبی کا روشن قمر
بڑھے دولت و عظمت و کر و فر

ہمیشہ بصد عز و جاہ و جلال
مراد دلی سے یہ ہو کامیاب

رہے فرق پر اسکے ظل پدر
رہے فضل یزداں ہیں شام و سحر

کہا سال واقف نے میلاد کا
خردمند دانا ہمایوں پسر
۱۳۲۸ھ

### ایضاً

مرحبا اے ہدہد فرخندہ خو
وہ سنایا مژدہ جانبخش آج

حبذا اے قاصد شیریں بیاں
آگئی جس سے تن بیجا میں جاں

سجدۂ شکرانہ واجب ہو نہ کیوں
ہو گیا ہے فضل خلاق جہاں

کیوں نہ بحرِ طبع آئے جوش پر
کیوں صلہ چاہوں نہیں آئے تا آج
جلوۂ نورِ نظر سے صبح و شام
ہے مبارکباد کا غُل چوطرف
ہے یہی موقع بہ سالِ عیسوی

تیز ہو کیونکر نہ خامے کی زباں
ہو گیا روشن چراغِ خانداں
شاد ہیں ہر دم معین الدینخاں
شورِ شہنائی سے ہے دل شادماں
نذر دے تاریخ لکھکر جلد ہاں

مصرعۂ کامل ہیں واقف عرض کر
وہ ہوئے پیدا ظہیر الدین خاں
۱۹۱۰ء

بسم الحنیئ



# تواریخ لاجواب دیوان

۱۳۲۲ف

فخر المتاخرین شرف المتقدمین استاد المحققین مجموعہ اوراق ذی کمالی شیرازۂ اجزائے نازک خیالی تاجور اقلیم معانی خسرو ملک سخن شہر استاد سخنور بعدیل عالیجناب استادی حاجی حافظ سید جلیل حسن صاحب قبلہ جلیل المخاطب بہ نواب فصاحت جنگ بہادر مدظلہ العالی

ترالا رنگ ہے فکر چمن آرائے واقف کا
ہر اک ہے بلبل شیدا گل رعنائے واقف کا

عجب ساقی گری کی بارک اللہ بزم معنی میں
کوئی بیخود کوئی سرشار ہے صہبائے واقف کا

ترانے کیا سنے صہبائی و دردی اب کوئی
کہ طوطی بولتا ہے قلقل مینائے واقف کا

جواہر کی کہاں اقدر و قیمت چشم عالم میں
زمانہ مشتری ہے گوہر دریائے واقف کا

انہیں سے پوچھیے کیا شان ہے مضمون طرازی کی
نگین دل پہ جنکے نقش ہے طغرائے واقف کا

گلستان بوستاں کی کیا تمنا ہو اُسے جسکو
میسر ہو نظارہ گلشن زیبائے واقف کا

پتا ملتا ہے مضمون بلند و فکر عالی سے
علو رتبہ طبع فلک پیمائے واقف کا

چھپا جو سر و زر سے دیوان بانوں پر وظیفہ ہے | کلام انتخاب و دلکش و یکتائے واقف کا

یہ خوشگوئی - یہ بندش - یہ سلاست - یہ ادا بندی | جو دیکھے وہ ثنا گستر نہ کیوں ہو جائے واقف کا

سخن سے روح تازہ پھونکدی ہر جسم بیجاں میں | یہ اک اعجاز تھا گویا لبِ گویائے واقف کا

جلیل اس بے بہا دیوان کی تاریخ کی موزوں
خزانہ ہے یہ دیکھو رازِ معنیٰ ہائے واقف کا
۱۳۴۰ھ

اختر - عالیجناب مولوی لطیف احمد صاحب مینائی خلف حضرت امیر مینائی رحمتہ اللہ علیہ ناظم و معتمد امور مذہبی سرکار عالی

مضمون تصوف سے یہ مجموعۂ اشعار | توحید کا سرچشمہ ہے ایمان کا ہے دفتر

اختر نے پئے طبع لکھا مصرعِ تاریخ
واقف کا ہے دیوان کہ عرفان کا ہے دفتر
۱۳۴۰ھ

اثر - جناب مولوی صدیق احمد صاحب ناظم عدالت ضلع اورنگ آباد فرزند رشید استادی حضرت جلیل مدظلہ العالی

کیوں نہ پھڑکیں اہل دل اُس سخن کی بسمل کیطرح
حق پرست و صوفی و عارف کے یہ اشعار ہیں

مصرع تاریخ کیا نکلا ہے چیدہ اے اثر
شان گویا ہی کسی واقف کی یہ اشعار ہیں
١٣٤٠ھ

انور۔ جناب مولوی محمود احمد صاحب مینائی خلف الرشید حضرت اختر مینائی مدظلہ

واقف کا سخن سنکر مست آج زمانہ ہے
طوطی کا ترنم ہے بلبل کا ترانہ ہے

کیا فرد ملا انور تاریخ کا یہ مصرع
سرمایۂ واقف بھی خوبی میں یگانہ ہے
١٣٤٠ھ

انیس۔ جناب مولوی انیس احمد صاحب فرزند رشید حضرت جلیل مدظلہ

کس غضب کی شاعری ہے کس قیامت کا کلام
آجتک دیکھا نہیں اس شان و شوکت کا کلام

غور سے تاریخ لکھو طبع دیوانکی انیس
سامنے ہی واقف رمز حقیقت کا کلام
١٣٤٠ھ

## امین جناب نواب میر امین الدین علیخاں صاحب جاگیردار خلف نواب واقف جنگ مرحوم

چھپا شیریں کلام واقفِ راز
جو دیکھی ہر غزل دیوانکی رنگیں
کہیں ہے عاشقانہ طرز پیدا
دلِ صوفی کہیں پایا جانِ صافی

مقالِ عندلیبِ باغِ عرفاں
نظر آئی بہارِ صد گلستاں
کہیں ہے عارفانہ رنگ پنہاں
مضامیں کاشفِ اسرارِ یزداں

امین کیا خوب ہے یہ طبع کا سال
ہے نورِ معرفت واقف کا دیواں
۱۳۴۰ھ

## احسن جناب مولوی میر گوہر علی صاحب موسوی تلمیذ جناب فاضل

محترم میرے امتیاز حسین
آپ اپنی نظیر حکمت میں
ان کے دست شفا کا کیا کہنا
جو کہا اُسکو کر کے بتلایا

شاعرِ ذی کمال اہلِ ولا
شعر گوئی میں بے بدل یکتا
خود ثنا خواں ہو جنکا دارِ شفا
قول میں رنگ فعل کا پیدا

فکر کو لغویات سے نفرت
رنگِ وحدت میں شعر ڈوبے ہوئے
کہیں ذکرِ رموزِ حقانی
کیوں نہ ہو لطفِ معرفت حاصل
سن چکے تھے جو نو برس پہلے

جب کہا عارفانہ شعر کہا
تو یہ یہاں ذکر کیا ہے کثرت کا
کہیں نازو نیاز کا جھگڑا
گنجِ عرفاں کا ہے یہ سرمایا
اسی سرمایہ کا ترانہ تھا

طبعِ دیواں کا سال اے احسن
عارفانہ سخن ہے واقف کا
۱۳۴۰ھ

جوہر جناب مولوی دلاور حسین خاں صاحب نضا تلمیذ جوش صاحب در صنعت معجمہ

خدا کا شکر کہ دیوانِ ثانی طبع ہوا
تصوفات میں ایسا کلام ہے نادر

مطبوعِ شعر کا جوہر ہے یہ سن ہجری
ہے دل سے عشقِ الٰہی کلام ظاہر
۱۳۴۰ھ

خدا کے فضل سے اہلِ دکن ہیں سرسبز
ولہ
کہ جس طرح سے گلِ یاسمن ہے سرسبز

ہے بلبلوں کو گلستاں میں راتدن یہ سبق ۔ کلام جسکا ہے اُسکا رہے چمن سرسبز
دعائے حضرت یوسف کا تھا اثر ورنہ ۔ جوانی عود کرے پیر زن رہے سرسبز

صدا یہ ہاتف غیبی سے آئی وصلی میں
دعا کروں بخدا یہ سخن رہے سرسبز
۱۳۳۱ف

ولہٗ

مجھے کلام و سخن کا ہے وصف مدنظر ۔ کلام میں ہے تصوف کا رنگ سرتاسر
اسی کلام و سخن میں تو راز دل ہے عیاں ۔ اسی کلام و سخن سے ہے مادے کا اثر
وہ سہ حروف کو دوبار جمع کر لیجئے ۔ حروف چھوڑ دو باقی سلام ہے اظہر
اسی میں دیکھئے ہجری کا سنہ ہویدا ہے ۔ ملا ہے برف کا ہم عدد لفظ کیا بہتر
کرے گا ماہر فن فکر نکلیگی تاریخ ۔ حروف باقی سے کہہ ہاتھ پھر یہ لیجا کر
ہزار لاکھ ہیں تاریخ یہ ہوی ہے رقم ۔ یقین نہ آئے تو پچھلا کلام دیکھئے پھر

حساب جو کوئی ماہر کریگا ابجد سے
ہزار تین سو چالیس نکلینگے جوہر
۱۳۴۰ھ

حاذق عالیجناب اخوی افتخار الحکما نواب حاذق جنگ بہادر سابق افسر الاطبا یونانی سرکار عالی

کیوں نہ ہو دل پسند اہل صفا ہے یہ دیوان واقف اسرار

ہے تصوف کا ہر غزل میں رنگ شعر ایک ایک صد چمن کی بہار

یہ مزا ہے عزیز جاں بھائی ہے سخن جس کا مطلع انوار

ما سوا سے جو دل ہوا خالی لَیسَ فِی الدَّارِ غَیرُہٗ دَیَّار

میں کہوں سال طبع اے حاذق

قلزم عشق گوہر اسرار

۱۳۴۰ھ

## زار۔ جناب مولوی میر اسد علی صاحب نبسہ نواب مکرم جنگ تلمیذ حضرت جلیل عم فیضہ

بندہ کے شفیق و لطف فرما وہ عارف پاک و واقف راز

ذاکر شاغل حکیم شاہی بے مثل ہر ایک فن میں ممتاز

ہے رنگ غزل جو عارفانہ ہیں اسم ابو العلائی انداز

اس بیت میں ہے جو لفظ شاغل فصلی سنہ ہے بطور ایک راز

ہونے لگا طبع انکا دیواں کی میں نے بھی فکر سال آغاز

ہجری میں ہوئی جو فکر تاریخ ہاتف کی سنی یہ میں نے آواز

کہدے آزار تو یہ مصرع
واقف کی ہے نظم یا کہ اعجاز
۱۳۰۴ھ

رموزِ معرفت پر مشتمل ہر نظم ہے اسمیں
ولہ
تعالیٰ اللہ عجب بحسبت یہ دیوان واقف ہے

جو پوچھی زار سے تاریخ مجھسے طبع یوانکی
کہا میں نے یہ دیوان مخزن عرفان واقف ہے
۱۳۰۴ھ

سلیم ۔ جناب مولوی سلیم احمد صاحب خلف الرشید استادی حضرت جلیل عمر فیضہم

گلشن شعر کو سرسبز کیا واقف نے
گل معنی کا جما رنگ ۔ بڑھا اوج بہار

میں نے لکھی ہے انداز کی تاریخ سلیم
آگئی ہے چمن نظم میں اب موج بہار
۱۳۰۴ھ

سید ر ۔ جناب مولوی سید ضمیر الحسن صاحب وظیفہ یاب حسن خدمت سرکار عالی

عجیب قصہ ہے دلکش عجب حکایت ہے
نہ ایسا واقعہ دیکھا کبھی نہ ہم نے سنا

شفیق و صاحبِ اخلاق اتقیا جبین
گیا جو ملنے کل اُنسے تو مجھسے کہنے لگے
قریب ہے کہ چھپائی بھی ختم ہو جائے
کہی ہیں طبع کی احباب نے بھی تاریخیں
کہا یہ میں نے کہ دیوانِ اوّلیں ہے کہاں
سُنا یہ جب تو تعجب کے ساتھ کہنے لگے
یہہ کہہ کے میز خانہ سے اک نکالی کتاب
جو سے لیکے دیکھا تو حیرت سوا ہوئی مجھکو
عجیب واقعہ و طرفہ ماجرا ہے ہست
مکان مکان سے ملحق ہے در و دیوار
ہوا بھی آتی ہے اک گھر کی دوسرے گھر میں
چھپا بھی بٹ بھی گئیں اسکی سیکڑوں جلدیں
ہماری قطعۂ تاریخ سے بھی خالی ہے
نہ آیا ذہن میں کچھ اس کا فلسفہ کیا ہے
یہ سمجھوں گر کہ ہیں آزردہ تو غلط یہ خیال

حکیم حاذق و ذی علم و شاعرِ یکتا
کہ ختم ہو چکا دیواں دوسرا بھی مرا
نہیں بعید کہ ہو اب شیوع بھی اُس کا
اب آپ بھی کوئی تاریخ جلد کہیے گا
بغیر اُس کے یہ دیوانِ دوسرا کیسا
خبر بھی آپکو اسکی نہیں ہے وا عجبا
کہا کہ لو یہی دیوان ہے مرا پہلا
ہزار و سی صد و سی و یک اُسپہ سن ہے لکھا
نہ دس برس سے خبر بھی ہمیں ہوئی اصلا
ہمیشہ ایک پہ پڑتا ہے ایک کا سایا
عجب ہے آئی نہ دیوان کی ہوا بھی ذرا
مگر ہمیں نہ ملا واہ ایک بھی نسخا
کہو حکیموں سے آساں ہے اب ہمیں خلا
مجھی پہ اسکا ہوا خفا زمانہ پہ افشا
وہ اک قرن سے ہیں لیے شبہہ میرا ہمسایا

ہوا علیل تو وہ بے بلائے آتے رہے
ہمیشہ دیتے رہے درد لا دوا کی دوا
نواز شات تو ایسے پھر ایسی بے مہری
خدا کی شان کہ اضداد جمع ہیں اکجا
خیال ایک یہ موہوم مجھکو آتا ہے
کہ اُس زمانہ میں شاید نہیں تھا میں اس جا
جو ہوتا یہاں تو سیطرح ہوتی فرمایش
تھا لعل خاں کا زمانہ میں نا نڈیر میں تھا
مثل ہے ہر کہ شد از دیدہ دور از دل دور
مگر نہ تھی یہ توقع مجھے کبھی اصلا
شکایت اسکو سمجھکر خفا نہو واقف
جو دوست ہیں وہی کرتے ہیں دوستونسے گلا
لو اب میں بھول گیا آپکے تغافل کو
معاف آپ بھی کر دیجئے جو میں نے کہا
میں اب سناتا ہوں دیوان اولیں کا سال
ابھی ابھی تو مجھے آپنے کیا ہے عطا

ذرا جو فکر کی سدرہ نے ہو گئی تاریخ
پئے عروس سخن ہے یہ زیور زیبا
۱۳۳۱ھ

یہی ہے آپکے دیوان حال کا بھی سن
وہ سال ہجری کا تھا اور یہ سن ہے فصلی کا
چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار
نمازیں ہوتی ہیں دو اکثر اک وضو سے ادا
لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم
چنانکہ موسیٰ عمراں یہ طور حرف عصا

ولہ

دیوان حکیم باعثِ فرحت ہے
جو شعر ہے اسکا مایۂ نزہت ہے

سدرؔ نے کہی یہ اسکی تاریخ طبع
دیواں ہے کہ ایک نسخۂ حکمت ہے
۱۳۴۰ھ

واقفِ امتیاز کا دیواں | ولہ | ختم ہو کر نکل چکا باہر

کہا سدرؔ نے اسکا سالِ شیوع
چھپ گیا حسن و عشق کا دفتر
۱۳۴۰ھ

حضرت واقف کے اس دیوان لاثانی میں نظم | ولہ | قصۂ ناز و نیازِ عاشق و معشوق ہے

پوچھا سدرہؔ نے جو ہاتف سے سالِ عیسوی
کہدیا تصویرِ رازِ عاشق و معشوق ہے
۱۹۲۲ء

دیوانِ حکیمِ واقف آمد
ہم رنگِ مجاز از وبیابی | ولہ | سرمایۂ دنیوی و دینی
ہم شانِ حقیقتی بہ بینی

ہاتف گفتہ بہ سدرہؔ سالش
از گلشنِ نظم گل بچینی
۱۳۴۰ھ

| | | |
|---|---|---|
| ای خوشا دیوان پاک واقف ذوق و شوق | وله | فیض بخش عالم خاص و رہنما خاص و عام |

سنہ چوں ز سید منصور در مصرع دو سال
نغمہ آموز انا الحق گفت و مرغوب انام

۱۳۴۰ھ — ۱۳۴۰

| | | |
|---|---|---|
| ای صبا طبع رسائے واقف عالی خیال<br>سال بیں در مصرعی از لطف حق گفتم دو سال | وله | وی چنداں دیوان کہ از فضل الٰہی طبع شد<br>چوں من شنیدم اینکہ آں دیوان ثانی طبع شد |

ہجری بود در صوری و فضلی بود در معنوی
اے فہم ہزار و سی صد و چل سال ہجری طبع شد

۱۳۳۱ف

## صافی۔ جناب مولوی سید رؤف الدین صاحب مدرس مدرسہ کوٹھی ریزیڈنسی

| | |
|---|---|
| چھپی ہے ہر اک صوفیانہ غزل | پسند دل و جان اہل صفا |
| کہیں اس میں پیدا ہے عرفان کا رنگ | کہیں بوئے توحید ہے برملا |
| سخن ہے یہ واقف کا عالم پسند | دل با خبر کے لئے ہے مزا |
| یہ معشوق ہے عاشقوں کے لئے | محب کو تماشا ہے محبوب کا |

یکایک اُسی سے ہوتا ہے وجد | بہت لطف ہے قال میں حال کا
دکن میں یہ تھی اسکے چھپنے کی دھوم | کہ سرمایہ واقف کے ہے عمر کا

کہی میں نے صافیؔ یہ تاریخ طبع
سعادت قرین رمز واقف چھپا
۱۳۰۴ھ

عاصیؔ - جناب مولوی حاجی سید عبد الرزاق صاحب نقشبندی وکیل درجہ اوّل
تلمیذ حضرت جلیل عم فیضہ

چھپا ہے جو سرمایہ واقف کا تازہ | گلوئے عروس سخن کا ہے گہنا

جو پوچھے کوئی طبع کا سال عاصیؔ
تو فوراً گل گلشن فیض - کہنا
۱۳۰۴ھ

عظمتؔ - جناب مولوی حاجی سید عبد الرؤف صاحب

کلام واقف اسرار عظمت | بکثرت جلوہ آرا شد ز وحدت

چو جستم سال طبعش گفت ہاتف
بگو معشوق ارباب حقیقت
۱۳۰۴ھ

وہ چھپا دیوان واقف پُرضیا
جسکے ضو سے ماند ہے چشم قمر

نکتہ نکتہ غیرت خال بتاں
یا سوادِ دیدۂ اہل نظر

حرف حرف اسکا فصاحت کی دلیل
لفظ دیتے ہیں بلاغت کی خبر

شعر میں ہیں لفظ یا جنت میں حور
یا لگے ہیں شاخ سدرہ میں ثمر

معنیٔ روشن ہیں لفظوں سے عیاں
شام سے پیدا ہے یا نورِ سحر

ہر قصیدے سے ہے اسکے آشکار
حمدِ حق یا مدحت خیر البشر

ملگئی ہے نعت میں اسطرح حمد
جیسے ہوں اک جام میں شیر و شکر

آگیا بن ٹھن کے اب وہ سامنے
جسکے تھے مشتاق سب اہل نظر

ولہ

طبع کی تاریخ عظمت نے کہی
شاہد مخفی ہوا ہے جلوہ گر

۱۳۳۱ف

## عارف۔ جناب مولوی خواجہ شفیع حسن صاحب آغائی ابو العلائی

مصنف تاریخ (عثمانیہ عدالت العالیہ) خلف حضرت ہاتف مدظلہ

خوشا اندر مذاقِ معرفت سرمایہ می بینیم
مثالے ہم نمیدارد بحکمت در دکن واقف

دوقطعہ تاریخ عارف شد چو شایع گشت دیوانش
سخن چاپ آن تصوف گوهر آرائے سخن واقف

۱۳۴۰ف | ۱۳۴۰ھ

دیوان یہ دوسرا ہوا طبع
سرمایۂ عشق اس کو کہئے
عموی ہیں بلند شان والے
کیا اُن کا کلام ہے دل افروز

ولہٗ

اول کا تو چھپ چکا ترانہ
ہر ایک غزل ہے عاشقانہ
واقف ہے جناب زمانہ
انداز تمام صوفیانہ

عارف نے کہا سن اشاعت
واقف کا سخن ہے عارفانہ
۱۳۴۰ھ

غنصر۔ جناب مولوی محمد حفیظ الدین صاحب الضاری منصب دار تلمیذ حضرت جلیل دام فیضہم

چھپا ہے جب نیا دیوان ذیشان واقف کا
بفضل حق نکل آیا دلی ارمان واقف کا

یہ سال طبع غنصر اسکا تو بھی کہدے برجستہ
ہے قول نکتہ سنجان دوسرا دیوان واقف کا
۱۳۴۰ھ

نظارہ جب کیا احباب نے بستانِ واقف کا | ولہٗ | شگفتہ غنچۂ دل ہو گیا یارانِ واقف کا

عجب رنگیں کہی تاریخ اسکی طبعِ عنصر نے
گلِ مستانہ تازہ کھلا دیوانِ واقف کا
۱۳۴۰ھ

عالم میں نہ کیوں گرم ہو بازارِ سخن | ولہٗ | ہر شخص ہے جب دل سے خریدارِ سخن

عنصر سے سنہ طبع اس کا اسطرح ہوا
واقف کا یہ دیوان ہے معیارِ سخن
۱۳۴۰ھ

## علوی۔ جناب مولوی حکیم میر حبیب اللہ صاحب

بیاض معرفت ہے ہر ورق دیوانِ واقف کا
مسائل اسمیں حدت کے ہیں دریا ہی کوزہ میں
تصوف کے مسائل نظم میں بہتر ہیں دلکش ہیں
ہوا پھر بلبلوں کا جمگھٹا مدحت سرائی کو

دلِ واقف بنا ہے آئینہ عرفانِ واقف کا
ہے منظر سامنے ہر آنکھ کے عرفانِ واقف کا
دلِ سالک پہ پرتو کیوں نہو احسانِ واقف کا
چمن یہ دوسرا شاداب ہے بستانِ واقف کا

مریضِ عشق سالِ طبع یوں کہتے ہیں علوی

اک اچھا نسخہ اکسیر ہے دیوانِ واقف کا
۱۳۳۱ف

غازی جناب مولوی حکیم شفیع حسین صاحب خلفِ مصنف

کلامِ قبلہ گاہی جدو حال فزا نکیونکر ہو
ہے چشتی بو العلائی نقشبندی بایۂ واقف

جو میں نے فکر کی غازی تو فصلِ حسن نکل آیا
ترانۂ اولیں ہے دو ہی سرمایۂ واقف
۱۳۳۱ف

غریب۔ جناب مولوی غلام محی الدین صاحب
صیغہ دار نظامت تعلیمات

گلدستہ سرمایۂ واقف بہ صنایع
ہست اہل تصوف را بلا شبہ ذرایع

از فکرِ غریب آمدہ این سالِ اشاعت
دیوان شدہ مطبوع چہ۔ مرغوب طبایع
۱۳۳۱ھ

فاضل۔ جناب مولوی میر محمد حسین خاں صاحب نواب معتمد علاقۂ مکرم الدولہ مرحوم و مغفور

گردید چو طبع این کلام عالی | شد کور زرشک چشم بداندیشاں

فاضل این است مصرع تاریخش
سرمایهٔ واقف و محبت کیشاں
۱۳۰۴ھ

ولہ

جو ہے یہی کہتا ہے واقف کا چھپا دیواں | شہرے یہی ہر سو میں چرچا یہی گھر گھر ہے
جو قطعہ ہے وہ سچ مچ سونے پہ سہاگہ ہے | جو بیت ہے دیواں میں وہ کان جواہر ہے
شستہ ہے زباں ایسی ہے صاف کلام ایسا | اک آئینۂ حسن ایجادِ سکندر ہے
دریا ہے صنائع کا گنجینہ بدائع کا | جو شخص ہے حیراں ہے جو شخص ہے ششدر ہے
نایاب فصاحت ہیں بے مثل بلاغت ہیں | تشبیہ جو ہے کامل مضموں جو ہے برتر ہے
جو لفظ ہے روشن ہے جو حرف ہے رخشندہ | چاند اسکے دوائر ہیں جو نقطہ ہے اختر ہے
جو فرد ہے یکتا ہے مصرع جو ہے لاثانی | جو شعر ہے اعلیٰ ہے جو شعر ہے بہتر ہے
دیواں کا جو صفحہ ہے رتبہ میں فلک صورت | افلاک کی یہ کثرت کیا قدرت داور ہے
ہر رنگ پہ دل ٹکڑے ہر بات پہ دل صدقے | یہ عشق کا دفتر ہے یا حسن کا منظر ہے
آمد ہی بس آمد ہے آورد یہاں کیسی | یہ جوش طبیعت ہے یا زورِ مقدر ہے

دیوان کا ہے کیا عالم یہ مجھسے کوئی پوچھے
اظہار حقیقت میں مجھ کو نہیں اندیشہ
کون اسکا مصنف ہے دنیا اسے کیا جانے
سچ جان کے کہتا ہوں حق مانکے کہتا ہوں
اس بحر میں نام اسکا ابھی تو کیا آئے
تنخواہ کئی سو ہے گھر میں نہیں ایک پائی
بقراط و فلاطوں ہے یہ اپنے زمانہ کا
ہے فرد طبابت میں بے مثل حذاقت میں
تشخیص میں لاثانی تجویز میں بے ہمتا

ایک ایک غزل اسکی دیوان کے برابر ہے
جو امر مسلم ہے اسمیں مجھے کیا ڈر ہے
جس جا وہ فروکش ہے میرا بھی وہیں گھر ہے
جو خلق کے دلمیں ہے وہ میری بال پر ہے
ایک بحر مروت کا پاکیزہ وہ گوہر ہے
سب رنگ فقیرانہ پر قلب تونگر ہے
انصاف سے پوچھو تو کچھ ان سے بھی بڑھکر ہے
اسکا کوئی دنیا میں ہمتا ہے نہ ہمسر ہے
کیا معرکہ فیض امکان مقدر ہے

تاریخ سنجھلکر اس دیوانکی کہو فاضل
سرمایہ واقف تو اک معدن گوہر ہے
۱۳۴۰ھ

فریدہ جناب مولوی حکیم معین الدین حسین صاحب خلف مصنف

ہر طرف ہے شور کیا ملک دکن میں دیکھیے
چھپ گیا سرمایہ واقف پسند خاص و عام

عرض میں نے بھی کیا سال اشاعت اے فرید
معرفت میں ہے معلّے قبلہ کاظمی کلام
۱۳۴۰ھ

## کاظم۔ جناب مولوی حکیم کاظم علی صاحب

ہی یہ سطریہ آفتاب سخن
کیا نیا رنگ کیا نئی ہے بہار
نسخۂ عشق اسکو کہتے ہیں

ہر غزل میں ضیاء عرفاں ہے
سیر کر لیجئے گلستاں ہے
مرہم زخمہائے پنہاں ہے

طبع کا سال ہے یہی کاظم
نادر العصر خوب دیواں ہے
۱۳۴۰ھ

## مونس جناب مولوی مونس احمد صاحب فرزند رشید حضرت جلیل مدظلہ العالی

مرحبا کیسا ہے پُر افسوں افسانہ کلام
آشنائے عشق ہو سن لے جو بیگانہ کلام
وجد کے قابل ہے مونس مصرع تاریخ بھی

## جامِ عرفاں ہے یہی واقف کا مستانہ کلام

۱۳۴۰ھ

### مجوی۔ جناب مولوی مسعود علی صاحب سابق سشن جج سرکار عالی

ہے ایک جہاں حضرتِ واقف سے شناسا
جو شاعرِ کامل ہیں ہیں سلطانِ تصوف

ممتاز طبابت میں ظرافت میں ہیں یکتا
مخلوق کے ہمدرد جو ہے شانِ تصوف

پیرو ہیں شریعت کے طریقت کے فدائی
عرفاں کے نواسنج زباندانِ تصوف

ہے انکا ہر اک مصرع موزوں قدِ دلدار
ہے انکا ہر اک شعر روانِ جانِ تصوف

ظاہر ہیں ہر اک لفظ سے عرفاں کے معانی
پیدا ہے ہر اک حرف سے ایقانِ تصوف

جو بات کہی ہے وہ حقیقت پہ ہے مبنی
جو نکتہ بتایا وہ ہے شایانِ تصوف

ہیں فارسِ میدانِ شریعت کے ثنا خواں
روندا ہوا جس کا ہے بیابانِ تصوف

مداح دل و جاں سے ہیں اس مردِ خدا کے
ہے جس کا لقب شیرِ نیستانِ تصوف

گر ساتھ طریقت کے نہ ہو پاسِ شریعت
پھر دستِ شریعت ہے گریبانِ تصوف

بھرنے نہیں دیتا ہے کبھی زخمِ جگر کو
دیوان ہے انکا کہ نمکدانِ تصوف

تاریخ اشاعت کی جو مطلوب ہو مجوی

نام اُس کا نہ کیوں رکھے سخندانِ تصوّف
۱۳۴۱ھ

موجد۔ جناب مولوی محمد حسین صاحب منور رقم خوشنویس دفتر اکونٹنٹ جنرل سرکار عالی

جو اہلِ فنِ معرفت ہیں وہ ہیں مائل اسکے مضموں پر | ہر اک دلسوز ہے شیدا کلامِ واقف کے دیوان کا

لکھیں اک مصرعِ رنگیں میں دو تاریخیں موجد نے
سخن واقف کا گلشن دیکھیے ہے باغ عرفاں کا
۱۳۳۱ف ۱۳۴۰ھ

عرفاں کا یہ باغ ہے ہوا یہ روشن | ہے دفترِ معرفت ہر اک برگِ چمن

موجد نے کہا یہ مصرعِ سالِ طبع
عرفاں کا ہے سرمایۂ واقف گلشن
۱۳۴۰ھ

محبوب۔ جناب مولوی محبوب خاں صاحب مہتمم تعمیرات و بازارات علاقہ نواب سالار جنگ بہادر

کس اہلِ صفا کا یہ دیوان چھپا نادر | ہر ایک غزل جسکی عرفاں میں ڈوبی ہے

محبوب کہی ہم نے تاریخ اشاعت کی
سرمایۂ واقف کیا مجموعۂ خوبی ہے
۱۳۴۰ھ

مجدؔ۔ جناب مولوی حافظ شاہ سید مجد الدین صاحب شطاری القادری

سرمایۂ واقف اسمی است اصدق — اسرارِ عرفان زان دوست انطق
نظمی بلاغت بر وست اوثق — وضعی فصاحت با اوست اسبق
زیبد کہ گویند نظام بر حق — ہادیِ شعرا ہستی و اوفق

زاں مجدِ قائل گفتہ کہ الحق
ہٰذا کتابٌ یہدی الی الحق
۱۳۴۰ھ

مہدی۔ جناب مولوی سید مہدی پادشاہ صاحب قادری حسنی الحسینی زریں کلاہ پوش

زہے ہدایتِ عشاق نعمتِ ثقلین — یہی کلام ہے بس نعتِ سرورِ کونین

وہ سالِ تکملۂ نظمِ مہدیا کہہ دے
ہوئی ہے پاس یہ تصنیفِ امتیاز حسین
۱۳۳۱ف

مداحؔ۔ جناب مولوی آقا سید محمد علی صاحب

درنعتِ نبی گشت چو دیوان مرتب ۔۔۔ تحسین رقم کرد وہم احسنت قلم گفت

مداح بصد حسن بیان حسن فصاحت
اوج دل تاریخ بدل جذرِ اصم گفت
۱۳۴۰ھ

معروف جناب مولوی حضرت سید شاہ معروف حسینی صاحب قبلہ مدظلہ ساکن ٹکمال

دیوان ہوا طبع جو اے سید معروف ۔۔۔ سرچشمۂ اسرارِ معانی و معارف

از نام حکیم اسکی مرتب ہوی تاریخ
سرمایۂ توحید ہے سرمایۂ وقف
۱۳۴۰ھ

نہال جناب مولوی نہال احمد صاحب اسپیشل مجسٹریٹ فرزند رشید حضرت جلیل مدظلہ

کیا سخن کیا طبع گوہر بار ہے صد آفریں ۔۔۔ کیا گل معنی ہے کیا گلزار ہے صد آفریں

ملکیا ہے بہا تاریخ کا مصرع نہال
کیا نیا سرمایۂ اسرار ہے صد آفریں
۱۳۴۰ھ

نظم۔ جناب مولوی علی حیدر صاحب سید صبا المخاطب حیدر یار جنگ بہادر طباطبائی

جب ہوئی جاری یہ جو شیر سنگ طبع ہے
اب کھلا فکر سخن شیریں قلم شبدیز ہے

چھپ چکا دیوان جب واقف کا ہاتف نے کہا
اب کہو سرمایۂ واقف معانی خیز ہے
۱۳۴۰ھ

نثار۔ جناب مولوی میر نثار علی صاحب الہ آبادی

چھپا خوب سرمایۂ عاشقی
یہی تذکرہ ہے میان دکن

اچھوتا ہے مضمون نوکھی غزل
ٹپکتا ہے ہر شعر سے بانکپن

ہوے دیکھ کر مست اہل صفا
دل افروز ہے معرفت کا چمن

نثار اسکا کہتا ہوں میں سال طبع
ہے واقف کا دیوان عروس سخن
۱۳۴۰ھ

نور۔ جناب مولوی سید عبد الکریم صاحب

عجب شاداب ہے گلزار واقف
کھلے ہیں اسمیں کیا گلہاے رنگیں

کہیں ہے جلوہ گر رنگ تغزل
تصوف کے کہیں روشن مضامیں

| | |
|---|---|
| کہیں الفاظ اور دلچسپ بندشیں | زباں پر لطف اور انداز شیریں |
| رفیع الشان ہیں مضمون اسکے | ہے گویا نظم ہی یہ نظم پروین |
| فصاحت و بلاغت میں ہے بے شک | سراپا قابل توصیف و تحسیں |

کہا میں نے یہ سال طبع اے نور
عجب گلزار گلہائے مضامیں
۱۳۰۰ھ

واصف - جناب مولوی محمد جہانگیر خاں صاحب ابو العلائی

| | |
|---|---|
| دومی کرد چو دیوان اطبع | شاعر نیک طبیب خوشخو |

گفت کلک در زبان واصف
طبع سرمایۂ واقف نیکو
۱۳۰۰ھ

واصف - جناب مولوی مرزا محبوب علی بیگ صاحب ابو العلائی

| | |
|---|---|
| وہ کلام حضرت واقف ہوا مطبوع طبع | جسکا ہے ہر شعر عمدہ اور ہر مصرع نفیس |
| یہ وہ دیوان ہے کہ رکھتے ہیں نظر کے سامنے | ہے دل شیدا کا مونس جان شیدا کا انیس |
| سب برابر کے ہیں مصرع منتخب ایک ایک ہے | فرق اتنا بھی نہیں کوئی کہے انیس بیس |

قال ہے اور قال ہیں بھی کیفیت ہے حال کی
بندی کا ہے یہ مونس منتہی کا ہے انیس

مصرع تاریخ برجستہ یہ تم واصف کہو
چھپ گیا خوب آج یہ سرمایۂ واقف سلیس
۱۳۳۱ف

## ہاتف۔ جناب اخوی حاجی حکیم عاشق حسین صاحب قبلہ ابوالعلائی مدظلہ العالی

ہے مرے بھائی کا یہ دیوان ثانی بے مثال
چھپ چکا سرمایۂ واقف گلستان سخن
مرتبہ اس کا کیا اللہ نے سب سے بلند
ہیں یہ غزلیں یا کوئی گلدستۂ توحید ہے

شہرت افزا ہے کلام واقف از قدیر
جان اہل معرفت ہے دلکش و دلپذیر
جو رہا ظاہر میں دنیا دار باطن میں فقیر
اسکے رنگ و بو پہ صدقے عنبر و مشک و عبیر

ہے سن ہجری و فصلی ہاتف اک مصرع میں خوب
شاعر بے مثل واقف۔ اس کا دیوان بے نظیر
۱۳۴۰ھ ۱۳۳۱ف

## عالی۔ جناب مولوی حکیم وحید الدین صاحب مہتمم شفاخانہ یونانی بیرن بلدہ

واقف کہ نامدار طبیبی ست ذی ہنر
عالی بگفت۔ گشت چو شایع کلام او
با امتیاز خاص بود شاعر دکن
دیوان ز واقف آمدہ سرمایۂ سخن
۱۳۴۱ھ